جو تھی پاک وہ خاک روئے زمین ۔ وہ تھی مَظہرِ وصفِ شمس برین

وہی خاک سب خاک ہے اب عیان ۔ جو اوّل وہ آخر نکر کچھ گمان

جو بیتُ الخلا کا وہ آبِ پلید ۔ وہ شربت کا جو آب ہے اے ولید

یہ ہر دو یکے نہر سے بیگمان ۔ ولے حکم رُتبے کا اونہر روان

جو بیتُ الخلا مین گیا پاک آب ۔ تو اِسپر ہوا حکم اوسکا شتاب

لکھے ایک داوات سے گر بشر ۔ ز قرآن و پوتھیۓ اہلِ سقر

وہ قرطاس دونو کا یک طور پر ۔ قلم ایک نیزے سے ہو سربسر

تو قرآن کو چومین ہمہ مومنین ۔ کہ منشورِ ایزد وہ ہے بالیقین

نہ تعظیمِ پوتھی کرین مومنان ۔ کہ ہے کافرون کا وہ جملہ بیان

قلم ایک ہی ایک داوات ہے ۔ وہ اوراق ہر دو یکے ذات ہے

ولے حکم دونو یہ ہے منفصل ۔ اگرچہ حقیقت مین ہین متصل

نو روشن ہوا اسّے نزدِ فہام
کہ ہر جائے پر حکم لازم مدام

نہوا اصل پر حکمِ فرع مقیم
کہ وہ عیبِ فرعی سے دائم سلیم

جو ہے اصلِ طاہر وہ طاہر مدام
کہ نورِ قدیمی وہ خیر الانام

نہ وہ حکمِ خلقت سے معیوب ہے
کہ لاریب قدّوس محبوب ہے

وہ ہی پاک نیران و گلزار سے
ہمہ اہلِ ایمان و کفار سے

وہ ہے اصلِ مطلق زکنزِ خفی
وہ ہی قیدِ خلقت سے دائم صفی

مقیّد نہو وہ کبھی زینہار
باوصافِ اہلِ جنان اہلِ نار

اگرچہ وہ ہے اصلِ ارض و سما
ولے اوسے لابد منزّہ سدا

خیوری یہ ربّی جو مقصود ہے
حقیقت مین مطلق وہ مسجود ہے

ہوا سورہ یوسف کا جبکہ نزول
کیا اوسکا معنے بیان تب رسول

ہوا حسنِ یوسف کا اظہر بیان
وہی ذکر ہر محفلِ مردمان

تو اسّے حمیرا ہوئی بس ملول
کہ ظاہر نہ ویسا یہ حسنِ رسول

یہ ہین خاتم الانبیا بالیقین
حبیبِ خدا رحمتِ عالمین

تو کیونکر نہ برتر ہوئے یہ حسین
زیوسف لہذا ہوئی پر حزین

تو صادر ہوئی یہ حدیثِ شریف
بلاریب مضمون اسکا لطیف

یہ کوزے مین دریا ہوا مستقر
یہ قطرہ بدریائے خیر البشر

نہین اسکا ممکن مفصّل بیان
ولے رشف اس بحر سے ہے عیان

خیوری یہ ہی بحرِ اصلِ اصیل

اگر دل مین اسطور ہو کچھ خیال
کہ اصل و فروعات مین انفصال

کہ نورِ نبی اصلِ جملہ وجود
ہوا اوسی سے نیران و گلزار بود

سگ و خوک و بز جملۂ مشرکین
اوسی نورِ طاہر سے ہین بالیقین

یہ طاہر نہ ناپاک ہین بالضرور
تو ناپاک ہو پاک سے در ظہور

تو اصل و فروعات مین اختلاف
کہو اب جوابِ زکی صاف صاف

سنو اے عزیز و جوابِ صواب
نہ ہو اسمین زنہار کچھ ارتیاب

غذا اصل ہے اور فرع کثیر
نہو اصل پر حکمِ فرع و فیر

رگو مین وہ دم اور پستا مین شیر
وہ صلب و ترائب مین نطفِ بشیر

وہ معدے مثانے مین بول و براز
اسیطور ہر جاے کر امتیاز

وہی ایک پتا غذا الا کلام
کہ نحل و زنابیر کا وہ طعام

وہ ہو نحل مین شہد فیہ شفا
وہ زنبور مین نیش از بسکہ دا

نہو اصل پر شاخ کا حکم نیز
تہ ہو اصل اپنے سے کچھ باتمیز

تو از عالمِ امر و خلقِ عزیز
نکو حکم تو چیست در جملہ چیز

ہو نان و نمک تہا غذائے رسول
وہی بس غذائے ہمہ ذی عقول

وہ شکمِ محمد مین عسلِ شفا
کہ وہ منقلب عین ہے پر صفا

کہ بول و براز و دمِ مصطفا
ہمہ طاہر و پاک سارے با وفا

پسینہ جو فائق ز بوئے گلاب
لگے جس بدن پر نہ اسکو عذاب

تھا انسے جو فضلات اے منصفین
کہو حکم کیا اونکا ہے بالیقین

تو دو حکم طاہر غذا ایک بس
کہان وہ معطر کہان یہ نجس ؟

اظہرت من نور حبیبہ صلے اللہ علیہ وسلم وانہ ظہر لذاتہ تعالیٰ وتقدست ہو صلے اللہ علیہ وسلم مظہر تام لذاتہ تعالیٰ ووجودہ رحمۃ للعالمین بالرحمۃ الاستوائیۃ بالنظر الی جمیع المخلوقات من حیث مخلوقیتہم ومرزوقیتہم ومظہریتہم بصفۃ الارادۃ والقدرۃ والحیاۃ والعلم والسمع والبصر والکلام وبالرحمۃ الامتنانیۃ بالنظر الی المومنین والمقتبسین من الانوار المحمدیۃ لانہ بہم رؤف رحیم لہ حسن قدیم وخلق عظیم اذ ہو سر الاحدیۃ من الکنوز الخفیۃ لولاہ لما ظہرت الربوبیۃ ہذا ملخصا فی الاشراقات الالہیۃ والمقامات الابہریۃ

جو پیدا نہوتا وہ خُلقِ عظیم ۔ تو پیدا نہوتا وہ خلقِ قدیم
قِدم سے ہوا جبکہ خُلقِ عظیم ۔ تو حادث سے پیدا ہوا وہ قدیم
دلا حُسنِ لیلیٰ سے پیدا ہوا ۔ وہ مجنون تو دل او سپہ شیدا ہوا
تو مجنون سے بھی حُسنِ لیلیٰ ہوا ۔ تو کچھ وصفِ ذاتی نہ مَیلا ہوا
کیا حُسن اپنے کو اوسپر فدا ۔ ہوئی اوسپہ صدقے بلا امترا
تو پیدا ہوا اومین یہ اِتّحاد ۔ کہ دو جان و یکتن وہ بَینَ العِباد
نہ زنہار مجنون سے لیلیٰ جدا ۔ نہ لیلیٰ سے مجنون جدا ہو سدا
کوئی حُسنِ لیلیٰ کو دیکھے اگر ۔ تو مجنو نکا لاریب اوسمین مقر
اگر حُسنِ مجنون کو دیکھے بَشَر ۔ تو لیلیٰ کو دیکھے چو نورُ البصر
وہ ایسے ہوئے مُتّحد اہلِ راز ۔ کہ ہو آب مین نمک جیسا گداز
سُنو اے عزیز و بصدقِ جنان ۔ لطیفہ یہ نمکین بسے خوش بیان
کہ گر ایک مَن آب ہو صاف تر ۔ تو یک مَن نمک اوسمین ڈالے بَشَر
گلے وہ نمک آب مین جب تمام ۔ ترازو مین پھر اُسکو تولین فہام

شنا و رنہ اسمین خلیلِ جلیل

نہ جبریل کا اسمین گا ہے گذر
ولے ہے طفیلی کا اِسمین مقر

قال معاذنا وملاذنا شفیع الرسل والامم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اخی یوسف اصبح وانا املح منہ رواہ العلامۃ فی التحریر والتحبیر وغیرہ من النحاریر المشاہیر علیہم رضوان اللہ القدیر

کہ لا بد یہ فرمانِ خیر الورا
شفیعِ خلائق بروزِ جزا

کہ یوسف اخی کا وہ حسن صبیح
ولے اُسسے یہ حسن میرا ملیح

وہ تھا حسنِ شیرین بلا امترا
ولے ہی یہ نمکین بسے دلربا

سنو اے محبانِ اہل جنان
کہ نمکین و شیرین مین فرق عیان

کہ خواہانِ شیرین زن و کودکان
جو ہین ناقصِ عقل و دین بیگمان

نہ دائم وہ مرغوبِ عالی نفس
کہ حلوا چو یکبار خوردند و بس

ہوا حسنِ شیرین سے فتنہ زنان
یہ نمکین ہوا رحمتِ ہر جہان

وہ تھا حسنِ خلقی بسے آشکار
نہ یہ حسن خلقیہ پروردگار

ہوا اسکا مداح خود وہ قدیم
کہ حسن تو لاریب خُلقِ عظیم

جو ہے عظمتِ خالقِ ہر سرا
وہ تیری صفت ہی تو حسنِ خدا

جو ہی سبقتِ رحمت کردگار
وہ حسنِ خدا خالقِ نور و نار

وہی حسن ہی ذاتِ خُلقِ عظیم
وہ ربُّ الخلائق رؤف رحیم

ان اللہ کتب کتابا قبل ان یخلق الخلق بالف عام علی ورقۃ آس ثم وضعہا علی العرش ثم نادی یا امۃ محمد ان رحمتی سبقت غضبی اعطیتکم قبل ان تسألونی وغفرت لکم قبل ان تستغفرونی ومن سبقۃ رحمۃ اللہ تعالی ان العوالم کلہا ۵ ؛

مُقیّد وہ ظاہر ہیں نزدِ فہام	ولے در حقیقت وہ مُطلق مدام

خُیُوری وہ ظاہر ہیں عبدِ خدا
خدا ہے وہ باطن ہیں بے امترا

قال فی الفتوحات المکیۃ بھذہ الکلمات الزکیۃ قولہ تعالیٰ وما رمیت نفی اذ رمیت اثبت ولکن اللہ رمی فنفی کون محمد صلی اللہ علیہ وسلم واثبت نفسہ عین محمد علیہ السلام وجعل لہ اسم اللہ فھذا ھو ترک العبودیۃ فی مقام الجمعیۃ انتھی قال فی روح البیان لما تجلی اللہ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم بصفۃ القدرۃ کان قد رمی بہ حین رمی وکان یدہ ید اللہ کما کشف لنا عن ھذہ الحقیقۃ فی قولہ ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم واعلم ان اللہ اسند القتل الی داؤد علیہ السلام فی قولہ وقتل داود جالوت وفرق کبیر بین عبد اضیف فعلہ الی نفسہ وبین عبد اضیف فعلہ الی اللہ لان العبد محل للآفات والحوادث واللہ منزہ عنھا واللہ المقوی

شعر
درّمانی المثنوی

مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ گفت حق	کارِ ما بر کارہا دارد سبق
گر بپرانیم تیر آن نی زماست	ما کمان و تیر اندازش خداست
تا نشد مغلوب کس این سر نیافت	گر تو خواہی آن طرف باید شتافت

یقول العبد المسکین اناہ اللہ رحمۃ الواصلین روی البخاری عن ابی ھریرۃ عبد الرحمن علیھما رضوان اللہ المنان قال اللہ سبحانہ لایزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی احبہ فاذا احببتہ کنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ ویدہ التی یبطش بھا ورجلہ التی یمشی بھا ولئن سئلنی لاعطینہ ولئن استعاذنی لاعیذنہ وروی البیھقی

تو زائد نہو ایک مَن سے وہ آب
کہ وزنِ نمک محو بے ارتیاب

نمک جب ہوا محو در ذاتِ آب
ہوا محو اَز ذاتِ خود وہ شتاب

تو وہ وزنِ ہستی جو تہا با قیام
وہ ثقلِ وجودی جو تھا اے فہام

او تھا مثلِ نُقطہ جو ہے غین پر
تو باقی رہا عین اے ذی بصر

دوئی سے ہوا پاک جب وہ شتاب
تو باقی رہا ایک مَن در حساب

لہذا یہ فرمانِ خیر الورا
ورودِ حسن داُنپہ صبح و مسا

کہ یہ حُسن میرا بسے سے ہے ملیح
نہ چون حُسنِ یوسف جو تھا وہ صبیح

کہ لاریب جب ذاتِ خیر الورا
جو نمکین صفت حُسن بے امترا

ہوئی محو در آبِ ذاتِ خدا
فنا سے ہوا اونکو حاصل بقا

تو بارِ بشر کا جو تھا اونہین نام
او تھا اونسے فی الفور وہ لاکلام

جو ظاہر مین تھی عبدیت مستعار
ہوئے اوسّے طاہر وہ طٰہٰ شعار

ہوا پاک نُقطے سے ظائے ظہور
تو باقی رہا ایک طائے طہور

تو جس بحر سے تہا نمک آشکار
ہوا محو اوسمین نکر اضطرار

نمک ہی جو ظاہر مین باطن مین آب
ملا آب مین آب اے کامیاب

ملے قطرہ جب بحر مین اے فہام
تو اُسوقت ہو بحر وہ لاکلام

لہذا یہ فرمانِ ربّ العلا
کہ یا نورَ نوری شفیعَ الورا

وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللہَ رَمٰی الآیۃ

نہ تونے چلایا وہ سنگریزہ مشت
کہ جب تو چلایا وہ کفار گشت

ولیکن چلایا اوسے کردگار
کہ احمد محمد سے ہے آشکار

وَطَوَى السَّمٰوَاتِ الْعُلٰى بِعُرُوْجِهٖ
طَيَّ السِّجِلِّ كَمَنْ لَهٗ رُكْبَانُهٗ

اَنْبَأَ عَنِ الْمَاضِيْ وَعَنْ مُسْتَقْبِلٍ
كَشْفَ الْغِنَاءِ وَكَمْ اَصَابَ بُرْهَانُهٗ

اَنْبَأَ عَنِ الْاَسْرَارِ اِعْلَانًا وَلَمْ
يُفْشِ السَّرِيْرَةَ لِلْوَرَا اِعْلَانُهٗ

حَاشَاهُ لَمْ تُدْرِكْ لِاَحَدٍ غَايَةً
اِذْ كُلُّ غَايَاتِ النِّهَايَةِ اٰنُهٗ

صَلّٰى عَلَيْهِ اللّٰهُ مَهْمَا زَمْزَمَتْ
كَلِمٌ عَلٰى مَعْنًى يَرُوْحُ بَيَانُهٗ

سُنو مجھسے نکتہ یہ اے دوستان
ہوئے متفق اسپہ جملہ مہان

کہ تاثیر ہے یہ نمک مین عیان
یہ اوسکے خصائص سے ہی بیگمان

کہ کانِ نمک مین گرے جب حمار
تو ہو منقلب عین بے اختیار

گلاوے اُسے جب وہ کانِ نمک
تو ہووی نمک وہ بلا شبہ و شک

کرے اُسکو تبدیل وہ بے خلاف
تو ہو خبثِ باطن سی وہ پاک صاف

گرے آب مین گر وہ ای ہوشیار
تو ہو محو اوسمین وہ بے اضطرار

نہو خبثِ اوّل سی کچھ بھی نشان
کہ پاکیزہ ہے وہ نمک بیگمان

لہٰذا یہ فرمان خیر الانام
عَلَیہِ صلوٰۃِ خدا و سلام

کہ یہ حسن میرا جو نمکین شعار
نمکسار میری محبت شمار

جو ہے نفسِ امّارہ مثلِ حمار
تو کافر وہ ناپاک نزدِ کبار

گرے حبِّ احمد مین گر وہ حمار
تو امّارگی سے کرے وہ فرار

تو ہو مطمئنہ بصدق و صفا
وہ مثلِ نمک پاک بے امترا

یہ طاعت جو میری وہ آبِ زلال
سگلے جون نمک اوسمین جو خوشخصال

والامام احمد علیہما رضوان اللہ الصمد بزیادۃ وفوادہ الذی یعقل بہ ولسانہ الذی ینکلم بہ وفی حدیث حذیفۃ عند الطبرانی علیہما الرضوان الربانی ویکون من اولیائی واصفیائی ویکون جاری مع النبیین والصدیقین والشہداء فی الجنۃ ھذا اول درجات السالکین فکیف مقام حبیب رب العالمین لولاہ لما خلق اللہ الاولین والآخرین وفی شانہ قد انزل فی کتاب اللہ من یطع الرسول فقد اطاع اللہ وقد قال معاذنا وملاذنا الاصدق من رآنی فقد رای الحق لانہ من نور اللہ القدیم سر الاحدیۃ در الکنز الخفیم ثم کیف لا یوضع مقامہ العظیم اسم ذات اللہ الکریم فیما قال اللہ فی کتابہ الاسنی وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی

شعر

شَمْسٌ عَلٰی قُطْبِ الْکَمَالِ مُضِیْئَۃٌ — بَدْرٌ عَلٰی فَلَکِ الْعُلَا سَیَرَانُہٗ
اَوْجُ التَّعَاظُمِ مَرْکَزُ الْعِزِّ الَّذِیْ — لِرَحَی الْعُلَا مِنْ حَوْلِہٖ دَوَرَانُہٗ
فَالْخَلْقُ تَحْتَ سَمَاءِ عُلَاہُ کَخَرْدَلٍ — وَالْاَمْرُ یُبْرِمُہٗ ھُنَاکَ لِسَانُہٗ
وَالْکَوْنُ اَجْمَعُہٗ لَدَیْہِ کَخَاتَمٍ — فِیْ اِصْبَعٍ مِّنْہُ اَجَلُّ اَکْوَانُہٗ
وَتُطِیْعُہُ الْاَمْلَاکُ مِنْ فَوْقِ السَّمَا — وَاللَّوْحُ یُنْفِذُ مَا قَضَاہُ بَنَانُہٗ
وَلَہُ الْمَقَامُ وَذٰلِکَ الْمَحْمُوْدُ مَا — لَمْ یُدْرَ مِنْ شَانٍ تَعَالٰی شَانُہٗ
ھُوَ دُرُّ بَحْرِ الْوَحْدَۃِ وَخُصُّھَا — ھُوَ سَیْفُ اَرْضِ عُبُوْدَۃٍ وَمَعَانُہٗ
ھُوَ ھَاؤُہٗ ھُوَ وَاوُہٗ ھُوَ بَاؤُہٗ — ھُوَ سِیْنُہٗ وَالْعَیْنُ بَلْ اِنْسَانُہٗ
ھُوَ قَافُہٗ ھُوَ نُوْنُہٗ ھُوَ طَاؤُہٗ — ھُوَ نُوْرُہٗ ھُوَ نَارُہٗ ھُوَ رَانُہٗ
عَقَدَ اللِّوَاءَ بِحَمْدِہٖ وَثَنَائِہٖ — فَالدَّھْرُ دَھْرٌ وَالْاَوَانُ اَوَانُہٗ
وَالْعَرْشُ وَالْکُرْسِیُّ ثُمَّ الْمُنْتَھٰی — مَجْلَاہُ ثُمَّ مَحَلُّہٗ وَمَکَانُہٗ

تو اندک شنو ہم ز نمکین کلام | شفائے تو مقصودِ من صبح و شام

نہ چین بر جبین ہو نوای خویش بین | تو داخل نکر مجکو در مشرکین

نہ کہہ مجکو تو بدعتی اے فہیم | کہ بدعت سے ہی قلب تیرا سقیم

کہ مدہوش ہی نفس تیرا ضرور | زا ہوائے اَمّارگی و شرور

نہ کچھ سامعِ حق وہ لیل و نہار | کہ انصاف سے اوسکو دائم فرار

دلا کر بیان اب تو حسنِ رسول | نہو طعنِ منکر سے ہرگز ملول

نمک مین جو تاثیر ہے بالیقین | وہ اَظہر من الشّمس اے منعمین

کہ لاریب وہ محو ہو در طعام | نہ باقی رہی اوسمین ہستی کا نام

ولیکن وہ پیدا کرے در طعام | مقامِ قبولیّت و احترام

تناول کرین اوسکو جب خاص و عام | تو محظوظ اُسّے وہ خوشنود تمام

لہٰذا یہ فرمانِ خیر الورا | شفیع خلائق بلا امترا

کہ یہ حسن میرا نمکین صفات | تو ہی اقتضا اُسکا از روئے ذات

کہ مصروف میری ہمہ ہو مدام | یہی اُسکا مطلوب در صبح و شام

کہ مقبول ہو اُمّتی ہر زمان | درین دارِ دنیا و دارِ جنان

لہٰذا کیا عمر اپنی تمام | اسی درد و غم مین بصد اہتمام

کہ یہ اُمّتِ مذنبہ خاکسار | خدایا تو کر فضل انپر نثار

بہ بخشائے بر حالِ این مذنبین | بہ فضلیکہ داری تو بر مومنین

مکان لامکا مین یہی وردِ جان | کہ یا ربِّ ارحم برین عاصیان

یہی حسرتِ دل یہ دلکی مرام | کہ ہو جملہ اُمّت بدار السّلام

تو محبوبِ ایزد وہ ہو بالیقین	کہ ہے وہ محبِ شہِ مرسلین
لہٰذا یہ فرمانِ پروردگار	یہ ہے آلِ عمران مین آشکار

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

بفرمائے اونکو تو اے مصطفا	کہ ہے جنکا حُبِّ خدا ادّعا
کہ گر حبِّ مولا مین ہو صادقین	تو میری اطاعت کرو بالیقین
اگر ہو محبینِ پروردگار	تو ہو اتّباعی یہ تم جان نثار
کہ حبِّ محمّد وہ حبِّ خدا	یہ موقوف اوسپر بلا امترا
نہ جس دلمین قائم وہ حبِّ رسول	تو حبِّ الٰہ سے وہ ہو کب قبول
خدا کی محبت کا ہے یہ نشان	کہ حبِّ محمّد سے ہو پُر جنان
تو محبوب اوسکو بنا دے خدا	وہ محبوبِ ایزد بہر دوسرا
یہ ہی رمز پُر مغز اسمین نہ پوست	کہ جو دوست کا دوست اپنا وہ دوست

خیوری بیان تیرا نمکین ہے
دلِ پُر حزین کی یہ تسکین ہے

وے زخمِ اعدائے دین پر مدام	نمک پاش ہے یہ بصد اہتمام
کہ بیشِ وہابی عدوِّ خدا	ہوئی شرک مدحِ شفیعُ الورا
ولیکن بیان کر تو نمکین دوا	کہ شاید شفا اوسکو ہو کچہہ عطا
کہ صفرائے انکار اوسکا رفیق	حسد کی حرارت سے ہی وہ حریق
اُسے ترش و نمکین سزاوار ہے	نہ شیرین بیان اوسکو درکار ہے
مگو شہدِ شیرینِ شکر فائق ست	کسے را کہ سقمونیان لائق ست

جو ہے اصل حسنِ حبیبِ خدا | قدیمی تجلی وہ ہے بے ابتدا

قال نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام علی آلہ واصحابہ البررۃ الکرام یا جابر ان اللہ تعالیٰ خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہ ثم خلق منہ کل خیر و خلق بعدہ کل شیئ رواہ البیہقی وعبد الرزاق رض

وہ نورِ خدا ہے وہ حبِّ الٰہ | وہ فیضِ قدیمی بلا اشتباہ
جو دیکھیں اُسے زندگانِ جہان | تو فی الفور مُردہ وہ ہون بیگمان
وہ مُردون پہ جلوہ نما ہو اگر | تو ہون جملہ زندہ چو روزِ حشر
قیامِ قیامت کا ہو پھر زمان | تو ہو وردِ نفسی و نفسی عیان
لہذا رکھا خالقِ دوجہان | جمالِ حبیبی کو دائم نہان
کہ وہ حسنِ ازلی نہ او سکو زوال | وہ ہے لائقِ خالقِ ذوالجلال
وہ مسجودِ مطلق وہ محی العظام | وہ معبود برحق نہ اسمین کلام

قال فی روح البیان والتحبیر وبحر الحقائق والجامع الکبیر عن الامام الواسطی وغیرہ من الکبار قدس اللہ سرہ المنیر ان اللہ تعالت اسماؤہ وتوالت نعماؤہ قد اخبرنا بالآیۃ الکریمۃ من شان حبیب اللہ ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ بان البشریۃ فی نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام وعلی آلہ واصحابہ البررۃ الکرام عاریۃ واضافیۃ لا حقیقیۃ فظاہرہ مخلوق و باطنہ حق ولذا تجوز السجدۃ لباطنہ دون ظاہرہ لان ظاہرہ من عالم التقیید و باطنہ من عالم الاطلاق انتہی قال العارف الربانی سیدی عبد الوہاب الشعرانی قدس اللہ سرہ النورانی فی درر الغواص لو اظہر ذرۃ من معجزاتہ التی ہی من خصائصہ فی ہذہ الدنیا لتلاشی العالم باسرہ لانہا کلہا تجلیات لیس فیہا رائحۃ الکون المقید فہی بریئۃ عن المثلیۃ ولہا الطلاق وعدم الانقطاع انتہی وتفصیل ہذا التبیین فی کتاب نجم المبین واللہ یہدی بہ المتقین

ہوا اُمّتی اونکا وِردِ زبان — نہ وِردِ زبان بلکہ وِردِ جنان

کہ از مہد تا لحد یہ التجا تھی — کہ این اُمّتِ من بہ بخش ای خدا

کیا جملہ ہمّت کو اونپر فدا — نہ اُمّت سوا رب سے کی التجا

ہوئے محو چون ملح خیر الانام — بغمہائے اُمّت جو مثلِ طعام

نمک وار اس غم سے زہرا گداز — کہ رازِ محمدؐ سے وہ اہلِ راز

کیا صرف حسنین خیر الانام — کہ ہو اُمّتی اِسّے عالیمقام

تو اُمّت کو حاصل ہوا بالیقین — مقامِ قبولیتِ صالحین

اِنَّ الاَرضَ یَرِثُہَا عِبَادِیَ الصّٰلِحُونَ الایۃ

تو گلزار ہوا اونپہ نارِ جحیم — کہ نورِ محمّدؐ سے قلبِ سلیم

مشرّف وہ از دیدِ پروردگار — خدا اوسسے راضی نہان آشکار

خیوری تجھے بس لقائے حبیب
اسی مین لقائے خدا ہے نصیب

جو مطلوبِ ایزد ہوا وہ لقا — تو ہی اوس لقا مین لقائے خدا

لقائے حبیبی جسے ہو نصیب — وہ منظورِ ذاتِ خدائے مجیب

جو دیدِ محمّدؐ سے مسرور ہی — خدا دید اوسکی سے منظور ہی

تو چاہی رضا اوسکی لابد خدا — کہ راضی ہوئے اُسّے خیر الوریٰ

وہ یوسف جو صدّیقِ پروردگار — ہوا حسن اونکا بسے آشکار

وہ یکتا جو لاریب محبوب ہی — حبیبِ خدا بسکہ محبوب ہی

تو پرتے ہوئے اُنپہ ستّر ہزار — نہ دیکھے کوئی اونکو جز کردگار

تجلی الحق فی لباس النار علی حسب ارادۃ موسیٰ علیہ السلام وھذہ سنتہ تعالیٰ الا تری الی جبریل
انہ لما علم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یحب دحیۃ فکان اکثر مجیئہ الیہ علی صورۃ دحیۃ
رضی اللہ عنہ ووصفت البقعۃ وھی قطعۃ من الارض لا شجر فیہا بکونہا مبارکۃ لانہ حصل
فیہا ابتداء الرسالۃ وتکلیم اللہ لموسیٰ علیہ السلام وھکذا محال تجلیات الاولیاء العظام
قدس اللہ اسرارھم بلطفہ التام وشتان بین شجرۃ موسیٰ وشجرۃ آدم علیہما السلام فان شجرۃ
آدم علیہ السلام اشارۃ الی شجرۃ الربوبیۃ ولذا قال ولا تقربا ھذہ الشجرۃ فان آدم علیہ السلام
اذ کان متصفا بصفات الحق اراد العیشۃ بحقیقتہا فنہاہ الحق عنہا وقال ھذا شیئ لم یکن لک
فان حقیقۃ الازلیۃ تمنعہ من الاتحاد بالحدثیۃ ولکن اظہر ازلیتہ من الشجرۃ وسکر آدم ولم
یصبر عن تناولہا فاکل منہا حبۃ الربوبیۃ فکبر حالہ فی الحضرۃ ولم یطق فی الجنۃ حملہا فاھبط
منہا الی معدن العشاق ومقر المشتاق فشجرۃ آدم شجرۃ الاسرار وشجرۃ موسیٰ شجرۃ النار
او شجرۃ الانوار فالانوار للابرار والاسرار للاخیار فاذا جاز ظہور الحق من الشجرۃ وکذا الکلام
من غیر کیف ولا جہۃ فاولی ان یجوز ذلک من الشجرۃ الانسانیۃ النورانیۃ وللہ در من قال ھذہ الاشعار

این چہ جامست اینکہ اندر کام مستان ریختی	بادۂ عشقست اندر ساغر جان ریختی
چون ملک را تاب مستیئ مئے عشقت نبود	لاجرم یک جرعہ بر خاک انسان ریختی
صد ہزاران جام خورد نعرۂ زد ہل من مزید	تا زخود چیزی میان بادہ پنہان ریختی
من نمیدانم چہ بود آن مایۂ اندر جام می	عکس رویت بود یا خود آب حیوان ریختی
از درون جان ندا سر انا الحق سر بزن	زان مئے وحدت کہ بر ارباب عرفان ریختی

ولذا قسموا التوحید الی ثلاث مراتب مرتبۃ لا الہ الا ھو ومرتبۃ لا الہ الا انت ومرتبۃ لا الہ الا انا والمتکلم
فی الحقیقۃ ھو الحق تعالیٰ بکلام قدیم ازلی وانما الکون خیال وھو الحق فی الحقیقۃ فلا موجود الا ھو کما لا مشہود الا ھو

نہ زنہار دنیا مین اوسکا ظہور | کہ ہی یہ سرائے مقید ضرور
کہ پیشِ قدیمی نہ ہرگز قیام | اوسے جو کہ حادث مقید مدام
ولے جب اُٹھے اُسسے قیدِ وجود | تو مطلق رہے جو کہ اصلی وہ بود
لگے برف نابود ہو از وجود | کہے وہ انا الماء اصلی جو بود

خیوری کہے جب انا الحق شجر
تو کیونکر نہ ظاہر وہ ہو از بشر

کہ وہ مظہر موسوی نار ہے | تو یہ منظر نورِ انوار ہے
جو وہ مخزنِ صائمہ نار ہے | تو یہ معدنِ سرِّ اسرار ہے
یہ ہی سدرۃ المنتہائے کمال | ہوا ختم اسپہ جلال وجمال
یہ مقصود از جملۂ کائنات | یہ مسجودِ املاک وذاتِ صفات
یہ ابدی شجر ہے زباغ احد | یہ مثمر باثمارِ ذاتِ صمد
ہوا اصل اسکا و دادِ قدم | باغصانِ عرفان ونشوِ نعیم
یہ اصلِ اصیلی شجر بیگمان | کہ ہین اسکے اغصان در لامکان
یہ ہی اصلِ اشجارِ خلق خدا | تو ثمرِ خدائی کا اسسے نما
نہوتا اگر اس شجر کا وجود | تو پیدا نہوتا خدائے ودود

تو کیونکر نہووے انا الحق روا
خیوری ازین سدرۃ المنتہا

قَالَ اللّٰہُ جَلَّ جَلَالُہٗ وَعَلٰی لِلْعَالَمِیْنَ عَمَّ نَوَالُہٗ فِی کِتَابِہِ الْمُبِیْنِ فَلَمَّآ اَتٰاھَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبَارَکَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ یّٰمُوْسٰی اِنِّیْٓ اَنَا اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ

وہ لابد تجلیٔ نورِ قدیم | زفیضانِ او نورِ عرشِ عظیم
تو اسپر بھی لاکھون ہوئے جان نثار | رجال اللہ با شوق پروانہ وار
جو مُردہ جنان تھی وہ زندے ہوئے | وہ زندے ہمہ اُنکے بندے ہوئے
کیا قطع زنّار لاکھون رجال | تو اُسسے ہوا اُنکو حاصل وصال
ہوئے قطع دنیا سے اونکے جنان | تصدق وہ بر سیدِ انس وجان
کجا حسن یوسف زوصفِ عمیم | کجا حسنِ محمودِ ذاتِ قدیم
طنانیرِ زنبور ہو کب نظیر | بالحانِ داؤدِ روشن ضمیر
یہ امت جو گذرے بران پلصراط | جو باریک ہی بال خائف زراط
وہ ہی موئے مژگانِ مالک ضرور | کرین نیک و بد جملہ جسپہ عبور

روی ابن الجوزی والعلامۃ الصفوری رحمہما اللہ بلطفہ الوفی کما ھو فی نزھۃ الانکار وغیرہ من زبر اولی الابصار ان الصراط ھو شعرۃ من جفن مالك خازن النار

تو اوسوقت لاریب حسنِ حبیب | وہ فرمائے جلوہ بشانِ عجیب
وہ پردے جو ہین اسپہ ستر ہزار | وہ ہون دور تب نور ہو آشکار
جو ہی اصل صورت وہ ہو جلوہ گر | تو چشمِ سر انرسے دیکھے بشر
تو نطق فوادی سے ہو مشتہر | کہ سبحان ربّی نہ ہے یہ بشر
قیامت پہ ہووے قیامت نمود | کہ محمودِ محمود کا ہو شہود
اُسی حسن سی مست ہون خاص و عام | اُسی حال مین پل پہ گذرین تمام
جو ہی ذرّہ عشقِ خیر الورا | شغافِ جنان ہین وہ مخفی سدا
تو اوسوقت جلوہ کری وہ ضرور | کہ تبلی السرائر کا ہووے ظہور

کسیکہ عاشق و معشوق خویشتن ہمہ اوست
حریف خلوت و ساقی و انجمن ہمہ اوست

اگر بدیدۂ تحقیق بنگری بینی
کہ ناظر دل و منظور جان و تن ہمہ اوست

چو اندر آئینۂ دلم قفا و عکس رخش
بجان نمود کہ در جسم و جان من ہمہ اوست

اگر تو خرقۂ ہستیئے خویش پارہ کنی
نظر کنی کہ درین ثوب و پیرہن ہمہ اوست

مگو کہ کثرت اشیا نقیض وحدت ہست
تو در حقیقت اشیا نظر فگن ہمہ اوست

ھذا ملخص ما فی نجم المبین من زبر المہرۃ المحققین کبحر الدرر و روح البیان والعرائس والبیان

یہ ہی شرط محبوبیت اے فہام
کہ محبوب محجوب لابد مدام

قال اللہ تعالٰی اسماؤہ و توالت آلاؤہ فی الحدیث القدسی اولیائی تحت قبائی لا یعرفہم
غیری ھکذا فی الکلمات القدسیہ والبریقۃ المحمودیہ والاشراقات المحمدیہ

یہ فرمان خلاق ہر دو جہان
کہ محبوب میرے وہ دائم نہان

قبائے خدا سے وہ محجوب ہین
کہ محجوب ایزد وہ محبوب ہین

نہ ہو او نسے ماہر کوئی جز خدا
کہ محجوب مولا وہ بے امترا

عروسہ کو دیکھے جو اوسکا عریس
کہ ہے وہ قرین بحسن نفیس

نہ زنہار دیکھین اوسے جو عوام
کہ ہے غیرت عشق یہ لا کلام

کیا حسن یوسف کو پیش زنان
بسے آشکارا خدائے جہان

تو قطعن ایدیہن ہوا جلوہ گر
ہوا حسن یوسف کا بس یہ اثر

بریدہ ہوئے دست از دست خویش
ملا حسن یوسف سے یہ اونکو ریش

جمال حبیبی کو پروردگار
رکھا ہے سے پوشیدہ لیل و نہار

کہ لائق نہین اوسکو دیکھے ورا
کہ ادراک خلقت سے وہ ماورا

شب و روز دائم جو اہلِ شعور — ولے اُس سے ہرگز نہ اونکو نفور

نمک سے کرین ابتدائے طعام — او سی پر کرین ختم ہر صبح و شام

تو ہے مرضِ ہفتاد کی یہ دوا — روایت کیا اسکو شیرِ خدا

جُذام و دگر برص دردِ گلُو — بھی دردِ شکم ضرس بے گفتگو

اسیطور دیگر جو ہین سخت دا — وہ انکی دوا ہے بلا اِشتبا

روایت حُمیرا سے یہ آشکار — رضائے خدا اونپہ دائم نثار

کہ اسطور فرمانِ خیر الورا — عَلَیہِ صَلٰوۃ و سلام خدا

کہ گر پیشِ ہر چیز کھاوین نمک — کرین ختم اوسپر بلا شُبہ شک

تو ہشتاد و سہ صد بلا کی دوا — نمک ہے بفضلِ خدائے سما

نہ جس مرض سے ہو شفا از دوا — یہ اوسکی دوا اِس سے لا بد شفا

یہ فرمانِ شاہِ سماک و سمک — کہ خیرِ ادام شما این نمک

یہ جملہ اِداموں کا سردار ہے — کہ حُسن حبیبی یہ سردار ہے

جو حُسنِ حبیبی وہ نمکین ہے — تو نمکین مین جملہ تمکین ہے

اِسی سے خیوری کو تسکین ہے
کہ حُسنِ حبیبی وہ نمکین ہے

عن سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ انہ قال قال شفیع الرسل والامم صلی اللہ علیہ وسلم اذا اکلت فابدأ بالملح واختم بالملح فان الملح شفاء من سبعین داء منہا الجذام والبرص ووجع الحلق والاضراس والبطن وعن عائشۃ الصدیقۃ رضی اللہ عنہا کل الملح قبل کل شیئ وبعد کل شیئ دفع اللہ عنہ ثلاثمائۃ وثمانین نوعا من البلاء اھونہا الجذام وقد قال علیہ الصلوۃ والسلام وعلی آلہ

تو اسطور دوزخ کرے تب ندا ‏ ‏ چنانچہ یہ فرمان خیر الورا

مُر مُر یا مومن فان نورک قد اطفیٰ لھبی رواہ الطبرانی فی الکبیر وغیرہ من النحاریرؓ

کہ اے اہلِ ایمان واہلِ سرور ‏ ‏ بتعجیل کر اب تو مجھسے مرور

کیا نور تیرے نے ایسا ظہور ‏ ‏ کہ مُطفا ہوئی لہب میری زنور

ہوا سرد اُس نور سے یہ محرور ‏ ‏ تو لاریب سوزش ہوئی مجھسے دور

مُجھے خوف ازبسکہ ہے بالضرور ‏ ‏ کہ ہو عیش جنت کا مجھ مین ظہور

تو کسطور تعذیبِ اہلِ شرور ‏ ‏ وہ ہو مجھسے اس دارین بے فتور

خیوری درانوقت با صد مراد
بصر او سکو دیکھے جو دیکھے فواد

دل و دیدہ اوسوقت با اتحاد ‏ ‏ کہ دل دیدہ و دیدہ ہووے فواد

جو صدیق یوسف علیہ السلام ‏ ‏ چو عامی وہ نزدیکِ خیر الانام

ہوا ظاہری حسن اوسپہ نثار ‏ ‏ کہ عامی کو ظاہر زیور درکار

ملا باطنی حسن کا اختصاص ‏ ‏ حبیبِ خدا کو جو شاہِ خواص

کہ خاصونکو مخصوص باطن مدام ‏ ‏ چہ جائیکہ ہین وہ اخص العظام

لہذا کیا اوسپہ جانہا نثار ‏ ‏ خواص الٰہی سے نے پروانہ وار

اسیطور اس شمع پر ہے فدا ‏ ‏ الیٰ یوم دین جانِ ہر باوفا

جو تہا حسنِ یوسف وہ شیرین چو قند ‏ ‏ مگس وار اوسپر زنان پائی بند

وے اُحسن تہا جو کہ نمکین شعار ‏ ‏ حبیبِ خدا پر ہوا وہ نثار

نمک مین یہ تاثیر عالی مقام ‏ ‏ کہ اوسکو تناول کرین در طعام

جہان ذکرِ حسنین ہووے بیان
تو ہون وہ شہیدِ جہنم و ہامان

سُنے کربلا کا وہ جور و جفا
ہوا اشقیا سے جو بر اصفیا

تو اُنمین جو ہین از رگانِ یزید
وہ پُرخون زخونِ فسادِ و لید

وہ اُسوقت حرکت کرین باعناد
تو ہون شمرِ ملعون وابنِ زیاد

کوئی ابنِ سعد و کوئی ہو سنان
وہ فوجِ یزیدی بڑے پہلوان

خدایا تو کر اونکو ابنِ یزید
کہ ہون تیرے جذبے سے حرِّ سعید

خیوری وہ ربی جو محیی العظام
نظر سے کرے زندہ مُردہ انام

دمِ عیسوی کا یہ لابد مقام
تنِ مُردہ زندہ کرے لا کلام

دمِ مُصطفا کو دیا بالیقین
خدا نے یہ رُتبہ ذرا شک نہین

کہ جسم و دل مُردہ زندہ کیا
پس زندہ اونکو وہ زندہ کیا

تو لاکھون دلِ مُردہ زندہ ہوئے
دمِ مُصطفا کے وہ بندے ہوئے

نہین بلکہ یہ رُتبہ حق نے دیا
غلامانِ احمد کو اے اتقیا

کرامت وہ انکی بسے آشکار
یہ ہی معجزے کا حقیقت مین کار

دلِ مُردہ تن زندہ ہین منکرین
نہ مانے کبھی اوسکو وہ مفسدین

کہ منکر ہوئے وہ کرامات کے
وہ منکر حقیقت مین آیات کے

قال العلامة ابن السبکی تاج الدین فی طبقاته رحمه الله المتین و ایضاً مذکور فی فتح المبین فی انواع کرامات الصالحین و منها احیاء الاموات کما هو مروی مسنداً بالطرق العدیدة عن جماعة الشیوخ الحمیدة کسیدنا و سندنا عبد القادر الجیلانی قدس الله سره النورانی والشیخ

واصحابه الکرام سیدا داملکم اہلبیت لذانی الاحیاء و شرح الشفاء للعلامة الحفوی و نزهة الصفوی

جو معمول دنیا مین نمکین طعام ۔ کرین تحفت و پیش انکو حب خاص و عام

تو ہو انمین داخل ہمہ خوب چیز ۔ نمک او نمین ہرگز نہووے عزیز

تو مردود وہ نزد اہل مذاق ۔ نہ مقبول زنہار نزد حذاق

یہ ہی رمز اسجا پہ اے نکتہ دان ۔ یہ ہی نکتہ نمکین نہ شیرین بیان

کہ جس دلمین لاریب یہ اعتقاد ۔ کہ ہے وحدہٗ ذات رب العباد

قدیمات جملہ صفات خدا ۔ خدا پاک شرکت سے بیشک سدا

جو ہین مرسلین و ہمہ انبیا ۔ وہ ہین بندگان خدا اصفیا

صلوٰۃ و زکوٰۃ و وہ حج و صیام ۔ کرے وہ ادا سبکو با اہتمام

کرے شفقت و خلق سے وہ کلام ۔ کرے جود و انعام حسب المقام

کرو فرض و سمین ہمہ خوب خو ۔ ولے حب احمد سے نمکین نہو

وہ مردود ہے اور مطرود ہی ۔ وہ شداد ہے اور نمرود ہی

اگرچہ وہ صورت مین انسان ہی ۔ ولیکن وہ سیرت مین شیطان ہی

نہ ہرگز وہ مقبول نزد خدا ۔ نہ زنہار مقبول بین الورا

وہ ہر دو جہانمین ذلیل و رجیم ۔ وہ ملعون اہل عذاب جحیم

عزیزیکہ ہر کہ از درش سر بتافت ۔ بہر در کہ شد ہیچ عزت نیافت

ہمارے زمانے مین وہ بے نمک ۔ عدو خدائے سماک و سمک

موحد کہین آپ کو وہ لئام ۔ کرین انبیا کی اہانت مدام

وہ ہین دشمن اہل بیت رسول ۔ خصوصاً وہ اعدائے لخت بتول

کعقد لا مع اللہ من غیر تفاوت بینھما و حقیقتہ ان اللہ تعالیٰ لو کان من شانہ التمثل فتمثل للناس لفعل معہ عین ما فعل مع نبیہ من غیر فرق فکان العقد مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم صورۃ العقد مع اللہ بل حقیقتہ فالآیۃ کقولہ تعالیٰ من یطع الرسول فقد اطاع اللہ فکل ما صدر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم صدر عن اللہ فمبایعتہ مبایعۃ اللہ کما ان طاعتہ طاعۃ اللہ وقولہ تعالیٰ ید اللہ فوق ایدیھم زیادۃ التصریح فی مقام عین الجمع لحصول ھذا المعنی الاطلاقی مما قبلہ وھذا مخصوص لہ علیہ الصلوٰۃ والسلام ولذا قال من رانی فقد رای الحق وفی ھذا المقام قال الحلاج انا الحق وابو یزید البسطامی سبحانی سبحانی ما اعظم شانی وابو سعید الخراز لیس فی الجبۃ غیر اللہ قدس اللہ اسرارھم وافاض علینا انوارھم ھذا ملخص ما فی نجم المبین لرجم الشیاطین

کہ بالفرض ہوتا یہ ممکن اگر
کہ بنتا خدا شکلِ زیبائے تر

تو ہوتے مریدِ خدائے انام
بلا واسطہ فیض پاتے مدام

تو لاریب ویسا ترے دست پر
جو بیعت ہیں مریدان زن و بشر

یہ ہے خلعتِ جمع بس آشکار
خدا نے کیا خاص تیرا شعار

کہ تیری اطاعت بلا قیل و قال
وہ ہی طاعتِ خالقِ ذوالجلال

ہمہ وقت ہر جا یہ ہے یہ ندا
محمد خدا سے نہ ہرگز جدا

خدا ذاتِ یکتا محمد صفات
وہ پنہاں یہ ظاہر وہی ایکذات

صفت اور موصوف ہی ایکذات
قِدم کی صفت ہی قدیمہ صفات

لہذا یہ فرمانِ خیر الورا
درود خدا او نپہ صبح و مسا

کہ دیکھا مجھے جسنے ای باوداد
تو لاریب دیکھا خدائے عباد

ابی عبد اللہ البسری والشیخ الاھدل والشیخ ابی یوسف الدھمانی وغیرھم رضی اللہ عنھم ثم
قال ولا سبیل الی استقصاء ما یحکی فی ھذا النوع لکثرتہ وانا نومن بہ انتہی وتفصیل
ھذا التبیین فی کتابی نجم المبین لرجم الشیاطین ھ ؁

خدا نور سے اونکو لے نور عین	کہ دیکھیں نہ وہ عین کو مثلِ غین
ید موسوی ہین جو تھا نورِ تام	ہوا اونکو حاصل بوقتِ کلام
وہ در ابتدا بر جبینِ کلیم	ہوا پھر وہ بر دستِ موسیٰ رقیم
یہ تھا نورِ احمد سے اونکو نصیب	کہ لاریب ہین وہ نقیبِ حبیب
ولے دستِ احمد کا ہے یہ مقام	کہ اِنّا فتحنا مین وہ لا کلام

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ الآیۃ ؛

یہ فرمانِ خلّاقِ ربُّ الورا	کہ یا نورِ نوری زکنزِ خفا
مُبایع جو تیرے بصدقِ جنان	خدا کے مُبایع وہ ہین بیگمان
مُریدانِ محبوبِ خیرُ الورا	مُریدانِ ایزد بلا امترا
ہوا جو کہ بر دستِ احمد مُرید	یدُ اللہ سے بیشک ہوا وہ رشید
کہ دستِ محمّد وہ دستِ خدا	خدا سے نہ زنہار ہی تو جُدا
یہ فرمانِ ایزد کہ ہے مُصطفا	تو اس مصطفائی سے ازبس عُلا
کہ دست تو لاریب دستِ قدیم	قِدَم سے یقیناً یہ وصفِ عظیم
خدا دست سے ہی بلاریب پاک	کہ یہ وصفِ اربابِ سمک و سماک
یدُ اللہ سے لاریب ہے یہ مُراد	ہوئے متفق اسپہ اہلِ سداد

قال فی التحبیر و روح البیان وغیرھما من زبر اھل الاتقان ان عقد المیثاق مع الرسول

وہ نورِ خدا رحمتِ عالمین
کہ ہے خاکِ پا اونکا عرشِ برین
نہوتے اگر وہ حبیبِ عزیز
تو پیدا نکرتا مَین آدم کو نیز
نہوتے محمد اگر آشکار
تو پیدا نکرتا مَین گلزار و نار
اِسے بیہقی نے روایت کیا
تو حاکم نے حکمِ عنایت کیا
یہ ہے نوع مرفوع سے بالیقین
ہوا اونسے راضی جہان آفرین

قال الله تعالیٰ یا محمد لقد خلقت الدنیا واهلها لاعرفهم کرامتك ومنزلتك عندی ولولاك لما خلقت الدنیا رواہ ابن عساکر والعلامۃ الزرقانی کما هو فی شرح المواهب للقسطلانی رضی الله عنهم

وہ ابنِ عساکر جو ہین معتبر
محدث بسے متقی باخبر
وہ راوی بہ تحقیق نزدِ کبار
یہ شرح مواہب مین لابد نگار
کہ اسطور فرمانِ ربّ الانام
کہ یا نور نوری علیک السلام
کیا مینے پیدا یہ جملہ ورا
ہمہ اہلِ دُنیا چہ ارض و سما
کہ نزدیک میرے جو تیرا مقام
وہ تیرے منازل جو غالی مرام
کرون اُنسے ماہر ہین سکو مدام
تو ہو رتبہ تیرا عیان در انام
نہوتا یہ ظاہر جو تیرا وجود
تو دنیا کو پیدا نکرتا ودود
نہوتے سماوات و فرشِ زمین
نہ لوح و قلم اور عرشِ برین
نہ رضوان و حور و قصورِ جنان
نہ وہ نار و مالک نہ یہ مذنبان

خیوری نہ امکانِ وصفِ قدیم
کہ وصّاف حادث بوصفِ عدیم

اگرچہ با نوارِ عرشِ عظیم
تو پیشِ محمد وہ فرشِ مقیم

کہ ذاتِ محمد وہ نورِ خدا
ز نورِ خدا ہے ظہورِ خدا

جو ظاہر مین ہی برف باطنمین آب
وہی آب ہی برف بے ارتیاب

ولے نام و صورت کا فرقِ عیان
حقیقت مین ہی ایک ای نیکدان

نہ ہی برف سے آب ہرگز جدا
محمد خدا سے محمد خدا

وہ ظاہر مین لاریب عبدِ خدا
خدا ہی وہ باطن مین بے امترا

وہ نور قدیمی وہ روح الٰہ
وہ مسجود برحق بلا اشتباہ

خدا و جدا مین یہی فرق دان
کہ اسفل سی اعلیٰ مین ہو بے نشان

وہی نقطہ سے زیر و بالا عیان
اوسی ایک نقطے سے جملہ جہان

وہی ایک نقطہ جو نورُ البصر
منور ہوا جیسے شمس و قمر

خیوری وہ ہے نقطِ نورِ خدا
اوسی سے ہوا ہے ظہورِ خدا

قال شفیع الرسل والامم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوحی اللہ الی عیسے علیہ السلام ان آمن بمحمد وامر امتك ان یومنوا به فلولا محمد ما خلقت آدم ولا الجنة ولا النار رواہ البیہقی وغیرہ کنیتہ حاکم وصححہ عن بن عباس علیہم رضوان اللہ ملک الناس ۵

کیا حکم عیسےٰ کو پروردگار
کہ احمد پہ ہو جان و دل سے نثار

کہ لا تو محمد پہ ایمان بجان
کہ لاریب وہ جانِ جانِ جہان

جو تیری یہ امت ہمہ خاص و عام
تو یہ امر کر اونپہ با اہتمام

کہ گرویدگان ہون بصدق و یقین
کہ احمد حبیبِ جہان آفرین

وہ ہین خاتم الانبیا لاکلام
خدا بعد لاریب اونکا مقام

ولے امتِ مصطفا پر مدام
ز ابوین اشفق وہ ہے لاکلام

خدا سے ندا اوسکو ستّر ہزار
ہمیشہ وہ جاری بہر یک نہار

کہ سختی نہ کیجو یہان اختیار
یہ محبوبِ محبوب ہین آشکار

یہ مرحومہ امت یہ خیر الامم
مددگار انکا وہ عالی ہمم

شفیعُ الورا اونپہ ہی جب شفیق
تو کیونکر نہو اونکا ایزد رفیق

تو انسے رفاقت تجھے ہی ضرور
کہ خوشنود اسّے وہ سرِ ظہور

جو مسجود آدم صفیّ خدا
صدف بہرِ دُر دانۂ مصطفا

دیا ایک دانہ پہ خلدِ برین
کہ دُر دانہ سے ہو بہائے زمین

کیا ایک دانہ پہ ترکِ بہشت
کہ ہو انسے ظاہر وہ یکتا سرشت

ہوئے آخر الامر وہ دوربین
شفاعاتِ دُر دانہ سے خوشہ چین

اگرچہ وہ ادریس تھے درس دان
ولے وصفِ احمد مین تھے درس خوان

وہ تھے درسِ عرفان مین بس پیشوا
ولے طالبِ منطقِ مصطفا

جو نوح نبی شیخ رسلِ کرام
مرید محمد وہ لابد مدام

وہ بر کشتیٔ جودِ احمد سوار
لہذا ملا اونکو جودی کنار

نہوتی مدد از شہِ کائنات
تو ہرگز نہ پاتے ز طوفان نجات

براہیم گرچہ خلیلِ جلیل
وہ تھے مشفقِ حال ابن السبیل

ولے خوانِ احمد سے اونکو نوال
لہذا ہوئے موجدِ شیرمال

سماعیل ہین وہ جو ابنِ خلیل
ذبیحِ خدا ہین مطیعِ جلیل

نہ تھا حکمِ ذبح کہ مقتول ہو
ولے اسلئے تھا کہ مقبول ہو

اگرچہ وہ کرسی بسے ہے وسیع
ولے پیش قدین احمد وضیع

اگرچہ وہ ہے آسمان ہفتمین
ولے پیش احمد وہ مثل زمین

اگرچہ وہ خلد برین ہین بہشت
تو نور محمد سے اونکی سرشت

وہ مرحومہ امت کا مہمان سرا
بلال نبی کی نہ وہ التجا

کہ لا بد وہ اوسرا یکپر جان نثار
دیا دو کو تہ اسنے در طرف چار پر

جو ہین ہیچ در شمش بسے آشکار
تو انسے کیا او سنے لابد فرار

ہوا ہفت نزدیک اسکے چو گرد
کہ ہے قلب صافی وہ با سوز و درد

تو کب ہشت کا وہ کرے کچھ خیال
کہ ہے نو سے بالا وہ صاحب کمال

جو لاریب رضوان صاحب جنان
کلید محمد کا ہے پاسبان

وہ دوزخ جو ہے منزل انتقام
تو ہے دشمن احمدی کا مقام

اگرچہ وہ جبرئیل درج امین
ولے خادم سید المرسلین

وہ گہوارہ جنبان حسنین ہے
لہذا وہ مقبول کونین ہے

اگرچہ سرافیل ہے بالیقین
رئیس ملائک بسے لوح بین

تو سائیس احمد وہ ہے آشکار
کرے غاشیہ پر دل و جان نثار

اگرچہ وہ میکال عالی مقام
ولے وہ نرحدام خیر الانام

کرے انکی امت پہ روزی نثار
شہنشہ محمد کا وہ غلہ دار

رکاب محمد پہ وہ خوشخرام
دل و جانسے ہے وہ فدائے لگام

کرے قبض ارواح کو جو ملک
نشیننده تخت چارم فلک

وہ ہے شکل مقبوض اندوہگین
وہ کرتا نہین رحم ہرگز کہین

کہ تطویل کا یہ نہ ہرگز مقام

کہ جملہ عوالم مین جو کائنات — وہ وال محمدؐ کے سب فرشیات

قال اللہ جل جلالہ وعلی لعالمین عم نوالہ فی لکتاب لمستطاب تولاً محمودا۔ اذ قال لہم اخوھم نوح اذ قال لہم اخوھم لوط والی مدین اخاھم شعیبا والی ثمود اخاھم صالحا والی عاد اخاھم ھودا۔ واما النبینا شفیع الرسل والامم صلے اللہ علیہ وسلم فقال لقد جاءکم رسول من انفسکم

شعیب نبی ہود و نوحِ صفی — نبی صالح و لوط از بس وفی
ہوا اُنکو فرمانِ ربُّ الانام — کہ اخوانِ اُمت یہ جملہ کرام
ولے ہے یہ فرمان ربُّ السما — کہ ہین جانِ اُمت شفیعُ الورا
لَقَدْ جَاءَکُمْ شافعُ المذنبین — یہ جانِ شما جانِ حق بالیقین
اگرچہ برادر بسے مہربان — نہ مشفق وہ ایسا کہ تن پر یہ جان
یہ ہی امر اظہر کرون کیا بیان — برادر عدوِّ برادر نہان
وہ ہابیل و قابیل تھے دو شفیق — برادر جو یوسف کے تھے ای خلیق
تو احوال اونکا بسے آشکار — محبت مین نزدِ صغار و کبار
مگر دشمنِ جسم ہرگز نہ جان — کہ معشوق و عاشق یہ ہین ہمگنان
گُلِ تن یہ جان مثلِ بلبل شمار — تو ہرگز نہ انمین عداوت کا خار
زِعشاقِ صُدّاق مردِ جوان — عدوِّ حبیبش بود در جہان
نہین بلکہ فرزند بھی سیم و زر — زن و خانمان والدہ ہم پدر
ہمہ ننگ و ناموس و جان اور تن — تصدق یہ جانان پہ ای جانِ من
یہ ہی مذہبِ عشقِ جانان پرست — نہ یہ مذہبِ فسق شیطان پرست

کہ جب کار دِ ظاہری کار گر | نہوا او نپہ ہرگز تو ہو مشتہر
کہ تیغِ محبت سے مقتول ہی | ذبیحِ محمّد وہ مقبول ہی
وہ حبِّ محمد سے جب ہی قتیل | کرے ذبح کیونکر اُسے اب خلیل
جو ابنِ براہیم اسحاق تھے | وہ دیدارِ احمد کے مشتاق تھے
جو از بسکہ گریان وہ یعقوب تھے | تو احمد کے غم مین وہ مکروب تھے
وہ صدّیق یوسف جو بر تختِ جاہ | تو اونکی محمد سے پشت و پناہ
اگرچہ وہ خوبی ہین با حسنِ تام | نہ چون حسنِ یک موئے خیر الانام
کلیمِ خدا عاشقِ کردگار | نقیبِ محمّد وہ تھے چوبدار
اگرچہ وہ داؤد بس خوش آواز | ولے بارِ احمد مین قوّالِ راز
جلا عشقِ احمد مین جب شمع وار | دلِ صاف اونکا بصد اختیار
ہوا موم تب در کفِ ید حدید | کہ باشد بجائے دلش او یدید
سلیمان جو رکھتے وہ تختِ روان | کہ اونکے مسخّر ہمہ جنّیان
تو وہ فیضِ احمد سے اونکو نصیب | کہ تھا قصّۂ دل پہ نقشِ حبیب
جو ہین یونس ابنِ متّیٰ بصیر | وہ ہین صاحبِ حوت روشن ضمیر
ہوئے اہلِ معراج وہ پر شفیق | کہ در بحرِ حبِّ محمّد غریق
اگرچہ وہ لقمان حکمت شعار | ولے خوانِ احمد سے وہ لقمہ خوار
وہ عیسےٰ جو ہین بندۂ بے نظیر | قدومِ محمّد سے تھے وہ بشیر
بُوَد بر آسمان پر وہ با احترام | ولے بارِ احمد کے دربان مدام

خیوری اسی پر تو کر اختتام

جنابِ الٰہ سے یہ آتا جواب | کہ بخشا انہیں تو نہ کھا رنج و تاب
اِسی طور آئی ندا ایک ہزار | ولے تن کو بھولی نہ جان ایکبار
ہوا اِس سے ظاہر یہاں بیگمان | کہ وہ سب برادر ہی جانِ جان
جو نسبت کریں تجکو ای جانِ من | برادر بنے کی وہ ہیں بدسخن
وہ شیطان سے بدتر لعین و رجیم | عدوِّ خدا ہیں وہ اہلِ جحیم
جہاں انبیا کو نہیں دسترس | وہاں اُمّتی کو بھلا کیا ہوس

خیوری نکر تو بیانِ حزین
کہ ایمان سے خارج ہوئے منکرین

سنو ای محبّانِ خیرُ الانام | بیانِ لبیبانہ خیرُ الکلام
برادر جو نسبی رضاعی دگر | تباعی کو بھی نوعِ ثالث نگر
بروزِ قیامت کریں یہ فرار | کہ مصداق آیہ کا ہو آشکار

یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِیْهِ

لہٰذا سبھی انبیائے کبار | پڑھیں وِردِ نفسی بروزِ شمار
کہ اِسطور فرمانِ پروردگار | کہ اخوانِ اُمّت وہ ہیں نامدار
ولے تن سے جانکو نہووے نفور | اگرچہ وہ پُرسوز روزِ نشور
گنہ تن کرے اور جان عذرخواہ | کہ اَلنّدم توبہ یہ بے اشتباہ
لہٰذا یہ فرمائے خیر الانام | بروزِ قیامت علیہ السّلام
کہ اِرحم علیٰ اُمّتی کردگار | کہ تن سے نہیں جانکو ہرگز فرار
یہی سرّ ہیں اسیمن ای سروران | کہ فرماتے ہیں شافعِ دوجہان

خبوری از ینجائے نزدِ کبار
یہ نمکین لطیفہ لطافت شعار

کہ سب انبیا کی یہی تھی دعا | کہ اے خالق و مالکِ ہر سرا
ہماری اُمم غرقِ بحرِ اثام | تو کر اُنپہ نازل عذابِ لئام
ولے مانگتے فضل و رحمت مدام | خدا سے حبیبی شفیعُ الانام
کہ اُمت یہ میری خدایا ضعیف | ہمیشہ تو کر اُنپہ فضلِ منیف
اگرچہ وہ عصیانمین سرشار ہین | ولے رحمتِ رب سے بیدار ہین
وہ از فضل و رحمت بسے چشم دار | کہ لَاتَقنَطُوا اَمرِ پروردگار
غضب پر وہ رحمت جو ہی پیش دست | تو اِس سے ہوا ہی دلِ خلق مست
بہر طور اونکو تو مغفور کر | حزین قلب ہون مجکو مسرور کر
سوئے لامکان جب گئے مصطفا | تو لابد خدا سے ہوئی یہ ندا

قال اللہ الصمد اُدنُ منی یا محمد الف مرۃ علیک طیب الصلوٰت تحیات المسرۃ کن انی التحیر (لتحدر) وا۔

کہ نزدیک آیا شفیعَ الورا | تو کر دید میری یہ اب دیدہ وا
بہر بار کرتے یہی التجا | جنابِ الٰہ مین حبیبِ خدا
کہ ہے اُمتی مذنبہ لاکلام | گدائے در تو بہر صبح و شام
اُسے بخش بارحم و فضلِ عمیم | کہ ہے بحرِ فضلِ تو بینک عظیم
نہو بحر ناپاک اسے کردگار | ز آلائشِ خلقتِ بے شمار
یہ اُمت سگے جا نمازِ پلید | نہ یہ پیش فضلِ تو او سے مزید
جو دریائے فضل تو ہی بے کنار | مکدر نہو او سے یہ زینہار

کہ ہو رتبہ کونین کا آشکار — کہ نعلِ محمد کے گرد و غبار
اوٹھا نعل تیری کو سر پر لیا — دو عالم نے پھر اوسکو بوسہ دیا
تو کب نعل بردار سے ہو ادا — جو مولا کے لائق وہ مدح و ثنا
عزیز و بشارت کا ہے یہ مقام — ولے منکر و نکو نذارت مدام
کہ جب دو نو عالم ہوئے بس حقیر — بہ پیشِ محمد شہے بے نظیر
تو کرنا شفاعت کا آسان ہوا — کہ ہی خاکپا حق سے چھنا ذرا
سراجاً منیرا صفاتِ حبیب — وہ لولاک ذاتی ہمارے طبیب
چراغون مین دو وصف ہین جابجا — یکے سوختن دیگرا فروختن
تو دنیا مین افروختن کا ظہور — کہ عرفانکا اوسسے بلا دلکو نور
ہو ظلمتِ جہل سب دلسے دور — خدا کی خدائی ہوئی با سرور
ولے جبکہ آوے قیامتکا روز — کھلے گا وہان سبکا پھر صدق و سوز
تو اوس وقت ہو سوختن آشکار — کہ انبار عصیان کا ہو خاکِ نار
چراغ شفاعت وہ افروختہ — گناہائے امت ہمہ سوختہ

تتمۂ نعتِ سید المرسلین مناقبِ خلفائے راشدین
و بحیۂ مرضیہ الِ طٰہٰ و یٰسٓ صلوات اللہ وسلامہ
علیہم اجمعین

جنابِ محمد مین اے یارِ غار — کرو عرض دل سوختہ جان نثار
کہ وہ چشم گریان زخونِ جنان — جنان اوسکا بریان توئی جانِ جان
نہ زنہار اوسکی تمنائے غیر — توئی اوسکا مقصود یکتائے خیر

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام وعلی الہ البررۃ الکرام وَاللّٰہِ اِنِّی لَاَستَغفِرُ اللّٰہَ فِی الیَومِ اکثر من سبعین مرۃً وفی روایۃ مائۃ مرۃٍ رواہ الشیخان علیہما الرضوان

که واللہ خدا سے مین ہفتاد بار
کبھی اس سے زائد الی صد تمام
طلب مغفرت کی کرون در نہار
ولے اُس سے ناقص نہوای فہام

خیوری یہ لاریب سر عجیب
کہان وہ گناہ کہان یہ حبیب

جو بالفرض ترکِ فضیلت اگر
تو مغفور بھی اُس سے خیر البشر

لِیَغفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ الایہ

ولے تھا تقاضائی جانِ جہان
طلب مغفرت کی کرون بار بار
نہو جان اگر جسم کی عذر خواہ
نہ تیری ثنا ہوادا جانِ مَن
نہ ایسا ہوا ہی نہ ہوز ینہار
ثنا گوئے تیرا جو ربّ السّما
تو ہی جانِ جان جسم ہی جملہ جان
بھلا جسم سی ہووے کیونکر بیان
بھلا دیو سے ہووے کیونکر ادا
خدا نے دیا تجکو ایسا مقام
بُلایا تجے حق نے ای جانِ جان

که مغفور ہو میرا تن بیگمان
کہ ہو میرے تن پر وہ رحمت نثار
تو لاریب ہو جسم خوار و تباہ
کہ مدّاح تیرا وہ خود ذوالمنن
کہ اوسکا ثنا گوئے خود کردگار
تو کب غیر کی تیرے لائق ثنا
سلیمان تو ئی دیو ہم بیگمان
پسندیدہ نعت سزاوارِ جان
سلیمان کے لائق جو مدح و ثنا
کہ حیران ہوئے اُسمین سب خاص و عام
اوسی خاص خلوتین جو لامکان

وابن ابی الدنیا عن سلیمان ابن یسار علیہم رضوان اللہ الغفار

توصادقِ مُصَدّق توصدّیق ہے
توئی قاتلِ قومِ زندیق ہے
توصِدّیقِ اکبر زتصدیق ہی
تو افضل صحابہ مین تحقیق ہے
عتیقِ انیقی زتدقیق ہے
رفیقِ حقیقی زتوفیق ہی
زحبِ تو ہر کس بتوثیق ہی
وہ فاروق لا بد زتفریق ہی

خیوری یہ تیری جو تنمیق ہے
تو حُبِّ عتیقی سے تشیق ہے

ہوا جبکہ پروانہ اوس شمع پر
بصد شوق با سوز قلبِ عُمر
تو فاروق اونکا ہوا تب خطاب
جنابِ الٰہی سے بے ارتیاب
کیا اونکے سایہ سے شیطان فرار
کہ تھے عشقِ احمد مین وہ باقرار

قال نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام الا نوران الشیطان یفر من ظل عمر علیہ رضوان اللہ الاکبر

اگرچہ وہ ثانی خلیفہ عمر
ولے اونکا ثانی نہین دادگر
بسے جا یہ جسطور قولِ عُمر
اوسی طور فرمان ربُّ البشر
یہ لاریب فرمانِ خیر البشر
کہ ہی مَنطِقُ الحق لسانِ عُمر
قیامتکا لاریب ہو جب قیام
تو ہو مجمع انبیائے کرام
تو اوسوقت فرمائے ربُّ الانام
ابا حفص منی علیک السلام
نہ زنہار ہو وصف تیرا ادا
تو ظلِّ حبیبی تو ظلِّ خدا

خیوری وہ صدّیق و دیگر عُمر
یہ بیشک وزیرانِ خیر البشر

نکر تیرے در سے او سے دربدر
کہ اِس در سے دائم وہ ہی مفتخر

جو ہی باب تیرا وہ بابِ خدا
نہ وہ باب تیرے سے ہرگز جدا

کہ اِس باب کا دار کنزِ قدیم
نگہبان اِسکا خدائے عظیم

جو وہ تیرے در کا نگہبان ہے
تو محفوظ ایمان زشیطان ہے

خیوری نہ کچھ نقصِ عرفان ہی
جو صدّیق اس در کا دربان ہی

تجھے ثانیِ اثنین حق نے کہا
وہ ہمراہ دونو کے ہے تیسرا

ولے تین سے تو قدیم المرام
خلافت مین اوّل توئی نیکنام

تو جب عشقِ احمد مین سرشار ہے
تو رب کو رضائی تو درکار ہے

ولسوف یرضی ای وباللہ لسوف یرضی ابو بکر الصدیق عنہ اللہ ولم ینزل ھذا الوعد لاالہ ولہ صلعم

تو محبوبِ محبوب ہے آشکار
تو جانِ جنان تجھپہ جانہا نثار

جو تیری رضا ہی رضائے خدا
تو ہرگز نہو وصف تیرا ادا

جو ہین تین سَو ساٹھ وصفِ خدا
وہ موجود تجھمین بلاامترا

کسی مین اگر اونسے ہو ایک بھی
تو جاوے جنان مین وہ بیشک اخی

وہ سب وصف ہین آپمین جب عیان
تو کب آپ کا رتبہ ہووے بیان

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلی آلہ واصحابہ ذوی الحکم صفات اللہ

خصال الخیر ثلاثمائۃ وستون خصلۃ اعظمہا الرحمانیۃ اذا اراد اللہ تعالی بعبد خیرا

جعل فیہ خصلۃ منہا یدخل الجنۃ بہا فقال ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ

اَفِیّ شیٔ منہا قال نعم کلہا فیک ھنیئاً لک یا ابا بکر رضی اللہ عنہ رواہ ابن عساکر

تو اشنائے رہ ہین نجم غدیر — پڑھا خطبہ شاہ بشیر و نذیر

کہ اے بندگان خدائے کریم — سنو پند احمد بقلب سلیم

کہ مولائے میرا خدائے سما — ہین لاریب مولائے جملہ ورا

انا اولی بالمومنین الکرام — ز انفاس شان نبی جملہ فہام

وہ ہین خیرخواہ اپنے شام و پگاہ — تو ہین اُنسے اُنکا بسے خیرخواہ

تو ہین جسکا مولا خفی و جلی — تو اوسکا بلاریب مولا علی

وہ مولا علی جسکے مولا جلی — وہ لاریب دارین ہین ہے ولی

کیا جسنے تعظیم اونکی ادا — نبی کی وہ تعظیم لایا بجا

خدایا جو ہووے محب علی — تو ہو لطف سے اوسکا دائم ولی

رکھے دوستی اونسے جو نیکنام — اوسے اپنا محبوب رکھ تو مدام

رکھے بغض اونسے کوئی در جنان — تو مبغوض رکھ اوسکو در دو جہان

جو ہوا اونکا ناصر بصدق و صفا — تو ہو اوسکا ناصر بعز و علا

جو ہو اونکے درپیش خذلان سے — تو مخذول کر اوسکو خسران سے

خدایا جو حق حقیقت شعار — علی پر تو رکھ اوسکا دار و مدار

وہ جس جائے جس راہ پر ہو مقیم — وہ بیشک صراط خدا مستقیم

اخرج الترمذی والنسائی وصححہ الضیاء المقدسی عن زید بن ارقم وروی الطبرانی والذہبی وغیرہم رضی اللہ عنہم انہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلی آلہ واصحابہ ذوی الحکم خطب بغدیر خم وہو موضع بالجحفۃ عند رجوعہ من حجۃ الوداع فقال فیہ یا ایہا الناس ان اللہ مولائی وانا مولی المومنین وانا اولی بہم من انفسہم فمن کنت مولاہ فعلی مولاہ

اعلم ایھا المحب الصادق والصفی لوفی لحاذق ان احمد اسم سید الانس والجان سر اللہ الحی الملک الدیان اللھم صل وسلم علیہ ما تعاقب لعصران ومظاہرہ الخلفاء علیہم الرضوان

یہ ترتیبِ احمد عجب شان ہے
کہ اللہ مَلِکُ حَیّ و دیّان ہے

یہ ہین چار اَحرف وہ ہین چار یار
تو چارونیہ ہین چار دائم نثار

ہوئے میم احمد یہ عثمان نثار
تو ہی اونسے کانِ حیا با قرار

وہ جب مظہرِ میم ہین بیگمان
تو مالِ مَلِک اُنکا ہی جا و دان

محبت سے تھی دلمین جب ایختار
تو دو نور اُنپر ہوئے جان نثار

وہ شکلِ محمد جو تھی جانِ جان
تو قرآن کے جامع ہوئے بیگمان

اگرچہ تو ثالث خلافت مین یار
ولے دو کا ہو ایک بس افتخار

کرون وصف تیرا مین کیونکر ادا
کہ ایسا تو شافع بروزِ جزا

کہ ایزد سے بخشائے ستر ہزار
ازان جو کہ ہون لائقِ دارِ نار

فرشتون کا لاریب ہی تو ادیب
کہ درسِ حیا اونکو تجھسے نصیب

کرے شرم تجھسے خدائے سما
وہ شرمائے تجھسے بروزِ جزا

نہ تجھسے کرے وہ حساب و شمار
کہ جو دِ تو بے عدِّ لیل و نہار

خیوری سے بہرِ عطائے حبیب
نہ زنہار ہو کچھ حسابِ حسیب

یہ فرمانِ خیر الوریٰ بیگمان
صحابہ ثلاثین ہین راویان

یہ طبرانی و ترمذی مین عیان
بھی دیگر کتب مین یہ روشن بیان

کہ جب حج آخر سے شاہِ جہان
مدینے کو شادان ہوئے وہ روان

اِلٰی قولہ اِنَّ ھٰذَا کَانَ لَکُمْ جَزَآءً وَّکَانَ سَعْیُکُمْ مَّشْکُوْرًا۝

جو ہے ایک وہ بضعۃ مصطفا
تصدق ہوئے اونپہ دونوسرا

غضب اونکا لاریب اےدوربین
رسول خدا کا غضب بالیقین

غضب فاطمہ کا سنو اے فہام
خدا کا غضب ہے نہ اسمین کلام

بھی رنجیدہ ہو جسسے خیر النسا
تو رنجیدہ ہوا سسے خیر الورا

جو اونکی اذیت کسیطور پر
وہ لاریب ایذائے خیر البشر

کہ جسسے اذیت جگر کو عیان
تو رنجیدہ اوسسے بدن بیگمان

چو عضوے بدرد آورد روزگار
دگر عضوہا را نماند قرار

خیوری جو وہ رنج رنج خدا
تو کیونکر یزیدی نہ کا فر سدا

علی فاطمہ نور دارین ہین
فتوت نبوت سے بحرین ہین

وہ برزخ جو انمین شہ مرسلان
تو ہر ایک بر جائے خود ہے روان

یہ آلائے ربی یہ بحر سرور
تو لو لو لؤ مرجان کا انسے ظہور

مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ بَیْنَھُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ یَخْرُجُ مِنْھُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ الآیۃ

قال فی التفسیر الکبیر والجامع الکبیر وغیرھما من زبر النحاریر وللآیۃ المسطورۃ معان کثیرۃ مشھورۃ والجملۃ عند المحققین غیر محظور ہ منہا ما روی عن اھل بیت النبوۃ اصحاب التحقیق والفتوۃ ان البحرین سیدنا علی المرتضی وسیدتنا فاطمۃ الزھرا رضی اللہ تعالی عنہما والبرزخ نبینا وشفیعنا المصطفی علیہ اطیب الصلوۃ والثنا و یخرج منھما اللؤلؤ

اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ واحب من احبہ وابغض من ابغضہ وانصر من نصرہ واخذل من خذلہ وادر الحق معہ حیث دار وطرق ھذا الحدیث کثیرۃ عند اھلھا شہیرۃ ومن ثم رواہ ستۃ عشر صحابیاً وفی روایۃ الامام احمد رحمہ اللہ الصمد ثلاثون صحابیاً وتفصیل ھذا فی نجم المبین لرجم الشیاطین ۵

خیبوری وہ ذاتِ علیؑ صفی
بلاریب ذاتِ نبی ہے خفی

نہ ہو بعدِ ختمِ نبوّت ضرور
کبھی از سرِ نو نبی کا ظہور

و اِلّا یقیناً علیؑ و لی
بلاریب ہوتے نبیِ جلی

نہ ہو وصف تیرا ادا یا علی
تو فخرِ نبی ہے تو فخرِ ولی

رضائے تو لابد رضائے خدا
ثنائے تو حقاً ثنائے خدا

اگر آپ سے ہو کوئی منحرف
تو بیشک محمدؐ سے وہ منحرف

شقی ہی وہ بدبخت ہی بد نہاد
جہنم مین جاوے فبئس المہاد

خلافت مین گرچہ تو ہی خور نواز
ولے تین دو ایک سے سرفراز

سنانِ جو ین سے تو آخر ستان
کیا وصف تیرا خدا نے بیان

سنانِ جوان سے تو دنیا ستان
سنان و سنان سے لیا دو جہان

کہے گر کوئی ہل اتی فی علی
تو یہ ہل اتی مین بسے ہی جلی

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا فَوَقٰهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا وَجَزٰهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا الآیۃ

نہ جن دلمین حَسنین کی ہے وداد — وہ مردود کافر ہسے نامُراد
نشانِ محبت یہ نزدِ خبیر — کہ ہو ذکرِ محبوب دائم کثیر
لِسان روز و شب اُسکی عذبُ البیان — وہی ذکرِ وِرد ہمہ جسم وجان
و وادِ ہمہ اہلِ بیتِ عظام — ہوئی فرض بر مُومنِ خاص وعام
جو اونکی مودّت و وادِ رسول — جو ہی بغض اونکا وہ بغضِ بتول
نہین بل یہ ہے بغضِ خیرُ الورا — جو بغضِ حبیبی وہ بغضِ خدا
محمدؐ سے مُبغض ہوا جو لئیم — وہ لاریب مردود اہلِ جحیم
بلا حُبِّ آلِ شفیعُ الانام — خدا کی قسم ہے عبادت حرام
کریں کیون نہ اونکی بھلا ہم نیاز — کہ مذکور دائم وہ ہین درنماز
نہو یاد اونکی اگر درنماز — تو مردودِ ایزد وہ ہے اہلِ راز
جو ہے موذیئے اہلِ بیتِ عظام — وہ در اصل موذیئے خیرُ الانام
وہ مُرتدّ کافر بلا اشتباہ — وہ ہے لائقِ لعن شام و پگاہ
مُفصّل وہ نجمُ المبین مین عیان — ولے مختصر ہے یہان پہ بیان

اعلم ایہا اللبیب الصادق والمحب لاریب لواثق ان حقیقۃ الایمان ماھی الا محبۃ الرحمن کما ھو مصرح فی کتاب اللہ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ومحبتہ موقوفۃ علی محبۃ حبیب اللہ وھذا ایضاً مصرح فی کلام اللہ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ ومحبۃ حبیبہ خازن خزائن اللہ موقوفۃ علی محبۃ اھل بیت رسول اللہ کما قال اللہ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى فی فرضیۃ محبتہم علی الوری قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى قال الامام مصباح الظلام فی مفاتیح الغیب والعلامۃ القرطبی فی سورۃ شوری رضی اللہ تعالیٰ عنہما

الحسن والریحان الحسین قرۃ اعین سبط الثقلین صلی اللہ وسلم علیہ ملأ الخافقین
وعلی آلہ واصحابہ انوار الدارین ثم صرح العلامۃ فی التحریر والتحبیر بالعشرین
هذا ملخص ما فی نجم المبین واللہ یهدی بہ المتقین ۞

وہ حسنین ہیں شاہِ دارین ہیں ۔ وہ دارین میں شاہِ کونین ہیں
وہ حسنین ہیں قرۃ العین ہیں ۔ وہی سرِّ ایجادِ کونین ہیں
وہ ثقلین کے نورِ عینین ہیں ۔ وہی ہادیٔ جملہ ثقلین ہیں
جو اہلِ جنت میں سردار ہیں ۔ تو انکے قدم پر وہ سردار ہیں
جو اقدام انکے پہ سردار ہیں ۔ وہ سردار جنت میں سرشار ہیں
وہ سرشار کیا بلکہ ہشیار ہیں ۔ وہ ہشیار احمد کے مختار ہیں
جو مختار انکے وہ دلدار ہیں ۔ وہی لائقِ دیدِ غفار ہیں
محبانِ حسنین اطہار ہیں ۔ جو ہیں انکے منکر وہ کفار ہیں
یہ وہ ہیں کہ جنپر رسولِ خدا ۔ کیا اپنا فرزند بیشک فدا
وہ مرآتِ احمد بسے پُر صفا ۔ وہ ساقیٔ امت بروزِ جزا
جو مرکوب اونکے شہِ دوسرا ۔ تو کب اونکی توصیف ہو کچھ ادا
کہ تحقیق ایمان وہ حبِ خدا ۔ ہے توحید و تفرید بے امترا
ولے حبِ ایزد وہ موقوف ان ۔ علی حبِ احمد شہِ مرسلان
وہ حبِ محمد جو موصوف ہے ۔ علی حبِ حسنین موقوف ہی
تو حبِ خدا حبِ حسنین ہی ۔ یہی حبِ ایمانِ ثقلین ہے
نہو دلمیں گر حبِ آلِ رسول ۔ تو ہرگز نہ حبِ خدا ہو قبول

ملخص ما فی عم المدبر لرجم الشیاطین

ہوا جسکا اِس دار سے انتقال — بحُبِّ ہمہ آلِ اہلِ نوال
وہ ہے مومن تائبِ ذی کمال — مُبَشّر وہ با جنّتِ بے زوال
جو ہے قابضِ رُوح جملہ انام — مُقرّب فرشتہ بصد احترام
وہ دے اوسکو مژدہ بعیشِ جنان — تو پھر وہ کرے قبضِ روح و روان
جو ہین از ملائک وہ منکر نکیر — وہ شکلِ مُہیب و وہ شکلِ نذیر
وہ دین اوسکو لا بد بشارت ضرور — کہ ہے تیرا مسکن جنان با سرور
وہ جنّت مین جاوے بسے شادمان — کہ چون نو عروسان سوئے شوہران
دو در باز در قبر ہون از جنان — وہ ہو روضۂ جنّتِ جاودان
مزارِ ملائک وہ قبرِ منیر — وہ ہو مہبطِ رحم و فضلِ قدیر
کہ مقبور اوسمین بحبِّ جنان — وہ ہے اہلِ سنّت ز جملہ مہان
جو دنیا سے گذرے کوئی گر بشر — کہ ہو بغض کا اوسکے دلمین اثر
وہ ہو مُبغضِ اہلِ بیتِ عظام — نہ توقیر اونکی سے ہو شادکام
کرے وہ بیان جسسے تحقیر ہو — کہ آلِ نبی کی وہ تصغیر ہو
وہ موذیٔ ذاتِ رؤف و رحیم — تو لاریب کافر وہ اہلِ جحیم
قیامت کے محشر مین ہو آشکار — کہ مابین دو چشم اوسکے نگار
یہ مایوس از رحمتِ کردگار — کہ ہے اِسکا ماوائے دار البوار
نہ سونگھے یہ بوئے جنان زینہار — جہنّم مین جاوے فبئس القرار
نہ کچھ کام آوے اُسے اے فہام — صلوٰۃ و زکوٰۃ و نہ حجّ و صیام

ان نبینا شفیع الانام علیہ اطیب الصلوۃ والسلام قال من مات علی حب آل محمد مات تائبا الا ومن مات علی حب آل محمد مات مومنا مستکمل الایمان الا ومن مات علی حب آل محمد بشرہ ملک الموت بالجنۃ ثم منکر و نکیر الا ومن مات علی حب آل محمد یزف الی الجنۃ کما تزف العروس الی بیت زوجھا الا ومن مات علی حب آل محمد فتح لہ فی قبرہ بابان الی الجنۃ الا ومن مات علی حب آل محمد جعل اللہ قبرہ مزار ملائکۃ الرحمۃ الا ومن مات علی حب آل محمد مات علی السنۃ والجماعۃ الا ومن مات علی بغض آل محمد جاء یوم القیامۃ مکتوبا بین عینیہ ھذا آیس من رحمۃ اللہ تعالیٰ الا ومن مات علی بغض آل محمد مات کافرا الا ومن مات علی بغض آل محمد لایشم رائحۃ الجنۃ وایضا قال سید الانام علیہ الصلوۃ والسلام الزموا مودتنا اھل البیت فان من لقی اللہ عزوجل وھو یودنا دخل الجنۃ بشفاعتنا والذی نفسی بیدہ لاینفع عبدا عملہ الا بمعرفۃ حقنا رواہ الطبرانی فی الاوسط رضی اللہ عنہ

لِلّٰہِ دَرُّکُمُوْ یَا آلَ یَاسِیْنَا	یَا اَنْجُمَ الْحَقِّ اَعْلَامَ الْھُدٰی فِیْنَا
لَا یَقْبَلُ اللّٰہُ اِلَّا مَعْ مَحَبَّتِکُمْ	اَعْمَالَ عَبْدٍ وَّلَا یَرْضٰی لَہٗ دِیْنَا
بِکُمْ اُخَفِّفُ اَعْبَاءَ الْاَثَامِ بِکُمْ	بِکُمْ اُثَقِّلُ فِی الْحَشْرِ الْمَوَازِیْنَا

قال نبینا فی حق الحسنین علیہ الصلوۃ والسلام الدائمین وعلی آلہ واصحابہ انوار الدارین من احبھما فقد احبنی ومن ابغضھما فقد ابغضنی رواہ ابن عساکر عن ابن عباس علیہم رضوان اللہ ملک الناس ومن علامات المحبۃ کثرۃ ذکر المحبوب علی الدوام لقولہ علیہ افضل الصلوۃ والسلام من احب شیئا اکثر من ذکرہ وقال فی الشفاء ونسیم الریاض من استخف نبینا او احدا من الانبیاء او ذکر ما فیہ تحقیرا او اھانۃ لھم او اذاھم فی حیاتھم او بعد مماتھم کاذبہ بعض دینہ او اقاربہ علیھم الصلوۃ والسلام فھو کافر عند اھل الاسلام ھذا

وہ جبریل جو خادمِ مصطفا　وہ دیگر ملائک جو اہلِ سما
تو اونکی زبان سے خدائے جہان　زمان و مکان اور دیگر نشان
کیا پیشِ خیر الورا سب بیان　ہوئے اوسّے نالان شہِ مرسلان
کیا حکمِ امّت کو پھر بیگمان　کرو گریہ حسنین پہ با جنان
وہ ذکرِ شہادت کیا پھر عیان　علیؔ ولی نے بہ پیشِ مہان
ہوئے پھر وہ گریان زخون جنان　کہ لابد محبّت کا ہے یہ نشان
مفصّل یہ نجمُ المبین مین نگار　یہان جزوِ ثانی مین ہو آشکار
تو کیونکر وہ مردود ہین منکرین　ازین سنّتِ سیّد المرسلین
نعم اونکے دلمین نہین حبِّ داد　تو لابد وہ منکر ہوئے نامراد

خیوری جو خفاش ہین وہ ضریر
تو دیکھین نہ ہرگز وہ مہرِ منیر

اخوانی حبه اهل البیت من اعظم الوسائل · لنیل فخر الجاه بالعزّ والفضائل · والقرب الی فطح اثره الاواخر والاوائل : والمبعوث من اطیب العناصر واشرف القبائل : صلی الله علیه بحسب حسنه والشمائل : وسلم تسلیما علی وفق یمنه والخصائل : کیف لا وقد قال الله فی شانهم ویطهّرکم تطهیرا : وروّق لهم الشراب : فزال عنهم الاضطراب : فقال مرحبا بالاحباب : لا تخشوا الیوم حزنا ولا نکدیرا : فهم قائمون فی خدمته متلذذون فی حضرته متقلبون فی نعمته · یکسرون جبارا ویجبرون کسیرا : یوفون بالنذر ویخافون یوما کان شره مستطیرا : اخلاقهم القنوع وشعائرهم الخشوع : وافعالهم السجود والرکوع : یطوون الضلوع علی الجوع : ویؤثرون علی انفسهم سائلا وفقیرا : ویطعمون الطعام علی

ولے جو مُحبّانِ آلِ عظام اگرچہ وہ ہون مُبتلائے آثام
تو ہے اِنکا مسکن وہ دار السّلام یہ اونکی شفاعت سے عالیمقام
کہ ہین یہ مُحِبّانِ خیرُ الورا عقولِ وَرا سے یہ ہین ماورا
مُحبّانِ حَسنَینِ اہلِ عطا جو پروانہ حَسنَین پہ ہین فدا
کہ آبائے عظمائے خیر الانام
صفی اللہ آدم سے وہ سب کرام
وہ طاہر مطہر بلا قیل وقال
وہ تھے پاک از شرک ای مومنین
چنانچہ یہ فرمان خیر الورا
کہ اصلاب وارحام جو طاہرین
دلائل جو اسکے دگر معتبر
مری زندگی کی مجھے ہے قسم
کہ یہ ایک ہے علم عالی وقار
انہین جو کہ علمائے متاخرین
اگرچہ ہوا اونکا پیچھے ظہور
کہ لاریب یہ علم علم شریف
وہ تھے دین توحید پر لاکلام
تو لابد وہ ہی فضل پروردگار

علیہ صلوۃ خدا و سلام ہو
الی ذات عبد اللہ مومن تمام
زارجاس کفار در جملہ حال
وہ لاریب ہین طیبین طاہرین
شفیع خلائق بروز جزا
تو یہین اونسے پیدا ہوا بالیقین
کیا اونکو تحریر اہل خبر
کرون عمر میری اسی پر ختم
کیا اُسنے مخصوص پروردگار
درین علم لاریب وہ سابقین
ولے اُنسے پہلے وہ اسمین ضرور
کہ آبائے خیر الورا سب نظیف
وہ سب اہل اسلام وعالی مرام
کرے اسکو جسپر وہ چاہی نثار

تو واجب ہوا اِسسے ای ذی عقول — کہ مشرک نہ زنہار پدرِ رسول
ہمہ اہلِ اِسلام ہین وہ کِرام — خدا اُنسے راضی ہوا وَالسّلام

خیوری سے لاریب راضی خدا
طفیلِ اصولِ شفیعِ الورا

جلالِ سیوطی وُ ابنِ حَجر — وہ ماوردی عَلّامۂ نامور
سنوسی وُ زرقانی دیگر عظام — ہمہ مُتّفق اسپہ ہین لاکلام
کہ ہی پاک اَصلاب سے یہ مراد — کہ سب اہلِ اِسلام وہ باسداد
یہی بس کلامِ خدا سے عیان — کلامِ نبی سے جو روشن بیان
نہ اِسلام ہو گر یہان پر مراد — تو ہو درکلامَین پیدا تضاد
یہانتک وہ چالیس جملہ کرام — جو مذکور ہین بامین ای فہام
ہمہ مُتّفق اسپہ وہ لاکلام — کہ آبا وُ اَجدادِ خیر الانام
وہ ہین طاہرین شرک سے بیگمان — ہمہ اہلِ ایمان وہ اہلِ جِنان

نہ اِس پر اگر اکتفا اے فہیم
خیوری سے اب سُن بقلبِ سلیم

کہ باقی حدیثون مین ایسا بیان — جو مذکور بالا وہ ہین ای مہان
کہ جس جا ہوئی شاخ دو آشکار — تو تھین خیر جہت مین تھا باقرار
نزار و مُضَر وہ کنانۂ جلیل — وہ عبدِ مَناف و قریشِ نبیل
دگر ہاشم و شَیبَۃُ الحَمد نیز — یہ خیرِ قبائل یہ از بس عزیز
یہ اَجدادِ خیر الورا لاکلام — یہ ہین اہلِ اِسلام نزدِ فہام

ہمہ اہلِ ایمان وہ اہلِ صفا
وگرنہ تو معیوب نورِ خدا
دلائل جو اسکے بصد اعتبار
نہ مخفی وہ زنہار اے ہوشیار

قال فی اسرار التنزیل وغیرہ من زبر ارباب التبجیل کالتحریر والتحبیر ان آباء الانبیاء علیہم السلام ما کانوا کفاراً تشریفاً لمقام النبوة ومما یدل علی ان آباء نبینا صلے اللہ علیہ وسلم کانوا مسلمین قولہ علیہ الصلوة والسلام لم ازل انقل من اصلاب الطاہرین الی ارحام الطاہرات کما رواہ ابونعیم وغیرہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہم وقد قال اللہ تعالی اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فوجب ان لا یکون احد من اجدادہ مشرکاً

ازانجملہ یہ ہے کہ سب انبیا
علیہم صلوةِ خدا و ثنا
نہ تھا باپ کافر کسی کا کبھی
وہ تھے دینِ ایزد پہ دائم سبھی
ہمہ اہلِ ایمان و اسلام تھے
ہمہ اہلِ عرفان و اکرام تھے
کہ لابد نبوّت کا عالی مقام
شرافت کرامت میں یکتا مدام
اگر ہووے کافر نبی کا پدر
تو معیوب ہووے نبی اے پسر
لہذا ہمہ انبیا کے اصول
ہوئے اہلِ اسلام نزدِ فحول
دلائل جو ہیں اسکے ازبس عیاں
کہ آبائے خیر الورا مومنان
تو لاریب ہے اونسے یہ اک دلیل
جو فرمانِ خیر الورا ہے اصیل
کہ دائم ہوا منتقل میرا نور
ہمہ طیبین طاہرین سے ضرور
سوئے رحمہائے ہمہ طاہرات
ہمہ عیب سے جو کہ در کائنات
یہ فرمانِ حق در کتابِ مبین
کہ تحقیق ناپاک ہیں مشرکین

علیٍّ ولی سے یہ راوی ضرور
بھی وہ ابن حنبل جو عالی امام
ہوئے اسکے راوی نکرکچھ گمان

علےٰ شرطِ شیخین اے ذی شعور
اوسی شرطِ شیخین پر لا کلام
نہ ہے ابن عبّاس از راویان

واخرج الامام احمد فی کرامات الاولیاء بسند صحیح علی شرط الشیخین عن ابن عباس رضی اللہ عنہم انہ قال ماخلت الارض من بعد نوح علیہ السلام عن سبعة مسلمین یدفع اللہ بھم عن اھل الارض

کہ خالی نہ تھی دائماً یہ زمین
تو اونکے تصدق ہمیشہ خدا
یہ ہے بعدِ نوحِ نبی کا بیان
کہ آدم سے آبائے خیر الانام
ہمہ اہلِ اسلام ہے بے امترا
کرو دلمین انصاف ای منکرین
کہ آباؤ اجدادِ خیر الانام
تو بیشک ہمارا یہی مدّعا
کہو گر کہ اون سات سے وہ نہین
کہ تھی غیر آن سات کے بالقرون
تو باطل یہ ہے نزدِ جملہ جہان
کہو گر کہ آبائے خیر الورا
ولیکن وہ بر شرک لابد روان

اونہین سات مردون سے جو مسلمین
کرے دور خلقت سے رنج و بلا
کہ تھی اُنسے پہلے ہمہ مومنان
اِلی نوح آدم علیہ السّلام
ہوئے متفق اسپہ اہلِ نہیٰ
نہو تم جہالت سے از ملحدین
اگر وہ ازان ہفت بالا مدام
اسی مدّعا پر ہمہ اذکیا
تو ملزوم تمپر یہ امر مہین
بھی خیر القرون نزدِ اہلِ شعور
خلافِ حدیثِ بخاری عیان
وہ خیر القرون سے بلا امترا
تو باطل یہ ہے قول ای ناقصان

اِسیطورسے ہی بلا اِشتباہ		حدیثِ بخاری جو اِسپر گواہ

عن ابی ھریرۃ رضہ انہ قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بُعثتُ من خیر قرون بنی آدم قرناً فقرناً حتی کنتُ من القرن الذی کنتُ منہ رواہ البخاری رحمہ اللہ البارک

کہ لابد یہ فرمانِ خیرُ الوریٰ		درودِ خدا اونپہ صبح و مسا
کہ پیدا کیا مجکو ربُّ السّما		اونہونسے جو خیرُ القبائل سدا
حمیدہ خصائل سے وہ سرفراز		سدیدہ شمائل سے وہ بانیاز
یہانتک کہ مین اُنسے ظاہر ہوا		جو عبداللہ وُ آمنہ پُر صفا
حدیثِ دگر ہے یہ روشن بیان		کہ اسطور فرمانِ شاہِ شہان

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام وعلی الہٖ واصحابہ الکرام ان الارض لم تخل عن سبعۃ مسلمین فصاعداً یدفع اللہ بہم عن اھل الارض وفی روایۃ سیّدنا علی رضی اللہ عنہ لم یزل علی وجہ الارض سبعۃ مسلمون فصاعداً فلولا ذلک ھلکت الارض ومن علیہا اخرجہ عبدالرزّاق وابن المنذر بسند صحیح علی شرط الشیخین رضہ

کہ خالی نہین یہ زمین زینہار		کبھی سات مسلم سے ای ہوشیار
تو ممکن از ین بیش ہون وہ کبار		و لے اسّے گا ہے نہ کم زینہار
کرے دور اہلِ زمین سے خدا		اونہونکی وجاہت سے رنج و بلا
نہ موجود گر سات وہ مسلمین		تو نابود ہو ارض و اہلِ زمین
کہ رحمت خدا کی وہ اہلِ صفا		عَلٰی وَجہِ اَرضین و تحتَ السّما
جو ہین ابنِ مُنذر سے معتبر		دگر عبدِ رزّاق اہلِ خبر

که میرے سوا اور تیرے سوا — زمین پر نه مومن کوئی تیسرا
تو یه اور بالا حدیثِ مُبین — که از ہفت مومن نه خالی زمین
تو اِن دو مین کسطور تطبیق ہو — تعارض اوٹھے اور توفیق ہو
تو اِسکا اِسیطور سے ہی جواب — جوابِ لبیبان جو ہی پُر صواب
که اِس اَرض سے ہی یه لابد مُراد — که جسمین ہوا اونپه ظُلم و فساد
خلیلِ خدا پر ہوا ہے پدید — صناروقِ ظالم کا ظلمِ شدید
نه روئے زمین جملہ آسّے مُراد — و الّا بلاریب ہووے فساد
که اوسوقت لُوطِ نبی بیگمان — وہ اِیمان مین ثالث بلاشک عیان
نَعَم اوس زمان چار باقی جہان — جو مومن وہ لاریب تھے در نہان
تو اُسمین تعارض نہین زینہار — یه نجمُ المبین مین مفصّل نگار
خدایا تو اَب مجکو توفیق دے — عنایت سے تحقیقِ تنمیق دے
که شیرین بیان ہون حُبِّ جنان — تو ہون آسّے محظوظ اہلِ جنان
لکھون ذکر منصوص آیات سے — بھی مخصوص ہی جو روایات سے
که آباؤ اَجدادِ خیرُ الوریٰ — ہمہ اہلِ ایمان بلا اِسترا
رہین جوکه اِس ذکرِ پُر مُستقیم — وہ ہون لائقِ دیدِ نورِ قدیم

غیوری بھی اوس دید سے شاد ہو
که دیدِ محمدؐ سے آباد ہو

لاَ آیئے صلوات و صدہا سلام — تصدّق وہ بر فرقِ خیرُ الانام
بھی آل و صحابہ پہ بااِحترام — بھی آبائے خیرُ الوریٰ پر مدام

کہ فرمانِ خلاقِ پروردگار | یہ قرآن مین لاریب ہی آشکار

وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ

جو ہی عبدِ مومن بلاریب خیر | جو مشرک وہ ہی معدنِ شر و ضیر
تو ثابت ہوا اِسّے یہ بالیقین | کہ آبائے خیر الورا مومنین
وہ سب اہلِ توحید اہلِ جنان | نہ ہرگز کوئی اونمین از مشرکان
کہ ہین جملہ وہ خیر اہلِ زمین | وہ اپنے زمانیمین تھے بہترین
کہ ہر وقت موجود جو مومنان | وہ خیر القرون ہین بلاشک جہان
اونہین چھوڑکر پھر خدائے حسیب | رکھے مشرکونمین وہ نورِ حبیب
تو یہ سب خلافِ نقول و عقول | خلافِ فروع و اصولِ فحول
نہ مانے اسے جو کہ اہلِ وصول | مگر جو کہ ہین بے حیا پر جہول

فان قلت قد ورد فی الحدیث ان سیدنا ابراهیم علیه الصلوٰة والتسلیم قال لسیدتنا سارة رضی الله عنها حین ارسلها الی الجبار لیس علی وجه الارض مومن غیری وغیرك وهذا معارض للاحادیث التی وردت فی عدم خلو الارض عن سبعة مسلمین فصاعدا فما الجواب قلنا ان المراد بالارض فی هذا الحدیث هی التی وقع فیها ما وقع لسیدنا ابراهیم علیه السلام لا الارض کلها لما علمت ان سیدنا لوطا علیه السلام ثالثهما فی الایمان فی ذلك الزمان ایضا فلا تعارض اصلاً

اگر تیرے دلمین یہ ہو اشتباہ | کہ اِسطور قولِ خلیلِ اِلٰہ
جو خاتون سارہ کو وقتِ روان | سوئے ظالمے حاکمِ مصریان

روایت کیا ابنِ سعد و جریر — بھی اُس ابنِ منذر جو ہر و شفضیر

وہ بزّار و حاکم جو عالی مقام — وہ ابنِ ابی حاتمِ نیک نام

یہ از ابنِ عبّاس ہین راویان — ہوا اُنسے راضی خدائے جہان

کہ آبائے خیر الورا بالیقین — ز آدم الیٰ نوح سب مومنین

کہ مابینِ آدم و نوحِ نبی — یہ دہ قرن بر دینِ ایزد بھی

خدا کی شریعت پہ تھے وہ تمام — وہ بر دینِ اسلام جملہ کرام

ہوا اونمین جب اختلافِ عیان — تو نبیونکو بھیجا خدائے جہان

قال فی مفاتیح الغیب عن عطاء رضی الله عنه لم یکن بین نوح و ادم علیہما السلام

من ابائہٖ کافر و کان بینہما و بین ادم علیہما السلام عشرۃ آباء

یہ فرمانِ رازی ز رازِ نہان ہے — مفاتیح تفسیر مین ہے عیان

کہ آدم سے آبائے نوحِ نبی — نہ زنہار کافر مسلمان سبھی

تو اِن دو مین آبائے عشرہ تمام — یہی دس قرون جملہ نزدِ فہام

بھی روح البیان مین یہ ایسا عیان — اوسی خبرِ ائمہ سے روشن بیان

قال فی روح البیان بروایته عن ابن عباس رضی الله عنهما لم یکفر لسیدنا

نوح علیه السلام اب من آبائه ما بینه و بین آدم علیه السلام وکان والله

مسلمین علی ملة سیدنا ادریس علیه السلام واسم ابیه لامك بن متوشلخ

علی وزن الفاعل و اسم اُمّه شمخا بنت انوش

کہ آدم سے آبائے نوحِ نبی — ہمہ اہلِ توحید مومن سبھی

جو ماں باپ اُنکے مسلمان ضرور — وہ تھے دینِ ادریس پر بیفتور

وصل تیسرا اون آیاتِ منصوصہ و روایاتِ مخصوصہ مین کہ جنسے ثابت ہی نزدِ ائمہ دین کہ ہمہ آباؤ اُمہاتِ شفیع الورا علیہ الصلوٰۃ والثنا مومنین ہی ازانجملہ یہ آیات بیّنات ہین بالیقین کہ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ دوسری آیت وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ تیسری آیت وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَٰذَا الْبَلَدَ آمِنًا وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ أَن نَّعْبُدَ الْأَصْنَامَ چوتھی آیت رَّبَّنَا إِنِّي أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ عِندَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيمُوا الصَّلَاةَ پانچوین آیت رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلَاةِ وَمِن ذُرِّيَّتِي

سنو اے محبّو بگوشِ قبول
خُبوری سے ہرگز نہو تم ملول

کہ آدم سے عبداللہ تک جو بیان
بھی مخصوص اُسمین روایات ہین

کلامِ الہی سے ہے وہ عیان
اوسی مین جو منصوص آیات ہین

اخرج ابن سعد عن ابن عباس رضی اللہ عنہم انہ قال ما بین نوح وآدم علیہما الصلوٰۃ والسلام آباؤہ صلے اللہ علیہ وسلم کانوا علی دین الاسلام واخرج ابن جریر وابن ابی حاتم وابن المنذر والبزار والحاکم وصححہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہم انہ قال کان بین آدم ونوح علیہما السلام عشرۃ قرون کلہم علی شریعۃ من الحق فاختلفوا فبعث اللہ النبیین صلعم

پسر اونکے ارفخشدِ نیک نام
وہ مومن بلاریب نزدِ فہام

کیا نوح نے اُنکے حق مین دعا
کہ اولاد اُنکی مین رہے اے خدا

وہ نورِ نبوّت وہ مُلکِ زمین
تو دونو کے جامع ہوئے بالیقین

یہ از ابنِ عبّاس اظہر بیان
کیا ابنِ عبدالحکم نے عیان

جو تاریخ ہی مصر کی اے جوان
تو مذکور اوسمین وہ ہی بیگمان

جو ہین سعد کے ابن ای نیکدان
وہ ہین ابنِ کلبی سے راوی عیان

کہ بابل مین دائم ہمہ مُسلمین
نہ ہرگز کوئی اونمین از مشرکین

یہ نوح نبی سے بلا اِسترا
یہانتک کہ نمرود حاکم ہوا

کیا حکم نمرود پھر آشکار
کرو بُت پرستی صغار و کبار

تو پیدا کیا تب خداوندگار
خلیلِ نبی کو بعزّ و وقار

خلیل و سماعیل نے اے فہام
خدا سے دعا کی بصد اہتمام

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْ عَلَيْهِمْ اٰيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اى مخلصين لك والمراد به طلب الزيادة فى الاخلاص والاذعان والثبات عليه واجعل بعض ذريتنا جماعة مخلصة لك بالعبادة واراد به العرب لانهم من ذريتهما وابعث فى تلك الجماعة المسلمة من اولادنا رسولا من انفسهم فان البعث فيهم لا يستلزم البعث منهم ولم يبعث من ذريتهما غير نبينا خاتم الانبياء عليهم الصلوة والثناء فهو الذى اجيب به دعوتهما هذا ملخص ما فى التحبير ومفاتيح الغيب وروح البيان وغيرها من زبر اهل الاتقان

کتاب خدا مین یہ فرمان ہے
کہ نوح نبی کا یہ تبیان ہے

رَبِّ اغْفِرْ لِی وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الآیۃ

مجھے بخش اے میرے پروردگار
بھی مان باپ میرےکو باصد وقار
جو ترک فضیلت ہوئی آشکار
تو مغفور کر اُسکو اے کردگار
جو ہین اہل میرے وہ از مومنان
جو ہون مومنان تا قیامت عیان
تو کر سبکو مغفور اے مہربان
طفیل محمد شہ مُرسلان
پدر راونکا لامک وہ نیکو سیر
جو مان اُنکی شمخا ہسے نامور

ہوا اُنسے راضی خدائے جہان
خیوری سے راضی طفیل مہان

قال فی سُبل النجاۃ وسیدنا سام بن نوح علیہما السلام مومن بنص القرآن والاجماع بل ورد فی الخبر انہ نبی وولدہ ارفخشد مصرح بایمانہ فی الخبر عن ابن عباس اخرجہ ابن عبد الحکم فی تاریخ مصر رضی اللہ عنہم وفیہ ایضا انہ ادرک جدہ سیدنا نوحا علیہ السلام وانہ قد دعی لہ ان یجعل اللہ الملک والنبوۃ فی ولدہ وروی ابن سعد من طریق ابن الکلبی رضی اللہ عنہم ان الناس ما زالوا ببابل وھم علی الاسلام من عہد سیدنا نوح الی ان ملکھم نمرود فدعاھم الی عبادۃ الاوثان وفی عہد نمرود کان سیدنا ابراھیم علیہ الصلوۃ والتسلیم

جلال سیوطی کا سُبل النجات
کیا اُسمین اِسطور سے یہ ثبات
کہ نوح نبی کے جو ہین ابن سام
وہ مومن بلا ریب اے نیکنام
یہ ہے نص قرآن سے روشن بیان
حدیثو نمین اُنکی نبوت عیان

تو آباؤ اجدادِ خیر الانام — ہمہ اُمّتِ مسلمہ سے کرام
سماعیل سے تا رسولِ خدا — ہوئی جملہ سنی پشت اہلِ صفا
وہ ہین مخلصان خدائے کریم — وہ لاریب ہین اہلِ قلبِ سلیم
وہ اہلِ ولایت وہ جملہ عظام — وہ مُلّاکِ ولایت مین عالیمقام
وہ ہین اولیا مین اخصّ الخواص — وہ از انبیا بعد با اختصاص
دلائل جو اسکے ہین بسے آشکار — وہ نجم المبین ہین زمین پر [illegible]
ازانجملہ ہے یہ دعائے خلیل — جو مقبول نزدِ خدائے جلیل
کہ ہو اُمّتِ مسلمہ لک ضرور — یہ ہو خالصہ مخلصہ بے فتور
کہ تخصیصِ لک سے یہ لابد مرام — کہ وہ جملہ ہوں اولیائے کرام
ہوئے اُنسے جو عارفانِ عظام — وہ آباؤ اجدادِ خیر الانام
کہ خیر القرون سے وہ بے اشتباہ — حدیث بخاری بھی اسپر گواہ
جو اصحاب ہین میمنہ در کتاب — تو اُنسے وہ افضل بلا ارتیاب
بہر دو سرے وصل مین آشکار — احادیثِ خیر الورا سے نگار

ثم جعل الله القسمين اثلاثا اي بجعل القسم الاول للذين هم ارباب السعادة صنفين فجعلني من خيرها ثلثا وهم المقربون وذلك قوله تعالى فاصحاب الميمنة واصحاب المشأمة والسابقون السابقون فانا من السابقين وانا خير السابقين بفخر

الحديث رواه البيهقي والطبراني عن ابن عباس وغيرهم رضي الله تعالى عنهم

کہ اہلِ سعادت کو پروردگار — کیا جبکہ دو قسم پر آشکار
تو اُن دو مین افضل جو تھی برملا — تو اُنسے کیا مجکو پیدا خدا

کہ پروردگارا کریم و رحیم
تو رکھ ہمکو ثابت باِخلاص تام
بذاتِ حقیقی فدا ہو یہ ذات
یہ جان و جنان مال تجپر فدا
نہ تیرِ بلا سے کرین ہم فرار
بلا ہو عطا و جفا ہو وفا
اسیطور کرے جہان آفرین
وہ ثابت قدم ہون عباد امین
وہ توحید مین ہون سلیم الجنان
تو مقصود اُنسے وہ قوم عرب
خدا یا تو کر اُنسے پیدا رسول
وہی اُنسے کر سیدُ الاصفیا
پڑھے اونپہ آیاتِ ایزد مدام
کرے اونکو تلقین ایسی نصوص
ز تزکیۂ نفس ہون باسرور
تو لاریب ذاتی عزیز و حکیم
تو اونکی ہوئی یہ دعا مستجاب
سماعیل سے تا حبیب خدا
وہی اُمتِ مسلمہ بالیقین

تو ہی ربِّ یکتا عزیز و حکیم
فدا تیرے فرمانپہ ہووین مدام
باِخلاصِ نیّت بجملہ صفات
کرین تاکہ ہو اُسسے حاصل رضا
نہ تیرے سوا غیر سے ہو قرار
تمنا نہو جز لقاؤ رضا
ز اولادِ ما زمرۂ مسلمین
وہ ہون مخلصین جملہ طاعات مین
وہ تجرید و تفرید مین کاملان
جو سُکّانِ بلدِ امین باادب
کہ ہون جملہ اُسسے وہ اہلِ وصول
جو لاریب ہے خاتم الانبیا
کرے اونکو تعلیم تیری کلام
کہ ہون جملہ جسسے وہ اہلِ خصوص
رہین ماسوی اللہ سے دائم وہ دور
ہمہ عیب سے فعل تیرا سلیم
جنابِ الٰہ مین بلا ارتیاب
تو اونکی جو اولاد مومن سدا
یہی اُمر قرآن سے از بس مبین

کہ ہوا اُسنے حاصل سے مجے افتخار ... درین دارِ دنیا ؤ روزِ شمار

کہ اونکی شہادت سے مین کامیاب ... وہ فیاضِ ابدی بلا ارتیاب

بشارت یہ عیسیٰ نے دی بیگمان ... صحابہ کو از شانِ شاہِ شہان

مُبشّر ہوئے پھر وہ بہرِ دگر ... ز اظہارِ احوال خیر البشر

تو ایمان وہ لائے بصدق و یقین ... کہ محبوبِ حق سیّد المرسلین

یہ مُستغفری نے روایت کیا ... بھی عُلمائے دیگر نے جو اتقیا

دلائل شواہد مین ہے یہ بیان ... نبوت کی اثبات مین جو عیان

ہوا پھر یہ فرمانِ خیر الورا ... کہ مَین دیدِ اُمّی بلا امترا

کہ اُنسے ہوا جبکہ میرا ظہور ... تو یہ دید اونپر ہوئی با سرور

کہ یک نور اُنسے ہویدا ہوا ... وہ نورِ خدا اونسے پیدا ہوا

تو ظاہر ہوئے شام کے سب قصور ... اُسے نور سے اونپہ با صد ظہور

یہ ہی شرحِ سُنّہ مین لا بذ نگار ... یہ ہی ابن حنبل سے بھی آشکار

تو رویائے مذکور سے یہ مراد ... کہ یقظے مین دیکھے وہ قصرِ بلاد

وہ ہے رویتِ عین سر بیگمان ... نہ ہی خواب مین وہ بچشمِ جنان

یہ از شرحِ مشکات مسطور ہے ... وہ لمعاتِ عربی جو مشہور ہے

خیبوری یہ مذکور بدرِ منیر ... ولے شمس دیکھے نہ چشمِ ضریر

کہ ثابت ہوا جب یہ نزدِ فحول ... صریحا ز قولِ خدا ؤ رسول

کہ از اُمّتِ مسلمہ بیگمان ... تولّد ہوئے شافعِ دو جہان

وہ ہین در کلام خدا سابقین
وہ مجھسے مین اُنسے ہوا بالیقین
ولے اُنسے برتر ہے میرا مقام
تو مین اُنسے افضل نہ اسمین کلام
ہوئی جبکہ مقبول اونکی دُعا
تو اسطور فرمان خیر الورا

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام انی کنت عند اللہ خاتم النبیین وان ادم لمنجدل فی طینہ وساخبرکم من اوّل مری انی دعوۃ ابراہیم وبشارۃ عیسےٰ ورویا امی التی رات حین وضعتنی وقد خرج منہا نور اضاءت لہا منہ قصور الشام رواہ فی شرح السنۃ عن العرباض والامام احمد والبیہقی والحاکم وابن حبان رضی اللہ عنہم

کہ آدم کا ہرگز نہ تہا جب وجود
کہ مطروح در طین تہا اونکا بود
کہ طین عدم مین وہ گوشہ نشین
وہ علم الٰہی مین تھے ساکنین
تو مین خاتم الانبیا وس مان
خدا بعد سب سے مین اوّل عیان
نہ تھا عرش و فرش زمین کا نشان
تو مین تب حبیب خدائے جہان
تو اوّل جو تھا امر میرا نہان
کرون تمسے اب اسکا روشن بیان
کہ ہون مین دعائے خلیل خدا
صلوٰۃ خدا اُنپہ صبح و مسا
خلیل خدا اسنے کیا التجا
کہ اولاد میری سے کر اے خدا
پسندیدہ یک زمرۂ مومنین
کہ ہون اُنسے پہر سید المرسلین
تو ایزد نے کی آنکی دعوت قبول
تو اُن مومنونسے ہوا مین رسول
بشارت جو عیسیٰ نے دی بیگمان
تو مین وہ مبشر رسول جہان
کہ ہون وہ عرب مین شفیع الانام
وہ ہین خاتم الانبیائے کرام
تو گر نعل پا اونکا ہو یہ جنان
تو ہی یہ رضائے خدائے جہان

تو کیونکر یہ ثابت ہوا ای فحول
کہ ہین اُمتِ مُسلمہ سے رسول

ہمہ اُنکے اجداد وے تھے مُسلمین
نہ ہرگز کوئی اُنسے از مشرکین

خیوری سے اسکا سنو اب جواب
جواب مُصفّا بلا ارتیاب

کہ لاریب یکتا خلیلِ خدا
سماعیل اونکے پسر باصفا

تو اولاد اونکی مین لابد مدام
مُوَحِّد مُسلمان بصد احترام

نہو اُنسے زنہار خالی زمین
زوقتِ خلیلی اِلیٰ یوم دین

اگرچہ زمین پر ہمہ مشرکان
تو پھر بھی ازان نسل ہون مومنان

کہ نسلاً اِلیٰ نسل ہے اتّصال
کسیوقت اونمین نہو انفصال

کلامِ خدا سے یہ اظہر بیان
حدیثِ نبی سے یہ اَبہر عیان

اِسی پر ہمہ سابقینِ کرام
مُحدِّث مُفسِّر باجماع تام

سُنو مجھسے پہلے کلامِ خدا
کہ روشن ہوا جسسے یہ مُدّعا

قال الامام مصباح الظلام فی التفسیر الکبیر والحافظ الطمطام مفتاح المرام فی التحریر والتحبیر رحمهما الله العلام بلطفه الکثیر الوفیر وَجَعَلَهَا ای سیدنا ابراهیم علیه الصلوٰة والتسلیم کَلِمَةً ای کلمة التوحید التی تکلم بها وهی قوله اِنَّنِیْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ جاریًا مجری لا اله وقوله اِلَّا الَّذِیْ فَطَرَنِیْ جاریًا مجری الا الله فکان مجموع قوله اِنَّنِیْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا الَّذِیْ فَطَرَنِیْ جاریًا مجری قوله لا اله الا الله ثم بیّن الله تعالیٰ ان ابراهیم علیه السلام جعل هذه الکلمة بَاقِیَةً فِیْ عَقِبِهٖ ای فی ذریته فلا یزال فیهم من یوحد الله ویدعو

تو انہیں بین الشمس ہے یہ مرام — کہ لابد خلیلِ خدا سے مدام
الٰہی ذات عبد اللہ جملہ جدود — وہ ہین شرک سے پاک اہلِ سعود
وہ تھی ہین کافر نہین زینہار — ہمہ اہلِ توحیدِ پروردگار
یہان معترض اسطرح منکرین — کہ تھے اہلِ مکہ ہمہ مشرکین
وہ تھے بت پرستی مین لیل و نہار — وہ تھے دہ صدی سے دران کار بار
نہ توحیدِ ایزد سے وہ ماہرین — وہ لاریب اصنام کے عابدین
یہانتک کہ جسوقت خیر الورا — درود خدا اُنپہ صبح و مسا
کیا ذکرِ توحید اُنسے بیان — تو منکر ہوئے اُس سے وہ مشرکان
سماعیل ابنِ خلیلِ اِلٰہ — درود خدا اونپہ شام و پگاہ
خدا اولاد اونکی بغیرِ عرب — اوسی ذات سے ہی عرب کا نسب
کلامِ خدا سے یہ روشن بیان — کہ اسطور قولِ ہمہ مشرکان

أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلَٰهًا وَاحِدًا إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۔ الآیۃ

خدا کا یہ قول غایت عجیب — غرائب سے یہ امر نزدِ لبیب
کہ لاریب ہے ایک معبود بس — نہ کوئی سوا اُسکے معبودِ کس
کیا سب خدا اونکو واحد خدا — کیا حصر اُس ایک پر سب عطا
[illegible] سلاف تھے پر عقول — فطانت مین جملہ وہ ازبس فحول
[illegible] وہ بنتے جاہلین — وہ کیا شرک پر تھے ہمہ مطبقین
[illegible] ہوئے ایک خیر الانام — ہمارے پدر کیا وہ جاہل تمام
[illegible] سمجھے نہ ربا — تو اونکا وہی طور تھا برملا

ولے اُن سے ہے یک تجلّی یہان		یہ ہو عینِ منکر یہ برقِ جہان

قال فی الجامع الکبیر وروح البیان وغیرهما من تفاسیر القرآن کغایة الامانی وروح الحقائق والمعانی وَجَعَلَهَا ای کلمة التوحید التی تکلّم بها سیدنا ابراهیم علیه الصلوة والتسلیم من قوله اِنَّنِی بَرَاءٌ اِلیٰ سَیَهْدِیْن عبارة عنها یعنی انّ البراءة من کل معبود سوی الله توحید للمعبود بالحق وقوله لا اله الا الله کَلِمَةً بَاقِیَةً فِیْ عَقِبِهٖ ای فی ذرّیّته فالقول المذکور بعد الخروج من النار وهذا الجعل بعد حصول الاولاد الکبار فلا یزال فیهم نسلاً بعد نسلٍ مَن یوحّد الله ویدعو الی توحیده وتفریده الی قیام الساعة وعقب الرجل ولده الذکور والاناث واولاده من بعده واولادهم هکذا قال الامام الراغب وغیره من اهل التحقیق رحمهم الله بلطفه الانیق ؎

خدا کے سوا جو کہ معبود ہین		وہ بطلا نہین جملہ معہود ہین
تو بیزار اون سے خلیلِ خدا		خدا پر فدا وہ بلا اِستمرا
کہ توحیدِ حق اونکا اصلی مرام		تو چاہا کہ وہ بعد میرے مدام
بھی اولاد میریکو ہووے نصیب		تو مقبول ہون نزد ربِّ المجیب
یہی کلمۂ باقیہ بے فتور		یہی کلمۂ طیّبہ ہے ضرور
یہ آیت کا معنے ہوا بیگمان		کہ اولاد میں ہون ہو مومنان
ہمیشہ اسی نسل سے مومنین		یکے بعدِ دیگر رہین بالیقین
خدا نے کیا اُنکی دعوت قبول		تو اونمین ہوئے مومنانِ فحول
وہ توحیدِ ایزد پہ دائم مُقیم		وہ داعی اِلَی اللہ وہ اہلِ نعیم

الی توحیدہ لعلھم یرجعون ای لعل من اشرک منھم یرجع بدعاء من وحد اللہ منھم

یہ فرمانِ ایزد بسے خوش بیان　　یہ حکم زخرف مین ہی بیگمان
کہ جسوقت لابد خلیلِ خدا　　ہوئے اہلِ اولاد بین الورا
تو حق سے کیا اسطرح سے دعا　　کہ اے خالقِ مالکِ دوسرا
بہ تحقیق ہین یہ طلب گار ہون　　بتونکی عبادت سے بیزار ہون
کہ توحید تیری رہے مستقیم　　کہ تو خالقِ خلق یکتا کریم
مجھے فضل سے تونے پیدا کیا　　بھی ارض و سماء ہویدا کیا
تو معبودِ یکتا یکے ذات ہے　　تو مخصوص بہرِ عبادات ہے
توئی ہادیئے خلق سب اہترا　　ہدایت کو تونے دیا اہتدا
یہ میرا مقولہ جو ہے آشکار　　یہی کلمۂ طیبہ کا مدار
تو اِس کلمۂ طیبہ کو مدام　　بیس من الی وقتِ یوم القیام
جو اولاد میری اناث و ذکور　　تو رکھ انمین اسکو برائے ظہور
کوئی فرد گر میری اولاد سے　　کرے شرک با کفر الحاد سے
تو لابد کرے اُسسے پھر وہ فرار　　کرے دینِ اسلام کو اختیار
دعائے موحد سے سب اہترا　　تو یہ نسل میری سے بھی ہو سدا
یہ تحریر و تحبیر کا ہے بیان　　مفاتیح تفسیر مین ہے عیان
بھی روح البیان مین یہی ہے درین　　بھی دیگر تفاسیر مین بالیقین
یہ الفاظ اونکے بسے معتمد　　یہ ہین جملہ مضمون مین متحد
وہ نجم المبین ہین جو نجم مبین　　لرجم الشیاطین زہے وہ متین

سویدا کا تبییض گر ہے مراد — تو سودائے ابیض کو رکھ در فواد
تو رکھ دلمین اِسطور پر اعتقاد — کہ احمد حبیبِ خدائے عباد
یقیناً وہ ابیض نہ اونمین سواد — سیادت ہے اجمل وہ کنزِ وداد
نہ مستور حق نے کیا اونپہ غیب — خدا بعد وہ اُنمین ہرگز نہ عیب
نسب اونکا پاکیزہ لاریب ہے — نہ اونمین کسیطور کچھ عیب ہے
منزہ نہ اونمین کوئی عیب ہے — وہ نورِ قدیمی بلا ریب ہے
نہ ہو منکر کون مین وہ نورِ قدیم — جو ہو اِسکا منکر وہ لابد رجیم
کہ وہ کلمۂ باقیہ ہے ضرور — کہ ہی جسسے نسلِ خلیلی مین نور
وہی کلمۂ طیبہ آشکار — کہ وہ طیبِ طیبونِ رکھبار
نہو دلمین تصدیق اونکی عیان — توکب نورِ ایمانسے روشن جنان
کہ توحید وایمان کا جملہ مدار — اوسی ایک تصدیق سے برقرار
کہین اوسکو حبّ محمد تمام — کہ حبّ محمد وہ ایمانِ تام
جو حبّ محمد نہو در جنان — تو معدوم ایمان وہان بیگمان
جو ہو اُسسے باللہ باقی البشر — تو وہ کلمۂ باقیہ مشتہر
جو لاریب ہے باقیہ وہ مدام — تو فانی مین ہرگز نہ اوسکا مقام
جو وہ طیبہ ہے بصد اعتبار — تو کیونکر خبیثون مین ہو باقرار
یہی التجائے خلیلِ خدا — کہ ہو نسل میری مین اے کبریا
وہ باقی وہ طیب وہ نورِ ہدیٰ — جو ہے باعثِ خلقِ ارض وسما
ہوا اُنکے صدقے سے میرا وجود — وہ جودِ وجود وحبیبِ ودود

قیامت کے دن تک وہ ہون مومنان
نہون منقطع وہ کبھی در زمان

عقب کا یہ معنے ہوا لا کلام
کہ دنیا مین اولاد ہو جو مدام

کسی شخص سے بعد بے انترا
مذکر مؤنث ہمہ بالسّوا

عقب اونکو فرمائین جملہ فہام
اسیطور مذکور کتب کرام

یہ قولِ خلیل خدا لا کلام
کہ بیزار ہو نمین بتونسے مدام

اِنَّنِی بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ

تو لابد یہ ہے بعدِ گلزار نار
یہی معنے توحید پروردگار

یہی مرجع ہا بسے آشکار
جو ہی جعلہا مین وہ آئے ہوشیار

ہوئے اہل اولاد جب وہ خلیل
کیا تب دعا یہ کہ ربّ جلیل

رکھے نسل میری مین توحید کو
تو ہون اہلِ ایمان وہ بیگفتگو

خیوری کا ہو خاتمہ اے وحید
اوسی قال پر جو وہ قولِ سدید

بھی اولادِ طین اور دین جو مرید
بھی احباب اسکے جو ہین وہ رشید

بھی جو مجلسِ وعظ مین سامعین
وہ ہین اہلِ سنّت بقلبِ رصین

تو کر خاتمہ اونکا اے کردگار
اسی قول پر جسپہ ہین جان نثار

وہ ذکرِ محمد یہ قولِ سداد
خدا کی قسم ہے خدا کی وہ یاد

وداد محمد سے جو با سداد
وہ پاکیزہ نسبت سے ہی بامراد

نہو منقطع یہ نسب زینہار
یہ باقی رہے تا بروزِ شمار

سُوَیدا کا سودا نہو از سواد
نہ تسوید سے ہووے ابیض فواد

کہ جبتک نہ دنیا مین آئے رسول — تو تھا اوسکا عرفان یقیناً قبول
اُولُو العِلم سے وہ بلا ریب تھا — نہ توحید اوسکی مین کچھ عیب تہا
ہوئے جبکہ پیدا حبیبِ خدا — خدا جنسے پیدا بلا امترا
تو اب حکم ہے انکا توحید مین — یہ مقصودِ توحید و تمجید مین
سوا حکم انکے نہ توحید ہے — جو بے حکم اِنکے وہ تسوید ہے
لہذا وہابی کی توحید جو — وہ توحیدِ ابلیس ہے گفت گو
خودی سے مُوَحّد وہ ہی خودنما — نہ حکمِ نبی سے مُوَحّد ہوا
تو ہر طور مقصود خیر الانام — وہ توحیدِ ایزد وسیلۂ مرام
ہوئے جبکہ نوّاب خیرُ الانام — ز آدم ہمہ انبیائے کرام
شرائع جو لائے وہ بین الورا — تو اونکی شریعت وہ بے امترا
یہ جملہ طفیلی وہ بیشک اصیل — چہ موسٰی چہ عیسٰے چہ یکتا خلیل
تو تقدیمِ تہلیل ہین وہ کرام — مُشرّف ہوئے بہر خیرُ الانام
ہوئے جبکہ وہ جملہ عبدُ الرّسول — تو یہ امر معہود نزدِ فحول
کہ ہے عزِ مَولا جو عزِّ غلام — تو وہ عزِّ احمد ہوا لا کلام
یہ لاریب ہی نکتہ ازبس دقیق — جو اہلِ بصارت یہ اُنکا رفیق
اگر اسکی تفصیل منظور ہے — تو نجم المبین مین وہ مسطور ہے
و لے چند کلمے یہان آشکار — او نہین اپنے دلمین تو کر اب نگار

اعلم ان الاٰیۃ الجلیلۃ وَابْتَغُوْا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ تقتضی تقدیم محمد رسول اللہ
علی کلمۃ لا الٰہ الا اللہ ولکن قد ورد فی الحدیث القدسی الخیری اولیائی

وہ نورِ قدیمی وہ نورِ سداد
رہی نسل میہ مین اُنکی وِداد

تو ہون اُمّتِ مُسلِمہ وہ ضرور
وہ نورِ علےٰ نور سے پُر صدور

تو ہو اُنسے ظاہر وہ سِرِّ سرور
خدائی کا جسّے ہوا ہے ظہور

یہی کلمۂ باقیہ سے مُراد
مُرادِ خیوری یہی باسداد

جو تحصیلِ وصلِ حبیبِ خدا
ز وصلِ خدا ہے وہ اشکل سدا

کہ وہ نورِ محبوبِ فیضِ قدیم
وہ محجوب تحتِ قبائے عظیم

وہ ہی کنزِ مخفی سے حُبِّ خدا
نہو قُرب اوسکا کسیکو عطا

مگر جسکو چاہے خدائے کریم
کرے اُسکو روزی وہ قُربِ فخیم

مدد جب کرے اوسکی پروردگار
تو اوس نور پر وہ کرے جان نثار

لہذا مقدّم وہ توحیدِ رب
کہ اُس قُرب کا ہی یہ لابد سبب

تو کلمے مین تہلیل سے ہے پیشتر
محمدؐ رسول اللہ پر اے بشر

کہ لابد وسیلۂ وصالِ حبیب
وہ ایزد ہوا خود ز ہے یہ نصیب

کہ مقصود اُسّے بلا اِمترا
وہ تصدیقِ حُبِّ حبیبِ خدا

جہان جزوِ اوّل یہ ہی اِکتفا
تو مقصود اُسّے وہی برملا

کہ یہ اَمر معہود نزدِ کرام
کہ جب تک نہ بولے کوئی از انام

بحکمِ نبی یا باَمرِ عظام
اُسی جزوِ اوّل کو اے نیک نام

تو ہرگز مُوَحِّد نہو وہ مدام
کہ ایمان مین ہے جزوِ ثانی مرام

ز توحید گرچہ وہ عارف ضرور
ولے اُسکا عِرفان بلا اَمر زور

والتوحید لا یزال فی ذریۃ سیدنا ابراھیم من بعدہٖ علیہ الصلوٰۃ والتسلیم

قتادہ سے بھی یہ روایت عیان
کہ معنے یہ آیت کا ہے بیگمان

کہ وہ کلمۂ طیبہ ہو مدام
بہ نسل خلیلی عَلیہِ السّلام

جو اونکی ہوئی وہ دعا مستجاب
جنابِ الٰہ مین بلا ارتیاب

تو دائم وہ توحیدِ ربّ السّما
رہی اونکی اولاد مین با صفا

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ الآیۃ

تجھے یاد ہے اے شفیعُ الوَرَا
کہ جب کی خلیلِ خدا نے دعا

کہ پروردگارا جہان آفرین
بفضلیکہ داری تو بر عالمین

یہی شہر جسمین وہ بیتُ الحرام
تو کر آمِنًا اوسکو با احترام

وہ محفوظ ہو سب بلیّات سے
خفیّات و جملہ جلیّات سے

مجھے میرے پسرونکو بھی بردوام
تو رکھہ بت پرستی سے محفوظِ تام

خلیلِ خدا کی دعا بالیقین
کہ اولاد میری ہین ہون مومنین

یہ ظاہر ہین ہے عام نزدِ فہام
و لے اُسّے مخصوص ہے یہ مرام

کہ ہو تسے سماعیل کی نسل مین
وہ توحیدِ حق بعض کے اصل ہین

نہ خالی کبھی اونسے اہلِ زمین
ہمیشہ رہین اونمین وہ مومنین

کہ پیدا کرے اُنسے جان آفرین
اونہین جو کہ ہین سیّدُ المرسلین

نسب پاک اونکا رہے بالضرور
ہمیشہ رہین مشرکونسے وہ دور

ہوا جنسے جملہ جہان کا ظہور
وہ فیضِ قدیمی خدا کا وہ نور

خدا شرک سے جبکہ بیزار ہے
جو مشرک وہی لائق نار ہے

تحت قبائی لا یعرفهم غیری واذا کان الولی المحبوب من المحبوبین فکیف یری من هو سید المحبوبین والی هذا قد اشار الله فی کتابه المیمون تراهم ینظرون الیک وهم لا یبصرون فلیس لیه الوصول لکل احد من الفحول الا بعون الله المامول فقدّم قول لا اله الا الله علی محمد رسول الله اذ لا یمکن قطع منازل محمد رسول الله الا بمدد لا اله الا الله ولا یصحّ وجود الایمان بعد مجیء الرسول الا اذا قال لقائل لا اله الا الله بقول محمد رسول الله فمدار الایمان علی الجزء الثانی لا علی الجزء الاول لانی فلذلک قال علیه الصلوٰة والسلام حتی یقولوا لا اله الا الله ولم یقل محمد رسول الله لتضمنه ذلک القول بالرسالة اذ قاله اقوله صلی الله علیه وسلم وان کان عارفا به قبل ذلک ولما کان نبینا سیّد لکل نبی الانبیاء والرسل وهم نوابه وهو الملک الاجل وعزّ العبید عند الفهام عزّ المولی علی لد وام قدّم قول التهلیل علی ذکر الرسول الجلیل فی سائر الشرایع للتبجیل هکذا فی الدر الفریدہ والفتوحات المکیة وغیرهما من الزبر السنیة

لہذا ہوئی یہ دعا از خلیل	کہ ہو نسل میری میں اصل اصیل
جلال سیوطی کا سبل النجات	یہ مذکور او ہمیں بسند ثقات

اخرج عبد بن حمید عن ابن عباس ومجاهد رضی الله عنهم فی الایة انها لا اله الا الله باقیة فی عقب سیدنا ابراهیم علیه الصلوٰة والتسلیم

روایت کیا عبد ابن حمید	مجاہد بھی عبد اللہ سے اک رشید
کہ آیت کا معنے بصد اعتبار	وہی کلمۂ طیبہ آشکار
وہی کلمۂ باقیہ بے گمان	بہ نسل خلیلی رہے جاودان
تو مومن رہیں او ہمیں دائم ضرور	الی وقت معلوم روز نشور

واخرج قتادة رضی الله عنه فی ایه وجعلها کلمة باقیة فی عقبه انها لا اله الا الله

بوادٍ غیر ذی زرعٍ وھو وادی مکّۃ المکرّمۃ لیس فیہ شئ من زرعٍ عند بیتک
المحرّم ربّنا لیقیموا الصلوٰۃ ای اسماعیل علیہ السّلام واولادہٗ ربّنا تقبّل دعائی
ھٰکذا فی التفسیر الکبیر وغیرہ من التفاسیر

کہ پروردگارا عفوّ و غفور — کیا مَینے ساکن بصدق و سرور
اوسی نسل میری کو جو پُرتمیز — سماعیل و اوسکی جو نسلِ عزیز
اِسی ایک وادی مین جسکی سرشت — کہ ہرگز نہین اُسمین کچھ کارِ کشت
یہ وادی بلاریب درکوہسار — تو ہرگز نہو اوسمین کچھ کشت کار
منافع جو دنیا کے ہین بیشمار — تو ہی سب سے بہتر وہی کشت کار
جہان باغ خندان زہے از انار — تو شیدا وہان بلبلِ جان نثار
وہان عیش و عشرت کا سب کاربار — کہ حاصل وہان حظِّ نفس آشکار
تو وادیئے مکّہ مین نزدِ فہام — نہ ہے عیشِ دنیا کا ظاہر مین نام
مُکرّم جو ہے تیرا بیتُ الحرام — کیا اِسکے نزدیک اُنکا مقام
کہ قائم رکھین وہ ہمیشہ نماز — بصد شوق اوسکو پڑھین بانیاز
کیا اونکو ساکن اسی جائے پر — نہ مقصود ہی اُسسے چیزے دیگر
مگر یہ کہ تیری عبادات مین — رہین چُست و چالاک دِنرات مین
جو افضل عبادات مین ہی نماز — کہ اُسسے یہ بندہ بنے سرفراز
وہ معراجِ مومن بقولِ رسول — کہ ہی اُسسے بیشک عروجِ قبول
کہ تزکیۂ نفس اوسسے مدام — وہ ہے قرّۃ العین کا بھی مقام
جو مُشرک سدا اُسسے بیزار ہے — کہ یہ فعل اوسپر گران بار ہے

تو اسکا نہ اوس نور سے کار ہے
یہ اوس نور کے کب سزاوار ہے

چو کلب و خنازیر ہین مشرکین
تو رحمت خدا کے وہ کب حاملین

یہ اولاد ہے خاص عالی حسب
سماعیل سے جنکا لابد نسب

جو تھے ساکنِ شہرِ بیت الحرام
وہ ہین اہلِ اسلام اُمین مدام

کہ مخصوص ہے یہ دعا مستجاب
یہ اُنکے لئے جنکا مکہ مآب

نہ اولادِ صُلبی یہان پر مُراد
ہوئے متفق اسپہ اہلِ سداد

کہ اولادِ صُلبی وہ سب انبیا
وہ ہین انبیا ہین سب اصفیا

نہ اصنام پوجین کبھی وہ کرام
کہ وہ شرک سے پاک لابد مدام

اگر ہو یہان نسلِ صلبی مرام
تو یہ لغو دعوات سے لاکلام

تو ثابت ہوا اسّے اے پرضیا
یہ اونکے لئے جو نہین انبیا

تو بیشک وہ نسلِ سماعیل ہے
اسیطور ارشادِ تنزیل ہے

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا الاٰیۃ

کہ آیت مین ہے ذکر یہ بیگمان
کہ اے رب یہ ہو شہر دارُ الامان

تو کرسمین ایسے وہ اہلِ امان
کہ ہرگز نہون وہ کبھی مشرکان

وہ بیزار ہون شرک سے ہر زمان
وہ نسلاً الی نسل ہون مومنان

تو موصوف ہو شہر بیت الحرام
کہ ہے اُنسے یہ دارِ امن تمام

خیوری تو کر اسّے اظہر بیان
کلامِ خدا سے جو روح الجنان

رَبَّنَا اِنِّیْ اَسْکَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ اَیْ بَعْضَ ذُرِّیَّتِیْ وَ هُوَ اِسْمَاعِیْلُ وَ مَنْ وُلِدَ مِنْهُ

یکے بعد دیگر انہون مین ضرور
وہی کلمۂ باقیہ با سرور

مظاہر وہ اوس نور کے لاکلام
وہ نورِ خدا ہے خدائے انام

وہی کلمۂ طیبہ ہے مدام
کہ تصدیق اوسکی وہ توحیدِ تام

اوسیکی محبت کا تصدیق نام
کرین اُسّے تعبیر ایمان فہام

ضروری یہی اصلِ توحیدِ تام
کہ ہین پاک شرکت سے خیر الانام

سنو اے محبّانِ خیر الورا
بسمعِ صداقت بسمع سُنہے

قال فی سُبل النجاۃ والتحبیر وغیرھما من نزہ البحار یرعن سفیان بن عیینہ رضی اللہ عنہما ان المراد فی قولہ وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ھو ذریۃ اسماعیل علیہ السلام لان سیدنا ابراھیم علیہ الصلوۃ والتسلیم دعی لاھل ھذا البلد ان لا یعبد فیہ من ذریتہ صنماً حیث قال رَبِّ اجْعَلْ ھٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا ولم یدع لجمیع البلد ان بذلک وقد خص اھلہ فقال رَبَّنَا اِنِّيْ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوۃَ

جلالِ سیوطی کا سُبل النجات
بھی دیگر کُتب مین یہ با لبینات

کہ ابنِ اَبی حاتم نامدار
وہ ہین اسکے راوی نکر ضطرار

کہ سفیان عیینہ کا جو سیر
یہ ہے اونکا فرمانِ صافی گُہر

کہ لاریب مخصوص ہے یہ دعا
جو مانگی الٰہ سے خلیل خدا

کہ اولاد میری نہ پوجے صنم
مسلمان ہمیشہ وہ عالی ہمم

تو اولاد مخصوص اُسّے مراد
سماعیل سے جو کہ اہل سداد

یہ ہی فعل محبوبِ پروردگار   کیا ذکر اوسکا خدا بار بار
تو مخصوص اوسکو کیا در دعا   جنابِ الٰہ مین خلیلِ خدا
یُقیموُ جو مذکور ہے در دُعا   وہ ہی صیغۂ جمع بے اِمترا
سماعیل اُسوقت بس ایکذات   ہوئے متّفق اونکے نیکو صفات
جو ہون اُنکے اولاد سے مومنین   نمازی ہمیشہ اِلیٰ یومِ دین
وہ در دینِ اسلام ہون کاملین   وہ ہون اولیائے خدا بر زمین
تقبّل دُعائی کیا اِلتجا   تو مقبولِ ایزد ہوئی وہ دُعا
تو روشن ہوا اَب چو شمس مُنیر   اگرچہ نہ دیکھے خفاشِ ضریر
کہ وہ اُمّتِ مُسلمہ بالیقین   بھی سے ہے جو بَنِیَّ وہ بالامُبین
وہ ہین ذُرّیت جو دعائے خلیل   بھی آئندۂ ذرّیت لانبیل
یقیموا الصّلوٰۃ جو ہی پُر عیان   مُصلّین جملہ وہ ہین مومنان
جو ہی وہ تقلّبک فی السّاجدین   کلام الٰہی مین لائے منصفین
بھی وہ کلمۂ باقیہ بالیقین   جو اولاد اونکی ہین تا یوم دین
لقد جاءکم وہ رسولِ خدا   کہ من انفسکم یہ با فتح فا
یہ آٹھہ آیتین جو کہ مذکور ہین   اِسی مدّعا پر وہ پُر نور ہین
کہ آبا و اجدادِ خیر الانام   ہمہ اہل ایمان علیہ السّلام
سماعیل سے تا رسولِ خدا   ہمہ اہلِ توحید بے اِمترا
وہی اُمّتِ مُسلمہ بے فتور   یُقیموا الصّلوٰۃ کے فاعل ضرور
وہی ذُرّیت ساکنانِ حرم   حرم مین ہوا جنسے امن و کرم

وہ اولاد میری بلا اشتباہ | نگاہِ الٰہ او سپہ شام و پگاہ
نہو دین میرے پہ جو مستقیم | نہ اولاد میری سے ہی وہ لئیم
اسیطور سے قول پروردگار | کتابِ خدا مین جو ہی آشکار

اِنَّہٗ لَیْسَ مِنْ اَھْلِكَ اِنَّہٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ الایۃ

کہ اے نوح تیرا نہین یہ پسر | جو کنعانِ کافر وہ اہلِ سقر
عمل اوسکا ہرگز نہین خوب تر | وہ ہی غیر صالح نہ تیرا پسر
نہ وہ دین تیرے پہ ہی مستقیم | تو کب اہلِ تیرا وہ ہوا ی سلیم
تو ثابت ہوا اِسسے اے نامور | کہ اولاد اونکی وہ دو طور پر
یکے اُنکے تابع وہ ہین مومنین | دگر غیر تابع وہ ہین کافرین
تو اونکی جو اولاد ہین مومنان | تو اُنکے لئے وہ دعا بیگمان
کہ پروردگارا خدائے جہان | جو اولاد میری سے ہون مومنان
تو اولاد میری وہی بیگمان | نہ اولاد میری جو ہون مشرکان
تو رکھہ اونکو بر دینِ حق مستقیم | رہین دینِ اسلام پر وہ مقیم
ہمیشہ تو رکھہ شرک سے آنکو دور | کہ وہ حاملِ نور رہون بالضرور
وہی حاملِ نورِ خیر الورا | ورا ہین وہ ہون خیر بے انتہا
وہ لاریب خیر القرون سے مدام | کہ ہوا انسے ظاہر وہ خیر الانام
جو ہی عبدِ مومن وہی خیر ہے | جو مشرک ہوا شر و پر ضیر ہے

وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَیْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ الایۃ

بخاری مین اسطور مذکور ہے | یہ فرمانِ خیر الورا نور ہے

سماعیل کی نسل سے مومنان — رہین شہر مکہ مین در ہر زمان
نہ ہر شہر کے واسطے از خدا — خلیل خدا نے کیا یہ دعا
کہ تخصیص اوس شہر کی بیگمان — بھی تخصیص اولادے نیکدان
وہ اظہر من الشمس نزد فہام — اسی قول ایزد سے ہے لاکلام

رَبَّنَا اِنِّیْ اَسْکَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِكَ الْمُحَرَّمِ

تو ثابت ہوا اِس سے بالاعتماد — سماعیل کی نسل اُس سے مراد
ہوا اُنسے اُن مومنونکا ظہور — جو ہے اُمت مسلمہ بے فتور
تو اُنسے ہوئے اولیائے کرام — جو آباؤ اجداد خیر الانام
کوئی اونمین ہرگز نہ از مشرکین — ہمہ اہل ایمان و اہل یقین

قال فی مفاتیح الغیب وکشف القناع من الریب والتحریر وغیرها من کتب المشاهیر ان هذا الدعاء مختص بالمومنین من اولاد الخلیل علیه السلام والدلیل علیه انه قال فی آخر الآیة فمن تبعنی فانه منی وذلك یفید ان من لم یتبعه علی دینه فانه لیس منه ونظیره قوله تعالی لنوح علیه السلام انه لیس من اهلك اِنَّهٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ ۵

مفاتیح تفسیر مین یہ بیان — بھی تحریر و دیگر کتب مین عیان
کہ مخصوص ہے یہ دعا لاکلام — بہ نسل خلیلی علیہ السلام
جو اولاد اونکی مین ہون مومنان — دلیل جلی اسپہ یہ بیگمان
کہ ہے بعد آیت کے ایسا بیان — خلیل خدا نے کیا جو عیان
کہ جو شخص میری کرے پیروی — وہ ہے جزو میری خفی و جلی

اخرج ابن أبي حاتم عن سفیان بن عُیَیْنَۃ انہ رضی اللہ عنہ سُئل هل عبد احد من ولد اسماعیل علیہ السلام صنماً قال لا الم تسمع قولہ واجنبنی وبنی ان نعبد الاصنام

کہ ابنِ ابی حاتمِ نامدار — وہ ہین اسکے راوی نکر اضطرار
کہ سفیان عُیَیْنَہ کا جو پسر — تو سائل ہوا اُنسے اہلِ بَصر
کہ نسلِ سماعیل سے ای خبیر — ہوا شرک گاہے بذاتِ قدیر
کسی ایک نے اُنسے پوجا صَنَم — صَنَم پیش اوسنے کیا سر کو خم
دیا آپنے اوسکو ایسا جواب — جوابِ مہان جو کہ ہی پر صواب
کہ ہرگز نہ پوجا کسی نے صَنَم — ز نسلِ سماعیل اے ذی ہِمَم
نہ تونے سنا یہ دعائے خلیل — خلیلِ خدا نے کیا از جلیل
کہ اے خالقِ مالکِ رہنما — تو مقبول کر اَب یہ میری دُعا
کہ اولاد میری رہین مومنان — وہ بیزار ہون شرک سے ہر زمان
تو لا بد ہوئی وہ دُعا مستجاب — جو مانگا ملا اونکو بے اِرتیاب
سماعیل کی نسل مین یہ دُعا — تو اولاد اونکی بلا امترا
ہوئے سب مُسلمانِ عالی ہِمَم — تو کیونکر کوئی اُنسے پوجے صَنَم
تو اِسجائے اولاد سے یہ مُراد — کہ جو اونکے تابع وہ اہلِ سداد
تو اولاد اونکی وہی مومنین — نہ اولاد اونکی جو ہین کافرین
یہ دونو روایت جو ہین درنگار — یہ سُبلِ سیوطی مین ہین آشکار

خیوری تو کر مختصر یہ بیان
کہ نجم المبین مین مُفصّل عیان

قال نبینا سید الانام علیہ اطیب الصلوۃ والسلام بُعثتُ من خیر قرون بنی ادم قرنًا فقرنًا حتی بُعِثتُ من القرن الذی کنت منہ رواہ البخاری عن ابی ھریرۃ عبد الرحمن علیھما رضوان اللہ المنّان

کہ جو حاملِ نورِ خیرُ الوریٰ
وہ خیرُ القرون سے بلا اِفترا

تو ثابت ہوا اِسّے اے منصفین
کہ آبائے خیرُ الوریٰ مومنین

نہ ہرگز کوئی اونمین از مُشرکین
ہمہ اہلِ توحید وہ بالیقین

جو ہین اسکے منکر وہی کافرین
وہ مُرتد اہلِ عذابِ مُّہین

ہوا جبکہ اَظہر جو شمس وقمر
کہ جو غیر تابع نہین وہ بِسر

تو لابد کیا نقل ابنِ جریر
مُجاہد سے اسطور پر اے بصیر

اِسی آیہ مین جو کہ مسطور ہے
کہ بُعدِ صَنم کا جو مذکور ہے

اخرج ابن جریر عن مجاھد رضی اللہ عنھما فی قولہ تعالیٰ عن سیدنا ابراھیم علیہ الصلوۃ والتسلیم واجنبنی وبنیّ ان نعبد الاصنام اجاب اللہ دعوتہ فی اولاد اسماعیل علیہ السلام فلم یعبد احد من ولدہ صنماً قط

سماعیل کی نسل مین اِی فحول
ہوئی وہ دعا نزدِ ایزد قبول

نہ پوجا صَنم کو کسی نے کبھی
وہ دینِ خدا پر مُسلمان سبھی

تو اِس جائے اولاد سے یہ مُراد
کہ جو دین اُنکے پہ اہلِ سداد

وہ اولاد اونکی سے ای دور بین
وہی اونکی اولاد ہی بالیقین

جو اولاد اونکی سے ہین کافرین
وہ اولاد اونکی نہین اے امین

اسیطور پر یہ سوال وجواب
مُطابق مُوافق بلا ارتیاب

الف بعد با ہے جلیل المرام | و لے بعد با ہے الف لاکلام
الف اول و آخر با بدام | الف با مین ہی با الف مین تمام
کہ ظاہر الف اور باطن الف | نہ با سے کبھی ہو الف منحرف
الف سے وہ با جبکہ پیدا ہوا | تو با سے الف پھر ہویدا ہوا
الف جبکہ با سے ہویدا ہوا | تو با پر الف بسکہ شیدا ہوا
الف با مین اسطور ہے اتصال | کہ ہرگز نہ اونمین کبھی انفصال

خیوری بیان کر بہ روشن مثال
کہ ہی خاتم فضہ کا اتصال

کہ فضہ سے خاتم جو پیدا ہوا | تو خاتم سے فضہ ہویدا ہوا
یہ خاتم وہی فضہ بے ارتیاب | وہی فضہ خاتم یہ لب لباب
الف با کی ترتیب کا یہ نشان | و لے اس سے برتر جو ہے اسکی شان
الف با نہ سمجھین اگر کودکان | تو کیونکر وہ قرآن کے ہون عارفان
سنا اور اونکے جو روشن جواب | سنو اے عزیز و اسے اجتناب
کہ شرک جلی اور شرک خفی | بھی ثالث وہ اخفی سمجھ اے صفی
جو غیر خدا ہو عبادت اگر | تو شرک جلی ہی وہ اے نامور
عبادت جو ہی بہر حور و قصور | وہ شرک خفی نزد اہل شعور
یہ ہستیئے موجود جو ہی عیان | یہ ہی شرک اخفی بسے در نہان
اسیطور ہے ناس با اختصاص | عوام و خواص و اخص الخواص
وہ ہستیئے مولا یہ ہستیئے ناس | ہی شرک اخفی کا لابد سپاس

نہ اس مختصر پر جسے اکتفا | تو اوسمین مطوّل پڑھے وہ فتا
وہ ایک اسجا یہ شبہے عیان | وہ ہو واجب الرّد نزدِ مہان
کہ واجنبنی ہو جو دعائے خلیل | جناب خدا مین بلا قال و قیل
کہ رکہ بت پرستی سے مجکو بعید | کہ وہ ظلم اعظم جفائے شدید
تو کیونکر ہوئے انسے ایسی دعا | کہ ہرگز نبی سے نہو وہ جفا
نہ پوجے صنم کو نبی زینہار | نہو کفر کا اونسے زنہار کار
تو کیا سرّ ہے در دعائے خلیل | کرو کشف اوسکو بروشن دلیل
جواب مصفّا یہ ہے بیگمان | کرین اسکو ادراک صاحبدلان
کہ تاریب عالی مقام خلیل | کہ وہ قطب توحید ربّ الجلیل
وہ بانی ہوئے خانۂ کردگار | کہ توحید ایزد یہ تھے جان نثار
کہ ذات و صفت جملہ سے لاکلام | وہ فانی خدا مین بصد اہتمام
وہ در انبیا بعد خیر الانام | صفت وہ اسی ذاتکے ای فہام
جو تسمیہ مین تین اسم کریم | کہ اللہ و رحمن و ثالث رحیم
بہ ترتیب از لیئے پروردگار | ہوا جسمیں یہ سرّ کچہہ آشکار
تو وہ سرّ واجنبنی اوسپر عیان | نہوا اوسپہ سرِ حقیقت نہان
تو اوسکو نہ اسمین کبھی اشتباہ | کہ سرّ خدا سے اسے ہی پناہ

غیوری تو اسطور سے کر بیان
کہ ہو جسّے رازِ نہانی عیان

کہ ان تین مین ہے وہ مضمون لبر | یہ اوس ایک مین جو وہ ثانی نفس

کہ اولاد میری و مجکو ضرور — سماعیل کی نسل وہ بے فتور
علے حسبِ رتبہ ہمین رکھ بعید — عباداتِ اصنام سے ای وحید
جو اقسامِ اصنام ہین در انام — بھی جو شرک حسب المراتب تمام
تو اون سب سے رکھ ہمکو محفوظِ تام — کہ ہون اہلِ توحید حسب المقام
اگرچہ وہ سب شرک سی پاک تھی — وہ میدانِ خلّت مین چالاک تھے
ولے بندگی کا یہی اقتضا — کہ بندہ رہے بندگی پر سدا
مقامِ عبودیتِ بندگان — یہی اوسکا ہی اقتضا ہر زمان
کہ ظاہر کرے اپنا عجز و نیاز — تو ہو اُس سے حاصل اُسے عزّ و ناز
جو خود بین خدا بین نہو زینہار — کہ خود بین خودی سے رہی خوار زار
کہ معنے یہ توحید کا لا کلام — کہ خود بین نہو پیشِ ربّ الانام
تو کر ترکِ توحید توحید مین — کہ توحید تفرید تجرید مین
نہ اِس دل زبان سے وہ توحید ہے — وہ توحید رب اِنسے تجرید ہے
نہ اِس عینِ اعیان سے توحید ہے — جو تجرید اعیان وہ تفرید ہی
لہذا یہ فرمانِ اہلِ صفا — کہ اِس طور توحیدِ اہلِ وفا

التوحید ترک التوحید فی التوحید لان اثبات التوحید فساد فی التوحید
ونفی الوجود انکار القدرة فحقیقة التوحید تجرید التوحید

یہی تھی دعائے خلیلِ خدا — کہ تخصیص ربّی و ہان بر ملا
کہ توحید تجرید پہ مستقیم — بھی تفرید پر ہو یہ قلبِ سلیم
رہون عجز میرے پہ مین مستقیم — یہ مین ہون خلافت سے دائم ندیم

وجودِ خدا اور دیگر وجود — تو کیونکر نہو شرک دونو یہ بود

وہی بود ہے بود اصلی جو بود — دگر بود نابود پیشِ ودود

یہ تیری جو ہے بود نابود ہے — یہ تیرا صنم بودِ موجود ہے

یہ اکبر صنم بہر تفریر ہے — یہی اہلِ عصمت کی توحید ہے

خلیلِ خدا ہیں جلیلُ المرام — فنائے ثلاثہ ہیں وہ قطبِ تام

ان سیدنا ابراهیم علیه الصلوة والتسلیم بذل نفسه للنیران وولده للقربان وماله للاخوان فصار خلیل الرحمن ولما رموه فی النار عارضه جبریل علیه السلام فی الهواء فقال لك حاجة قال اما الیك فلا قال فاسئل ربك قال علمه بحالی حسبی عن سوالی

کیا ذات قربان خلیلِ خدا — دران نارِ نمرود با صد رضا

کیا ذبح فرزند بہرِ الٰہ — نہ باقی رہا اوسمیں کچھ اشتباہ

کیا بذل اموال بر مومنان — بحبِّ الٰہی بصدقِ جنان

تو ذات وصفت اور فعال سے — بھی حرکات وسکنات واقوال سے

وہ در ذاتِ ایزد ہوئے خود فنا — تو خلّت سے حاصل ہوا پہر بقا

تو جبریل کیا بلکہ خود از خدا — نہ زنہار گا ہے کیا التجا

کہ جب حال میرےسے ہی وہ علیم — تو سائل نہوا سے قلبِ سلیم

کہ علمک حسبی یہ قائم مدام — نہ مانگے خدا سے وہ گاہی مرام

جو حق سے نہ مانگے کسی چیز کو — تو سائل نہ خلقت سے ہرگز وہ ہو

نہ ضائع کرے اپنی اوقات کو — نہ رب کے مخالف کرے بات کو

تو یہ جو دعا کی خلیلِ خدا — جنابِ الٰہ ہیں بصد التجا

وہ محیی وہ منجی وہ لابد مجیر
تو کیونکر نہ زندہ کرے وہ بصیر

غیوری گناہوں سے ہی شرمسار
ولے دید احمد کا امیدوار

قال اللہ فی کلامہ القدیم حاکیاً عن سیدنا ابراھیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم رب اجعلنی
مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ

دعا اسطرح سے کیا پھر خلیل
جناب الٰہ مین بطرز جمیل

کہ پروردگارا کریم و رحیم
مجھے رکھ تو صلوات پر مستقیم

ہمیشہ پڑہو مین جو تیری نماز
کہ دارین مین آسے ہون سرفراز

وہ معراج ہی بہر اہل عروج
کہ ملکو تمین آسے حاصل ولوج

اُسی ظرف مین قرۃ العین ہے
دل دیدہ غم کی وہ چین ہے

بھی اولاد میری کو تو کر مقیم
سماعیل سے جو وہ نسل سلیم

اوسی فعل مقبول پر جو نماز
ہمیشہ پڑھین اوسکو وہ با نیاز

قال فی مفاتیح الغیب والتحبیر وغیرھما من التفاسیر ای واجعل بعض ذریتی
کذلک لان کلمۃ مِن للتبعیض وانما ذکر ھذا التبعیض لانہ علم باعلام اللہ تعالیٰ
ان یکون فی ذریتہ جمع من الکفار

لکھا ہے مفاتیح و تحبیر مین
بھی ویسا یہ دیگر تفاسیر مین

کہ مِن ذریت سے یہ لابد مراد
کہ جو بعض اولاد اہل سداد

تو اونکو بھی تو اے خدائے کریم
صراط سلامت یہ رکھ مستقیم

کہ دائم کرین وہ ادائے نماز
تو دربار تیرے مین ہون سرفراز

منم کا صنم ہو تنم سے جدا
توئی چشم و گوش و توئی دست و پا
تنم کا صنم ہو منم خود خدا
توئی جانِ جان و توئی دلربا

قد ورد فی الحدیث القدسی اذا احببت عبداً کنت له سمعاً و بصراً و لساناً و یداً
رواه الامام احمد والبیهقی والبخاری علیهم رضوان الله الباری

نہو فخر زنہار اِس بود پر
تو رب ہے رَبّی مُربی حبیب
کروں فخر سطور شام و سحر
یہ مربوب ربّی زہے یہ نصیب
وہ ربّی یہ لاریب عزّ فخیم
میں کیونکر کروں شکر تیرا ادا
یہ مربوب ربّی یہ شرفِ عظیم
کہ ربّی دیا مجکو ربّ الورا
وہی یکتا ساجد وہ مسجود ہے
تو اوسکا مرید و وہی ہی مراد
تو حامد وہی ذات محمود ہے
تو ذاکر وہ مذکور با صد وداد
اوسی سے ہوا ہی ظہورِ خدا
خدائے خدائی وہ سرِّ قدیم
ظہورِ خدا ہے وہ نورِ خدا
وہی شانِ سبحان ربّ العظیم

خیوری نکر تنہا جوش و خروش
کہ مدہوش ہیں جوش سے ہی یہ ہوش

بیان کر تو ایسا کہ ہو جستے گوش
تو جامِ محبت سے مدہوش ہی
او نہیں جو کہ مدہوش ہیں اہلِ ہوش
سوا یادِ احمد فراموش ہی
ہوا آتش ہجر سے دل کباب
محمد محمد یہ دل کی مراد
بھی سیلابِ دیدہ سے جانم خراب
نہو گر یہ حاصل تو ہو وہ رماد
کرے گر نظر بر رمادِ جنان
تو زندہ جنان ہو بصد جانِ جان

علیہ السلام وکان قریبًا من کنانۃ جد شفیع الرسل العظام علیہ اطیب الصلوٰۃ
وازکی السلام ثم ساقوا البراھین القاطعۃ بالمضامین الساطعۃ تشہد بان اجدادہٗ
علیہ الصلوٰۃ والسلام وعلی الہ واصحابہ الکرام من سیدنا ادم علیہ السلام الی
سیدنا عبد اللہ والد خیر الانام کلھم ارباب التوحید والاسلام ولا عبدہٗ
بخذعبل للئام ھذا ملخص ما فی نجم المبین لرجم الشیاطین ؁

یہ جامع تفاسیر میں آشکار — بھی تحبیر میں ہے یہ لا بد لگار
جلال سیوطی کا سبل النجات — ہوا اسمیں ثابت یہ بالبینات
بھی دیگر کتب میں یہ روشن بیان — مفصل یہ نجم المبین میں عیان
کہ ہیں ابن منذر بسے معتبر — وہ راوی یقینًا اسی طور پر
کہ حق سے کیا اسطرحسے دعا — خلیل خدا نے علیہ الثنا
کہ پروردگارا بفضل قدیم — تو رکھہ مجکو صلوات پر مستقیم
وہ اولاد میری سے اے کردگار — جو ہوں اہل ایمان سعادت شعار
تو اونکو بھی قائم تو رکھہ بر نماز — کہ معراج عرفانسے ہوں سرفراز
تو مقبول ایزد نے کی یہ دعا — تو اولاد انکی سے مومن سدا
موافق اسیکے یہ قول کریم — کتاب خدا میں جو ہے یہ رقیم
کہ حق سے کیا اسطرحسے دعا — خلیل خدا نے بصد التجا
کہ تحقیق میں یہ طلبگار ہوں — بتوں کی عبادت سے بیزار ہوں
کہ توحید تیری رہے مستقیم — کہ تو خالق خلق یکتا قدیم
تو معبود یکتا یکے ذات ہے — تو مخصوص بہر عبادات ہے

کیا بعض کے حق میں یہی دُعا
نہ سبکے لئے کی دعا از خدا

کہ ماہر وہ ایزد کے اسرار سے
منوّر جنان اُنکا انوار سے

وہ اِعلامِ ایزد سے لابد علیم
کہ لاریب وہ اہلِ قلبِ سلیم

وہ ماہر بفضلِ خدائے مُبین
کہ اولاد اونکی سب ہوں کافرین

بھی اولاد اُنکی سے ہوں مومنان
وہ از اہلِ ارشاد اہلِ جنان

جو تخصیصِ تبعیض ہوئے نبیل
یقیناً جلی در دعائے خلیل

تو لابد ہوئی وہ بنظرِ تأمل
کہ ہوں بعض آخر میں اہلِ بال

قال فی الجامع الکبیر والتفسیر النحریر وسُبل النجاة وغیرها من زبر الثقات اخرج ابن المنذر عن ابن جریج رضی الله عنهم فی قوله رَبِّ اجْعَلْنِی مُقِیمَ الصَّلٰوةِ لن تزال من ذریة سیدنا ابراهیم علیه الصلوة والتسلیم ناس علی الفطرة یعبدون الله تعالی ویوافق هذا قوله عز وجل وجعلها کلمة باقیة فی عقبه لا سیما فی ذریة سیدنا اسماعیل علیه السلام موحدون الی یوم القیامة قلوا وکثروا ولا ریب فی ان امة مسلمة کانت من ذریة سیدنا اسماعیل علیه السلام ونبینا منهم قطعا باتفاق الائمة الاعلام وصرحت نصوص کلام الملک العلام علی استمرار التوحید والاسلام فی ذریة سیدنا اسماعیل علیه السلام وقد صحت الاحادیث فی البخاری وغیره من زبر الفخام وتظافرت نصوص العلماء الکرام بان العرب من عهد سیدنا ابراهیم علیه السلام علی دینه لم یکفر احد منهم فی تلک الایام الی ان جاء عمرو بن عامر الخزاعی من الطغام وهو الذی یقال له عمرو بن لحی فهو اوّل من عبد الاصنام وغیّر دین سیدنا ابراهیم

ولے جملہ اجداد خیر الانام — بھی او سو وقت بر دین توحید تام

وہ دین خلیلی پہ تھے بالیقین — سماعیل کی نسل سے مومنین

کہ آدم سے تا وقت نوح نبی — وہ لاریب دس پشت مومن سبھی

ز نوح نجی تا خلیل خدا — بھی دس پشت مومن بلا افترا

معدؑ سماعیل سے نیک نام — یہ دس پشت مومن ہوئی لاکلام

نزار و زہے غالب نیکدان — یہ دس پشت جملہ موحد عیان

لوی بن غالب سے اے نیکنام — یہ دس پشت خیر الورا تک تمام

تو آدم سے تا شافع المذنبین — ہوئین جملہ پنجاہ پشتین متین

ہمہ اہل توحید و اہل جنان — وہ اہل جنان اولیائے جہان

نہ ہرگز کوئی اونمین از کافرین — ہوا اُنسے راضی جہان آفرین

خیوری بیان کر تو اب اُنکے نام
کہ نام کریمون سے ہو تیرا کام

درود خدا بر رسول عظیم — بھی آل و صحابہ پہ با صد نعیم

بھی اُنپر جو آبائے خیر الورا — ہوئے جنکے صدقے سے ارض و سما

وصل چوتھا بیچ بیان نسب نامۂ جناب رسولکریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کے اور یہ نسب نامہ متحقق ہے نزدیک اماماں دین قوم کے ساتھ شہادت محدثین ارباب قلب سلیم کے اور مابین آدم صفی اللہ اور سیدنا حبیب اللہ اٹھتالیس پشت ہین طاہرین بعض حضرات اُنمین رتبۂ نبوت سے فائزین اور باقی ہمہ فاضل

یہ میرا مقولہ جو ہے آشکار
یہی کلمۂ طیبہ کا مدار

تو اِس کلمۂ طیبہ کو مدام
پس مَن الیٰ وقتِ یوم القیام

جو اولاد میری اُناث و ذکور
تو رکھا انہین اُسکو برائے ظہور

ہمیشہ اسی نسل سے مومنین
سبکے بعد دیگر رہین بالیقین

خدانے کیا اونکی دعوت قبول
تو اونہین ہوئے مومنانِ فحول

قیامت کے دن تک وہ ہون مومنان
نہون منقطع وہ کبھی در زمان

صحیحہ احادیث مین ہے عیان
بخاری وغیرہ مین اسکا بیان

اسی طور علماسے منصوص ہے
کہ اہلِ حرم اُسسے مخصوص ہے

کہ از عہدِ حضرت خلیل امین
نہین اونمین کافر کوئی بالیقین

یہان تک کہ ابنِ لحیّ شریر
وہ عُمرو بنِ عامر خزاعی کبیر

عرب مین ہوا صاحبِ اقتدار
وہ تہا تابع جنّ لیل و نہار

تغیّر کیا اوسنے دین خلیل
ہوا دین و دنیا مین اب وہ ذلیل

اوسنے صنم کی عبادت ضرور
عرب مین کیا اوّلاً با شرور

جو تھے قبلِ طوفان بتانِ لئام
وہ تھے ارضِ جدہ مین خمسہ تمام

وہ تھی ارضِ مذکور مین سب غریق
نکالا اُنہین اُسنے عمرِ حریق

کیا اُسنے اوثان اوّل نصب
بھی کعبہ مین تا اونکو پوجین عرب

وہ اونکی عبادت مین داعی ہوا
وہ اُنکی پرستش مین ساعی ہوا

تو ملکِ عرب مین ہوئی آشکار
پرستش بتونکی بصد اختیار

وہ قربِ کنانہ مین ازبس جیم
صدی تین سے بیش عمرِ لئیم

اگرچہ خدا کا وہ عرش برین | ولے پیش اوسکے چو فرش زمین
سما پر جو ہے سدرۃ المنتہے | تو اس منتہے سے وہ ہی ماورا
وہ جبریل اوس جا پہ دائم فدا | کہ وہ منظر فیض نور خدا
کہ ہے اوسمین اظہار سرّ نہان | جو کنز خفی سے ہوا وہ عیان
فَاَوحیٰ اِلیٰ عَبدِہٖ کا بیان | وہی سرّ اسرار در لامکان
الوف صلوۃ و صنوف سلام | اوسی سرّ ایزد پہ نازل مدام

اوسی سرّ پر ہے خیوری فدا
وہ سرّ خدا اوسکو جانے خدا

کیا جملہ خلقت جو پیدا خدا | تو اونکے پدر ہین شفیع الورا
ولے حکمت رب کا یہہ اقتضا | کہ سرّ الٰہی وہ نور خدا
وہ یٰس و طٰہٰ بمثل قمر | ہوا برج اصلاب مین مستقر
منوّر ہوئے اوسّے جملہ بروج | کیا ایک سے ایک مین پھر عروج
اسیطور فرمان حق بالیقین | کہ ہے وہ تقلبک فی السّاجدین
ہوا چار پشتوں سے یک برج نور | تو ہی بارہ برجون سے اونکا ظہور
نہ آدم محمدؐ کا ہووے شمار | کہ مسجود وہ اونپہ ساجد نثار
ہوئے شیث آدم سے نیکو سیر | وہ لاریب موہوب رب البشر
ہوا شیثؑ مین اونکا اوّل مقام | تو اونکو نبوّت ملی لاکلام
وہ صادق انوش انسے پیدا ہوئے | تو نور محمدؐ پہ شیدا ہوئے
وہ قینان انسے ہوئے آشکار | تو نور محمدؐ پہ وہ جان نثار

اولیائے متقین صحاب کرامات ارباب مبشرات من و امان اہل زمین

خدایا طفیل شہ دو جہان
تو دے مجکو توفیق صاحبدلان

کہ باغ جنان مین جو غنچۂ جنان
وہ ہو باد رضوانسے خندہ جنان

تو ایمان و عرفانکا عالی مشام
رہے وہ معطر ازان بوئے تام

وہ اسمائے آبائے خیر الانام
مسلسل بیان ہون کتب کرام

تثبت کیا جنسے اہل سیر
کہ وہ در احادیث خیر البشر

بصائر جو ہے وہ برائے بصیر
تو اوسمین یہ تحقیق از بس منیر

جو ہے نہر شیرین ز پیہم حیان
تو اوسسے بھی تسکین تشنہ لبان

بھی وہ کازرونی جو ہے در سیر
بھی ہے معتبر جو وہ درج درر

جو اصنام ہے وہ کتاب شہیر
ز حافظ عمر لیسر بحر خبیر

بھی سائب مفسر کی تنویر سے
عرائس بھی تفسیر تحبیر سے

بھی دیگر جو اس باب مین معتبر
نسب یہ لکھا انسے با صد بصر

نسب نامۂ شافع المذنبین
کرین ورد اسکو جو اہل یقین

تو وہ دین و دنیا مین ہون سرفراز
ز فوزاً عظیما ازان بے نیاز

وہ محشور ہون در صف انبیا
وہ مغفور جنت مین با اصفیا

وہ جنت مین ہون انبیا کے رفیق
کہ خیر الوریٰ انکے دائم شفیق

خدا انسے راضی رسول خدا
خدا کی رضا انپہ ہووے فدا

نسب نامۂ سید المرسلین
کرین ورد جسجائے پر صادقین

تو اوسکا فرشتے کرین پہر طواف
وہ ہو رحمت ایزدی کا مطاف

یہ ہی برجِ چارم قمر کا مقام ۔۔۔ قمر جس قمر سے قمر ہے مدام

ہوئے اُنسے فالغ بسے پارسا ۔۔۔ کہ وہ قاسم حبِّ خیر الوریٰ

ہوئے اُنسے ارغو جو ارغب شہیر ۔۔۔ کہ حبِّ حبیبی مین وہ بے نظیر

ہوئے اُنسے شاروخ عالی مرام ۔۔۔ بھی اشروع سارع یہ ہین اُنکے نام

کہ طاعت مین چالاک زبس خبیر ۔۔۔ کہ نورِ محمد سے دل مستنیر

ہوئے اونسے ناخور ظاہر جو یہ روز ۔۔۔ کہ وہ عشقِ احمد سے با درد و سوز

یہ ہین برجِ پنجم بلا اشتبا ۔۔۔ منور یہ لا بد ز شمس خدا

ہوئے اُنسے تارخ جو پدرِ خلیل ۔۔۔ یہ آزر کے بھائی بصد ہا دلیل

وہ ہین اہلِ اسلام نزدِ کبار ۔۔۔ کہ نورِ محمد پہ وہ جان نثار

کہا جسنے تارخ یہ آزر کا نام ۔۔۔ ہوا اسمین خاطی وہ نزدِ فہام

کہ وہ مقتدیٔ اسمین بر دیگران ۔۔۔ شناور نہ اِس بحر کے جو مہان

کیا ایک نے ایک پر اعتماد ۔۔۔ تو خاطی ہوئے نزدِ اہلِ سداد

یہ اظہر من الشمس با صد دلیل ۔۔۔ کہ لاریب آزر وہ عم خلیل

یہی اعتقادِ امامانِ دین ۔۔۔ ہوا اُنسے راضی جہان آفرین

براہیم اُنسے ہوئے بالیقین ۔۔۔ یہ ہین ابنِ تارخ ذرا شک نہین

یہ معنی براہیم کا اے فہیم ۔۔۔ کہ موصوف اب ہی بوصفِ رحیم

ہوئے پھر سماعیل پسر خلیل ۔۔۔ وہ لاریب یکتا مطیع جلیل

وہ سیفِ محبت سے مقتول ہین ۔۔۔ ذبیحِ محمد وہ مقبول ہین

ہوئے اونسے قیذار فرخندہ فال ۔۔۔ خلیلِ خدا وہ بحُسن و جمال

ہوا اُنسے ممدوح کا پھر ظہور کہ مَہلاوہ ہیئیل پر بے فتور

وہ تھی عاشقِ نورِ خیرُ العباد تو آغاز اونسے بنائے بلاد

بَیَارَدْ پسر اونسے پیدا ہوئے یہ بُرجِ دُوُم بس ہویدا ہوئے

بھی بَرَدو وہ یَرد وہ بارَد تمام بمعنائے ضابط یہ سب اُنکے نام

وہ تھے ضابطِ عشقِ خیرُ الورا وہ پروانہ بر شمعِ نورِ خدا

ہوئے اونسے اَخنُوخ عالی وقار وہ ادریس پیغمبرِ کردگار

نبی تیسرے یہ ہوئے درجہان چہارم سما پر انہون کا مکان

ہوئے اُنسے مُتوشَلخ نامدار فدا نورِ احمد پہ لیل و نہار

ہوئے مُنشرح صدر و قلبِ سلیم کہ وہ مَظہرِ فیضِ خُلقِ عظیم

ہوئے اُنسے لامَک بزرگ و خبیر کہ نورِ محمد سے وہ مُستنیر

ہوئے اُنسے یَشکَر جو نُوح نبی وہ فیضِ محمد سے آخر نجی

نکرتے مَدد سیّدُ الکائنات تو کیونکر وہ طوفانسے پاتے نجات

وہ مُلکِ محبت پہ تھے جب سوار ملا جودِ احمد سے جُودی کنار

وہ تھی شوقِ احمد سے جب اشکبار تو سیلابِ طوفان ہوا آشکار

یہ ہین بُرجِ ثالث بلا اشترا سلام خدا اونپہ ہووے سدا

ہوئے اُنسے پیدا جو فرزند سام نبی ہین وہ مُرسل علیہِ السّلام

ہوئے اونسے اَرفخشَدِ بہ ہما وہ مِصباحِ عُشّاقِ خیرُ الورا

ہوئے اونسے شالَخ جو نیکو سیر مُوکّل وہ بر نورِ خیرُ البشر

ہوئے اُنسے غابر جو عالی مقام وہ ہودِ نبی ہین علیہِ السّلام

وہ ہین نورِ احمد سے جب سرفراز
تو کیا گر نشین عرش پر وہ اواز

ہوئے اُنسے عَدنَان دُرِّ عَدَن
وہ محفوظ دائم ز جملہ محَن

ہمہ اِنس و جان اُنکے تھے دشمنان
ولے اُنپہ غالب نہ وہ یک زمان

کہ وہ مَظہرِ معجزاتِ حبیبؐ
کرامات سے اونکو عالی نصیب

مَعَدّ ہوئے اُنسے باصد کمال
وہ اولادِ عدنان سے خوشخصال

قمر سے وہ برتر ز نورِ حبیب
مُنوّر جبین سب مین یکتا لبیب

شجاعت سخاوت مین وہ بے نظیر
کہ در پشت نورِ محمدؐ ظہیر

یہ ہی بُرج ہشتم بسیفِ سلول
یہ ہے قاتلِ دشمنانِ رسول

ہوئے جب مَعَدّ سے یکتا نزار
تو اونسے کیا اشتر قربان ہزار

یہ قُربان کیا بہرِ پروردگار
کہ یہ پسرِ احمد پہ ہو جان نثار

اسی شمع پر ہو فدا آشکار
کہ پروانہ ہوا اوسکو پروانہ وار

ملامت کیا اونکو جب لائمان
کہ وہ فعل اسراف ہی بیگمان

کہا اونسے واللہ کہ وہ ہی نزار
وہ اندک کرون نحر گر صد ہزار

تو لا بد سزاوار نزدِ کبار
کہ اِس نورِ دیدہ پہ جانہا نثار

کہ یہ حاملِ نورِ نور البصر
کہ جسنے کیا مردمک پر مقر

دل و جانسے اس نور پر ہون فدا
چہ اشتران چہ ما بینِ ارض و سما

کرون اِسکا شکرانہ کیونکر ادا
اَقَلُّ القلیلِ جو مینے کیا

ہوا جبکہ اندک وہ نحر ہزار
تو ہی یاد اوسے مُسمّٰی نزار

مضر اونسے ایسے ہوئے ازفخام
دلِ خلق در عشق او مستہام

وصیِ سماعیل وہ نامدار — وہ اہلِ کرامات لیل و نہار

یہ ہی برجِ سادس بروشن دلیل — منوّر ز نورِ حبیبِ جمیل

ہوئے حمل فرزند انسے عیان — وہ بشرائے ربّ العلا بگمان

دو صد سالۂ عمر قیذار سے — مبشّر ہوئے نورِ انوار سے

تو ثابت پسر اونکے ثابت قدم — وہ دادِ محمد مین باصد ہمم

نبت بھی ثبت ہے یہی نیکنام — کہ یہ مظہرِ نورِ خیر الانام

سلامان ہوئے انسے باصد سلام — فدا نورِ احمد پہ تھے وہ مدام

ہمیع ہوئے اونسے عالی ہمم — سلامان سے وہ سالمِ ذی حکم

وہ تھے پادشاہے جلیل القدر — گدائے وہ در کوئے خیر البشر

جبین مین وہ رکھتے ز نورِ حبیب — جنان مین محبّت سے انکو نصیب

نکرتا کوئی پیش اونکے ورود — مگر نورِ احمد کو باصد سجود

یہ ہی برجِ ہفتم بعزّ و علا — کہ ہے مظہرِ عدلِ خیر الورا

ہوئے انسے پیدا اُدَد بگمان — سخندانِ یکتا وہ در ہر زبان

سخن گو وہ تھے در زبان بست و چار — بھی ایسا وہ انواع خط کر شمار

بہ نسلِ سماعیل اے ہوشیار — وہی پہلے کاتب ہوئے آشکار

جو اونکی زبان پر یہی ذکر تام — محمد محمد یہی تیرا کام

تو کیونکر نہون ماہرِ ہر کلام — کہ ماہر وہ از نورِ خیر الانام

ہوئے انسے اُدّ با صوتِ بلند — کہ صوتِ محمد سے وہ ارجمند

وہ مسموع از میلِ بارہ مدام — بلاریب سنتے اسے خاص و عام

جبیرۂ براۓ دلِ خستگان — کہ وہ مظہرِ سیّدِ انس و جان
یہی ایک اسوقت مین درعرب — علے دینِ اسلام توحیدِ رب
کہ عمرِ لُحَیّ کا تھا وہ زمان — اِسی سے ہوا شرک اُنمین عیان
بھی اِسطور دیکھا نضر نے منام — کہ ہون نسل میری سے خیر الانام
بفضلِ خدا اسکا ہی جو بیان — وہ نجم المبین مین مفصّل عیان
ہوئے اونسے مالک ملک باسخا — کہ تھے وہ گداۓ شہِ دوسرا
دُہم برج بیشک یہ خانۂ خلیل — یہ نسلِ خلیلی ہین از بس جلیل
ہوئے اُنسے عامر ملقب بفہر — کہ لاریب یہ مظہرِ نورِ مہر
ہوئے اونسے غالب باحسن صفات — کہ یہ منظرِ سیّد الکائنات
ہوئے اُنسے بیشک لُوَیّ جمیل — یہ ہین مظہرِ نورِ اصلِ اصیل
ہوئے اونسے فرزند وہ کعب نام — کہ ہین مرتبے مین رفیع المقام
وہ ہین کعبِ کعبہ سے عالی مرام — کہ وہ زیرِ کعبِ شفیع الانام
یہ حادی عشر برج نزدِ جہان — کہ سیراب ہین جسنے تشنہ لبان
ہوئے اُنسے مُرّہ بسی خوش بیان — حلوِّ محبت سے شیرین زبان
اونہین مُرّہ کہتے ہمہ مرد و زن — کہ دائم وہ گویندۂ حق سخن
کہ الحق مُرٌّ یہ حقّا الیقین — وے اسکو شیرین کہین منصفین
ہوئے اُنسے لاریب یکتا حکیم — ملقب کلاب جریح و وسیم
ہمہ دشمنان انسے مقہور و خوار — کہ یہ مظہرِ نورِ پروردگار
ہوئے زید اونسے قصیّ لقب — مجمّع وہی نزدِ اہلِ ادب

ملاحت سے کرتے نہ مہ پر بصر | نہ باد انہوا اوسے شق القمر
منوّر ہوا اونسے دین خلیل | کہ وہ مظہر نور ذات جلیل
ہوئے اونسے الیاس تقوی اساس | یہ روز ہی ہوئے انکو بعد از ایاس
مضر کو بشارت دیا کردگار | کہ پیری مین فرزند ہو آشکار
نہ مایوس از پیر ہو اے مضر | کہ وہ مظہر نور خیر البشر
وہ ہی سید القوم اہل ضیا | کہ وہ منظر سید الانبیا
عوالم کے دائم جو پشت و پناہ | وہ در پشت الیاس شام وپگاہ
بہ تسبیح و تہلیل رب السما | ہمیشہ وہ مشغول تھے باصفا
بھی آواز لبیک خیر الورا | بہ تلبیۂ حج سبے ابتدا
تو سنتے وہ الیاس از پشت خویش | نہوتا کبھی شک نقصان و بیش
ہوئے مدرکہ اونسے جب آشکار | تو ادراک اونپر ہوا جان نثار
کہ مدرک وہ ہین جملہ اسرار کے | وہ مظہر اوسی نور انوار کے
جو ہی مدرکہ مین وہ تائے خفی | وہ ہے شکل علامہ نزد صفی
نہ تانیث کا اوسپہ ہی اعتماد | کہ بسیار ادراک اسّے مراد
نہم برج لاریب ہین یہ رشید | یہ ہی خانۂ مشتری پر سعید
خزیمہ ہوئے انسے جب در جہان | تو اسرار مخفی ہوئے درعیان
کنانہ ہوئے انسے روشن لقب | علی نام اونکا وہ عالی حسب
ہوئے اونسے بیشک نضر باسعود | قریشی لقب صاحب فضل وجود
وہ لاریب بدر مساکین تھے | وہ کان تسلّی و تسکین تھے

مبشر خدا سے وہ تھے در منام
کہ سلمیٰ سلامت سے ہی بامرام

تو وہ شیبۃ الحمد پیدا ہوئے
مدینے مین اُنسے ہویدا ہوئے

تو پھر حاکم شہر بیت الحرام
چچا شیبۃ الحمد کے لاکلام

وہ ہین مطلب نزد ہر خاص و عام
انہین لائے مکے مین با احترام

تو پھر یہ مبشر ہوئے از غفور
کہ وہ نور ہو فاطمہ سے ظہور

وہ ہی دختر عمر بے امترا
وہ مخزومیون سے بسے پارسا

تو عبد اللہ اُنسے ہویدا ہوئے
زمین آسمان اُنپہ شیدا ہوئے

جو تھے جملہ سکان عرش برین
وہ رکھتے اُونکے قدم پر جبین

پس و پیش اونکے وہ پروانہ وار
اوسی شمع پر جملہ وہ جان نثار

ہمہ وقت اونکے وہ خدمتگذار
وہ استادہ بر پائے لیل و نہار

وہ عبد اللہ چون کعبۃ اللہ مدام
مطاف ملائک بہر صبح و شام

ہوا منتقل اونسے نور حبیب
سوئے آمنہ مومنہ بانصیب

تو پیدا ہوئے اُنسے خیر الورا
عقول ورا سے جو ہین ماورا

ہوئے جبکہ پیدا وہ نور خدا
تو اُنسے ہوا پھر ظہور خدا

وہی نور حق سے ہویدا ہوا
تو لا بد خدا اونسے پیدا ہوا

ہوئے جبکہ پیدا وہ سر سرور
تو پیدا ہوا وہ خدائے غفور

وہ جان جنان جبکہ پیدا ہوئے
تو اسرار ایزد ہویدا ہوئے

وہ محمود محمود پیدا ہوئے
تو سب حامدین اُنپہ شیدا ہوئے

ز فرش زمین تا بعرش برین
یہ بے روح تن جملہ عالمین

مجمّع قبائل کے جامع ہوئے — حمیدہ شمائل سے نامع ہوئے
جو تھے جمع خاطر مجمّع لبیب — تو حاصل ہوا اونکو نورِ حبیب
مُغیرہ ہوئے اُنسے اہلِ حصاف — کہا مشرکون نے یہ عبدِ مناف
منافی نہ اسلام کو یہ مناف — کہ ہی نامِ سبحان بے اختلاف
رکھا مشرکون نے صنم کا یہ نام — کہ ہی اسکا معنے وہی پاکِ نام
وہ سمجھین صنم اوسکو وقتِ کلام — مُسلمان کہین نامِ ربّ الانام
وہ بیزار تھی شرک سے لاکلام — وہ دینِ خلیلِ خدا پر مدام
کہ نورِ خدا کا جہان پر مقام — وہان کفر کسطور پاوے قیام
تو کب پاک ناپاک ہوا یکذات — کہ یہ جمع اضدادِ بالبیّنات
یہ ثانی عشر برج عالی مرام — اسی برج پر ہی وہ دورہ تمام
وہ عبد العلی اُنسے ہاشم ہوئے — وہ نعمائے مہمان پہ قاسم ہوئے
وہ حرص و ہوا کے جو حاسم ہوئے — تو نورِ محمد ص کے عاصم ہوئے
ہوئے وہ مربّیئ بلدِ امین — کہ وہ مظہرِ رحمتِ عالمین
جو تھی کاسۂ دلمین حبِّ وحید — تو وہ بہرِ مہمان بناتے ثرید
سخاوت مین یکتا وہ تھی بیگمان — کہ وہ مظہرِ جودِ شاہِ شہان
شتا صیف مین ہی جو رحلت مدام — تو یہ سنّتِ ہاشمی در انام
نکرتے کسی چیز بد وہ مرور — مگر پیش اونکے وہ ساجد ضرور
وہ مسجود تھے بہرِ نورِ ودود — تو کرتے اُنونکو صنم بھی سجود
وصالِ الٰہی سے درِ ملکِ شام — مزارِ ملائک وہ با احترام

ہوا عرش جب فرش پائے حبیب
تو عظمت کا خلعت اُسے ہی نصیب

دیا بوسہ جب زیرِ نعلِ نبی
ہوئے زیر پا اُسکے عالم سبھی

اِسی نام سے ہی قیامِ جنان
یہ حورونکے سینے پہ قائم نشان

یہی چشم حورونکا لاریب نور
یہی قرۃ العین دل کا سرور

نُجُوری کا یہ حرزِ جان ہی مدام
محمد محمد علیہ السلام

محمد کا سودا سویدا مین جو
بیان اوسکا تا حشر ہرگز نہو

کہ شکلِ محمد وہ نقشِ جنان
وہ ذکرِ محمد یہ وردِ زبان

محمد کا ہے مردمک مین مقر
وہی نام در گوش ہے مستقر

سوا اوسکے دل پر نہ آوے خطر
نظر مین وہی ایک نورالبصر

جلین منصبِ صدر مین استخوان
شعاع زبانہ اِلیٰ آسمان

ہوائے نصیحت بصد زور شور
ملامت کرین مجکو سب کاؤ کو

جلا جملہ تن نسنہ حبل الورید
ابھی تک وہ بولے کہ ہل من مزید

نہ اِس نار سے دلکو پائے فرار
نہ اوسکے سوا اسکو جائے قرار

نہ ایسا کوئی یار ہے غمگسار
کرے وصل کے آب سے پست نار

نہ در چشم ہی آبِ اشکِ روان
کہ ہو پست کچھ اُسکے نارِ نہان

نہ ہی دیدۂ دلمین کچھ آب خون
جلا سب نہین ہمین ہرگز جگون

مگر دلمین باقی یہ آبِ حیات
محمد محمد وہی ایکذات

وہ بارانِ رحمت وہ عالم پناہ
تو کیونکر نہ سرسبز ہو یہ گیاہ

ہوئے جبکہ پیدا وہ رُوح خدا | تو زندہ ہوئے تن یہ جملہ ورا
وہ نورِ الٰہ وہ ظہورِ الٰہ | خدا کی خدائی کے ہین وہ پناہ
وہ یٰس وطٰہٰ وہ خیر البشر | کہ ہین خاکپا اونکے شمس و قمر
برین فرش پیدا وہ نورِ قدیم | ولے خاکپا اونکا عرشِ عظیم
قِدَم سے نہوتا وہ خُلقِ عظیم | تو حادث سے پیدا نہوتا قدیم
وہ مسجودِ مسجود ہین بالیقین | وہ معبود باطن ہین ای عابدین
وہ گرچہ بصورت زآدم پسر | ولے جملہ آدم کے بیشک پدر
دو صد الف آدم کا اُنسے ظہور | زآدم ہُوا گرچہ اونکا عبور

خیوری کا مقصود پیدا ہوا
کہ مسجودِ ساجد ہویدا ہوا

ان اللہ خلق مائتی الف آدم رواہ ابن عباس رض مرفوعاً کذا فی الیواقیت والتحریر

محمد خدا اسنے رکھا اونکا نام | کہ نامِ خدا ہے محمد مدام
محمد وہ محمود ہے ایکذات | ولے اسسے برتر وہ ہے در صفات
محمد وہ محمود ربّ انورا | محمد کو لاریب جانے خدا
یہی اسمِ اعظم یہی اسمِ ذات | اِسی ذات سے ہے یہ جملہ صفات
اِسی نام سے عرش کا ہے قیام | کہ اُسکی جبین پر لکھا ہے یہ نام
وہ تھا قہرِ ایزد سے لرزان مدام | اِسی لرزۂ تپ سے تھا در سقام
پڑا نعلِ احمد کا اوسپر غبار | تو اوسسے ہوا دور سب اضطرار
ملا اوسکو جب یہ سفوفِ صفا | تو لرزیسے حاصل ہوئی تب شفا

ولا ینقضی زمان الا وفی ذریۃ سیدنا اسماعیل علیہ السلام من ھو من اھل التوحید
ودین الاسلام قلوا او کثروا وقد ثبت واشتہر فی کتب الائمۃ من اھل السنۃ
ان بعض العرب لم یعبد الصنم قط ویدل علیہ من الاحادیث قولہ علیہ الصلوۃ
والسلام لا تسبوا مضر فانہ کان علی ملۃ ابراھیم علیہ السلام رواہ ابن سعد
فی طبقاتہ عن عبد اللہ بن خالد وقولہ علیہ الصلوۃ والسلام لا تسبوا الیاس
فانہ کان مومنا رواہ الامام السہیلی فی الروض وایضا ذکر فیہ بسندہ انہ
رضی اللہ عنہ کان یسمع من صلبہ تلبیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالحج وکزید
بن عمرو بن نفیل وقس بن ساعدۃ الایادی وعمرو بن الظرب وغیرھم
رضی اللہ عنہم وروی ابن حبیب عن ابن عباس رضی اللہ عنہم انہ قال
کان عدنان ومعد وربیعۃ وخزیمۃ علی ملۃ سیدنا ابراھیم علیہ السلام
فلا تذکروھم الا بخیر واسلام اجداد نبینا صلی اللہ علیہ وسلم کلہا من سیدنا
آدم علیہ السلام مصرح بالبراھین الساطعۃ والمضامین القاطعۃ فی زبر
کملاء الامۃ وفضلاء السنۃ کیف لا وکراماتہم عند اصحاب الخبرۃ شہیرۃ
ومبشراتہم من اللہ عند ارباب الخبرۃ وفیرۃ وھی معدودۃ من معجزاتہ
علیہ الصلوۃ والسلام وانہا من الارھاصات باتفاق ائمۃ الاسلام وللہ در
ما قال الحافظ الامین ناصر الدین دمشقی شمس الدین روح اللہ روحہ فی اعلیین شعر

تنقل احمد نورا عظیما	تلألأ فی جباہ الساجدینا
تقلب فیہم قرنا فقرنا	الی ان جاء خیر المرسلینا

وسبب الدعاء فی حق سیدنا علی بن ابی طالب بان یقال کرم اللہ وجہہ

خیوری وہ لاریب محی البشر
کرے اپنے گشتہ پہ گاہے نظر

تو کر اونکے اجداد کا کچھ بیان
کہ ہیں در مفاتیح و روح البیان

کہوں اُسسے زندہ جو مُردہ دلان
نسیم و اصابہ مین ہے بگمان

وہ شرح مواہب مین لابد نگار
وہ ابکار افکار مین بالیقین

وہ دُرج منیفہ مین ہیں آشکار
فوائد مین جو بارزہ ای امین

سوا ان کتب کے بسے کاملین
کہ وہ عبد جو مطلب کے مضاف

ہوئے متفق اسپہ ای دوربین
وہ ہین اہل ایمان بکر اعتساف

وہ دین خلیلی پہ تھے لاکلام
اِسیطور قیدار سے بالیقین

کہ وہ حامل نور خیر الانام
الی ذات ہاشم ہمہ مومنین

یہ چھبیس اجداد خیر الورا
ہمہ اہل توحید و ایمان ہین

زنسل سماعیل سب بے امترا
کہ یہ حامل نور عرفان ہین

براہین اسکے جو پرنور ہین
وے مختصر ہین یہان بینات

تو نجم المبین مین وہ مسطور ہین
وہ منصف کے نزدیک سبل النجات

اعلم ان قیذ ار وحملاً وثابتاً وسلامان وھمیع وادّاً واُود وعدنان ومعدّاً ونزاراً ومضر والیاس ومدرکۃ وخزیمۃ وکنانۃ ونضراً ومالکاً وعامراً وغالباً ولوباً وکعباً ومرۃ وحکیماً وزیداً ومغیرۃ وعمرو وشیبۃ الحمد وسیدنا عبد اللہ کلھم کانوا علی ملۃ سیدنا ابراھیم علیہ السلام والطھارۃ عن عبادۃ الاصنام وھذا ابقاء کلمۃ التوحید فی عقبہ فلا ینقرض قرنٌ

اونہون نسے یہ آباسے خیر الانام	ہمہ اہلِ توحید یہ لا کلا م
نہو منقطع قرن اندر جہان	نہ گذرے گا زنہار کوئی زمان
مگر یہ کہ ہواوسمین نسلِ خلیل	سماعیل کی نسل سے ای نبیل
کہ ہون اُنسے توحید پر مستقیم	وہ ہون اہلِ اسلام وقلبِ سلیم
وہ اندک ویا ہون بسے بیشمار	نہ اندک نہ بسیار کا اعتبار
ولے اونسے مومن کا ہونا ضرور	بلا منفصل تا بروزِ نشور
یہ اظہر مِنَ الشمس نزدِ جہان	زکتبِ اماماںِ دین سی عیان
کہ تھے اہلِ اسلام بعضے عرب	صنم کے نہ عابد وہ اہلِ ادب
وہ بیزار از شرک و مشرک مدام	چنانچہ یہ فرمانِ خیر الانام

قال نبینا شفیع الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام لا تسبّوا مضر فانہ کان علی ملۃ ابراھیم علیہ السلام رواہ ابن سعد فی طبقاتہ عن عبد اللہ بن خالد وغیرہ رض

مضر کو نہ دشنام دو اے فہام	کہ وہ اہلِ توحید سے لا کلام
وہ دینِ خلیلی پہ تھا مستقیم	وہ لاریب مومن بقلبِ سلیم
حدیثِ دگر مین یہ ہے آشکار	یہ روضِ سہیلی مین لابدّ نگار
کہ الیاس بر دینِ پروردگار	وہ مومن یقیناً سعادت شعار
نہ دشنام دو او سکو ای مومنان	کہ ہی شانِ ایمان سے لابد امان

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام وعلیٰ آلہ واصحابہ الکرام لا تسبّوا الیاس فانہ کان مومناً رواہ العلامۃ السہیلی فی الروض الانیق وغیرہ من اھل التوثیق رضی اللہ عنہم

یہ روضِ سہیلی مین ہی چون قمر	کہ لاریب الیاس پسرِ مضر

انہ روی عن والدتہ فاطمۃ بنت اسد رضی اللہ عنہا انہا ارادت ان تسجد الصنم وسیدنا علی رضی اللہ عنہ فی بطنہا فمنعہا عن ذلک وھذا لقول سیدنا ابراھیم علیہ السلام واجنبنی وبنی ان نعبد الاصنام ولقولہ تعالیٰ فی حقہ وجعلہا کلمۃ باقیۃ فی عقبہ فکیف یمکن ان تسجد سیدتنا امنۃ ام النبی صلی اللہ علیہ وسلم للصنم وقد وردت الاخبار المتواترۃ واشتہرت الاثار المتوافرۃ فی انہا موحدۃ مومنۃ لاریب فی ایمانہا کما ھو مصرح فی زبر اولی الالباب ومنہ انموذج فی ھذا الباب ھذا الملخص ما فی سبل النجاۃ والتحبیر وروح البیان والتفسیر الکبیر وشرح الشفاء للعلامۃ الخفاجی النحریر ومنہل الصفا والخصائص الکبریٰ واللہ یھدی بہ من یشاء

وہ قیذار ابنِ ذبیح خدا
وہ حمل و سُوم ثابتِ رہنما

سلامان ہمیع وہ اُدّ و اُود
بعد نان جملہ ہوئے ہشت جد

معدّ نزار و کنانہ علی
نضر وہ قریش و ولیِ جلی

بھی وہ مُدرکہ شرفِ نورِ خدا
دگر مالکِ فیض در دوسرا

بھی وہ فہر و غالب لُوَیِّ کرام
وہ مُرّہ کِلاب و قُصیِّ عظام

مغیرہ وہ عبدِ منافِ شہیر
پسر اونکا ہاشم رئیسِ کبیر

یہ آبا و اجداد خیر الوریٰ
ہمہ اہلِ ایمان وہ اہلِ صفا

یہ دینِ خلیلِ خدا پر مقیم
کہ تھے مظہرِ خلقِ خلقِ عظیم

خلیلِ خدا کی دُعا مستجاب
ہوئی اُنکے حق مین بلا ارتیاب

وہ ہے کلمۂ باقیہ در دعا
عقب مین رہے تا بروزِ جزا

جو کافر نہ لائق کرامات کے
جو مشرک نہ لائق بشارات کے

کہاں مشرکین و کہاں معجزات
کہاں نورِ ایمان کہاں کفریات

کہاں وہ وہابی کہاں یہ کتاب
کہاں وہ خفاش و کہاں آفتاب

خیوری بیانِ تو مہرِ منیر
ولے چشمِ حاسد خفاش ضریر

دل و جان سے اب سن محبّ علی
وہ فخرِ نبی ہین وہ فخرِ ولی

ودادِ علی سے یہ دل ہو جلی
غمومِ جہان اُسّے ہون منجلی

وہ حلالِ مشکل خفی و جلی
مرادِ دلی ہے ودادِ علی

ودادِ علی سے تولا بدولی
ولایت یقیناً ودادِ علی

جو ہین فاطمہؓ والدہ مرتضیٰ
وہ شفقت سے اُمّ رسولِ خدا

یہ اُن پانچ فردوں سے بہترا
کہ جنکے مقابر ہین خیرالورا

ہوئے پہلے داخل کہ تا وہ مکان
بنے باغ از باغہائے جنان

وہ راوی اِسیطور پر ہے مہان
ہوا اُنسے راضی خدائے جہان

کہ جب بطن میں مین شیرِ خدا
باَمرِ الٰہی وہ تھے باصفا

تو جب میرے دلمین یہ آتا خطور
صنم کو مین سجدہ کرون بالضرور

تو بُت منع کرتا بصوتِ جلی
نکر سجدہ مجکو تو اُمّ علی

یہ ہی منع بُت کا سبب ای عزیز
کرین اِسکو ادراک اہلِ تمیز

کہ پیشِ صنم جب کرین وہ سجود
تو ہوا ہمین ساجد ولیِ ودود

کہ یہ بطن اونکے مین تھے برملا
یہ لاریب ہادیِ خلق تھا

بھی آوازِ تلبیۂ مصطفےٰ
ظرب کا پسر عمرو قسِ بصیر
یہ سب اہلِ توحید تھے لاکلام
روایت کیا نیز پسر حبیب
کہ عدنان و دیگر سعدؑ و مُضر
یہ دینِ خلیلی پہ بے ریب و ضیر
جو آباؤ اجدادِ خیر الانام
بکُتبِ ائمہّ وہ مسطور ہے
کہ وہ نورِ ربّ جسسے خدا کا ظہور
ہوا جسسے دنیا مین وہ آشکار
ہمہ شرک سے دور وہ پاک تھے
خدا اونپہ سب اہلِ افلاک تھے
جو وہ حاملِ نورِ لولاک تھے
تو کیونکر نہ مومن وہ اہلِ ضیا
کرامات اونکی ہیں سب آشکار
بشاراتِ ایزد سے وہ سرفراز
وہ تھے مظہرِ معجزاتِ رسول
ہمہ معجزے تین اقسام پر
تو وہ معجزے پیش ارہاص نام

وہ سُنتے زپشتِ خودش برملا
وہ زیدِ بنِ عمرِ نفیلِ شہیر
درانوقتِ فترت یہ مومن مدام
ازان ابنِ عبّاس یکتا لبیب
ربیعہ خُزیمہ جو ہین نامور
نہ انکو کرو یاد الاّ بخیر
تو اسلام اونکا بتصریح تام
وہ اظہر من الشمس پُر نور ہے
وہ نورِ الٰہی وہ سرِّ سرور
زاصلاب وارحام جملہ کبار
خدا کی عبادت مین چالاک تھے
فلک زیر پا اُنکے چون خاک تھے
تو خُدّام اُنکے وہ املاک تھے
فدا تھے جو بر خاتم الانبیا
وہ اہلِ بشارت بلیل و نہار
مناماتِ حقہ سے وہ اہلِ راز
تو دعوات اُنکی ہمیشہ قبول
وہ نجم المبین مین مفصّل نگر
اِساسِ نبوّت سے وہ لاکلام

نہ ہرگز کوئی ائمین از مشرکین
کہ عصمت حفاظت یہ ہون بالسّوا
و الا نہوا ئمین فرق مبین
نہ ممکن یہ نزدیک اہل سنن ہے

جبوری یہ نوری سروری بیان
کرے اسکو ادراک نوری جنان

خفاش حسد ہے ضریر الجنان
تو دیکھے وہ کب آفتاب جہان

ان قلت انہ علیہ الصلوۃ والسلام کان لایجاوز فی لنسب معد بن عدنان وکان ابن مسعود رضی اللہ عنہ اذا قرأ قولہ تعالی وَالَّذِیْنَ مِنْ بَعْدِہِمْ لَا یَعْلَمُہُمْ اِلَّا اللّٰہُ قال کذب النسّابون وکان مالک بن انس رضی اللہ عنہ یکرہ ان ینتسب الانسان نفسہ اباً اباً الی سیدنا آدم علیہ السلام وکذا فی حق النبی صلی اللہ علیہ وسلم فکیف نسبتم سید الانام الی ادم علیہما السلام قلنا بعون اللہ العلام وھو الہادی الی سبیل لمرام ان علم الانساب نوعان بغیر الارتیاب علم من طریق النبوۃ والالہام وعلم من طریق النسّابین ذوی الاوہام فالاول من حضرۃ الحق لارباب الایقان والثانی من مقامۃ الظن والنسیان قال فی انسان العیون وروح البیان وغیرہما من زبر اھل الاتقان ان قدماء العرب لم یکونوا اصحاب الکتب لیرجعوا الیہا وانما کان مدار انسابہم علی حفظ بعضہم من بعض فلہذا من قبل عدنان وقع الاختلاف بینہم بسبب لنسیان انتہی قال فی التحریر والجامع الکبیر والنسّابون فی زمانہ صلی اللہ علیہ وسلم قد کانوا یدعون احصاء الامم وعلم الانساب علی لوجہ الاتم فلہذا کان ابن مسعود رضی اللہ عنہ اذا قرأ قولہ تعالی وَالَّذِیْنَ مِنْ بَعْدِہِمْ لَا یَعْلَمُہُمْ اِلَّا اللّٰہُ قال کذب النسّابون

کریں انکو اصنام لابد سجود — کہ مسجودِ عشاق انکا وجود

جنان انکا برتر ز عرشِ عظیم — یہ کعبے سے برتر مطافِ قدیم

خدا ہے انکا یہ سترِ خدا — خدا انسے ہرگز نہووے جدا

کرے جبکہ انکا وہ کعبہ طواف — تو بت کے نہ ساجد وہ اہلِ حصاف

غیوری یہ مسجودِ اہلِ وداد — تو کب انکا مسجود ہووے جماد

سجودِ صنم سے وہ روئے علی — ہوئے جبکہ ظاہر خفی و جلی

تو لائق وہ تکریم کے ہیں سدا — کہ ہو کرّم اللہ وجہ دعا

رکھا جبکہ محفوظ ربّ الانام — سجودِ صنم سے علی کو مدام

تو کیونکر نہ محفوظ خیر الورا — کہ معصوم دائم حبیبِ خدا

وہ نورِ خدا ہیں وہ فیضِ قدم — تو کیونکر وہ ساجد بہ پیشِ صنم

کہ عصمت حفاظت ہیں فرقِ عیان — وہ ذاتی یہ ہی عارضی ای جہان

ولی ہی وہ محفوظ تابع مدام — نبی سے ہے یہ معصوم اوسکا امام

کہ از مہرِ نورِ مستمر مستفاد — وہ ہے اصل یہ شاخ ای باسداد

لہذا وہ نورِ علی و ولی — ہوا انکا مسکن وہ شرکِ جلی

کہ یک پشت سے فرق ہووے عیان — کہ تابع وہ متبوع یہ بگمان

ولیکن طفیلِ شفیعِ الانام — رہے اسّے محفوظ با احترام

کرامات بھی معجزاتِ عظام — وہی فرق دونو میں ہی لاکلام

تو ثابت ہوا اسّے سب بے ہترا — کہ مومن وہ آبائے خیر الورا

حاتم وابن المنذر والبزار والحاکم وصححہ عن ابن عباس وغیرہ رضی اللہ عنہم
ان من ادم الصفی الی نوح النجی عشرۃ آباء لسید الانبیاء الکرام وکذلک من نوح
الی سیدنا ابراہیم عشرۃ آباء لنبینا الکریم کلہم علی دین الاسلام علیہم ازکی التحیۃ
والسلام واخرج ابن حیان فی النہر وغیرہ من اہل لبھران سیدنا ابراہیم الی
صاحب الخلق العظیم ہو الصلب الحادی والثلاثون فالکل من آدم الی نبینا
الخمسون واللہ اعلم وعلمہ احکم ہذا ملخص ما فی نجم المبین من زہر المہرۃ المحققین

اگر تیرے دل مین یہ ہو اشتباہ
کہ تحقیق وہ ذات خیر الانام
نسب مین تجاوز نکرتے مدام
دگر ابن مسعود عالی مقام

نہو اسّے حاصل تجھے گر پناہ
علیہ صلوٰۃ خدا و سلام
معدّ ے عدنان سے ای فہام
وہ پڑھتے یہ جب قول رب الانام

وَالَّذِیْنَ مِنْ بَعْدِهِمْ لَا یَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰہُ ط

تو فرماتے اسطور وہ بیگمان
سوم مالک انس عالی مرام
نسب اپنا کوئی کرے گر بیان
مسلسل الی حضرت بو البشر
اسیطور سے گر کرے وہ بیان
تو اسکو نکرتے وہ ہرگز پسند

کہ نساب لا ریب ہین کاذبان
یہ منقول ہے اُنسے اے نیکنام
پدر سے پدر تک ہمہ والدان
صفی اللہ آدم جو ہین نامور
نسب نامۂ شافع دو جہان
کہ اسّے نہ ہر شخص ہو ارجمند

تو کیونکر نسب نامۂ مصطفا
خیوری لکھا اوسکو با صد رضا

یعنی انهم یدّعون الاحصاء الی الفضائل بحسب سماعتہم عن القبائل وقد نفی اللہ
علمها عن العباد حسب تشبثہم بذلک الاعتداد لا نفی اللہ علمها مطلقاً للاعتماد
انتهی وقد قال شفیع الرسل والامم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان اللہ قد رفع
لی الدنیا فانا انظر الیها والی ما هو کائن فیها الی یوم القیامۃ کما انظر الی کفی هذہ
جلیاً رواہ الطبرانی فی المعجم الکبیر والدیلمی فی الفردوس والزرقانی والقسطلانی
فی الشرح والمواہب اللدنیۃ وغیرہم فی الزبر العلیہ رضی اللہ عنہم فجمیع الکوائن
الی یوم القیامۃ مکشوف علی نبینا صاحب المغیبات التامۃ وعلی ورثتہ اصحاب
الکشف والکرامۃ بحسب مراتبہم فی الشریعۃ العامۃ فکیف لا یعلم حبیب اللہ
العلام نسب نفسہ علیہ الصلوۃ والسلام وعدم تجاوزہ عن عدنان تعلیمٌ
لاصحاب الایمان بان لا ینتسب کل احد بالاوہام نفسہ الی آدم علیہ السلام
الا الذی ہو اہل ہذا المقام الا تری ما قال شفیع الامم صلی اللہ علیہ وسلم
تعلّموا انسابکم ما تصلون بہ ارحامکم واما کراہۃ مالک بن انس رضی اللہ عنہ
بان ینتسب الانسان نفسہ اباً اباً الی ادم علیہ السلام فلہ اسباب کثیرۃ عند الفہام
منہا ما قال نبینا وشفیعنا صاحب المنّۃ من انتسب نفسہ الی غیر ابیہ لا یشم
رائحۃ الجنّۃ ولا ریب فی ان علم الانساب مزلۃ اقدام اولی الالباب فلا ینبغی
ان یجترئ کل احد من الانام فی انتساب نفسہ الی ادم علیہ السلام فضلاً
ان ینتسب حبیب اللہ العلام بقول النسابین ذوی الاوہام الی سیدنا آدم
علیہما الصلوۃ والسلام وما حبّرناہ وعبّرناہ من نسب خیر الانام علیہ افضل
الصلوۃ والسلام فہو من علم النبوّۃ والکشف التام کما اخرج ابن جریر وابن ابی

کہ علمِ خدا سے نہ وہ ماہرین ‏ وہ لاریب اِس علم سے جاہلین
تمسک اونہون کا ہمہ وہم و زور ‏ ولے اُسّے ماہر جو ہین اہلِ نور
یہ کیونکر نہو نزدِ اہلِ شہے ‏ کہ اِسطور فرمانِ خیر الورا

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام ان اللہ قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیہا والی ما ھو کائن فیہا الی یوم القیامۃ کما انظر الی کفّی ھذہ جلیاً رواہ الطبرانی والدیلمی والزرقانی عن عمر بن الخطاب علیہم رضوان اللہ رب الارباب

کہ تحقیق دنیا کو پروردگار ‏ کیا خوب اِستادہ وُہ آشکار
رکھا پیش میرے اُسے بیحجاب ‏ تو ناظر ہین اُسپر بلا ارتیاب
جو دنیا ہین گذرا ہمہ شرّ و خیر ‏ جو گذریگا اوسمین ہمہ نفع و ضیر
اِلی یوم دین اُسمین جو واردات ‏ ہوئی یا کہ ہوگی بجملہ صفات
تو اُن سبکو مین دیکھتا ہون عیان ‏ نہ کچھ اُنسے نزدیک میری نہان
کفِ دست اپنے کو جسطور پر ‏ بلا ریب دیکھو نمین شام و سحر
اوسیطور حالاتِ کون و مکان ‏ جلی مجھپہ دائم نہ کاہے نہان
یہ فردوس و دیگر کتب مین نگار ‏ بھی لابد مواہب مین ہی آشکار
تو کیونکر نہ ماہر شفیع الانام ‏ ز آبا وُ اجدادِ پاکش مدام
وہ ہین پدر آباؤ گرچہ پسر ‏ تو پسرونسے کیونکر نہ ماہر پدر
تجاوز نہ کرتے رسولِ کریم ‏ معدّ اُئے عدنان سے اِی فہیم
تو اُمّت کو لابد یہ تعلیم ہے ‏ یہ ہر اہلِ ایمان کو تفہیم ہے
کہ ہر ایک اُسمین نہووے دلیر ‏ کہ ہر کسطرح سے کریکارِ شیر

جواب لبیبانہ یہ اے فطین | کہ ہو جسسے مسرور قلب حزین
کہ ہے علم انساب دو طور پہ | یکے از طریق نبوت شمر
دگر قسم نسّاب سے ہی عیان | کہ ہوا اوسکو حاصل بظنّ و گمان
نہ فرمانِ شارع پہ اوسکا مدار | نہ الہام ایزد سے وہ زینہار
کہ جسطور متقدّمینِ عرب | سماعت پہ تھا اونکا علمِ نسب
نہ رکھتے وہ زنہار ہمین کتاب | کہ ہو جسسے حاصل رہِ پُر صواب
کہ معلوم یہ امر نزد کبار | کہ مسطور قائم رہے باقرار
ہوا حفظ پر جسکا دائم مدار | تو ہوا اوسکے سینے سے گاہے فرار

قَالَ اُولُوا الحِکَمِ کَمَا فِی التَّعلِیمِ وَ التَّعَلُّمِ مَا حُبِّرَ قَرَّ وَ مَا حُفِظَ فَرَّ

و لے حفظِ اصحاب خیر الانام | یہ اونکا خصیصہ ہوا لا کلام
کہ وہ حاملِ دینِ خیر الورا | نہوا انسے نسیان و سہو و خطا
وہ اہلِ حفاظت وہ اہلِ صفا | وہ عصمت کے تابع وہ اہلِ وفا
جو نسّاب تھے در زمانِ رسول | وہ کرتے یہ دعویٰ بہ پیشِ فحول
کہ جملہ اُمم جو ہوئی درجہان | تو اونکا نسب ہمیہ دائم عیان
قبائل فصائل جو اُنمین تمام | تو ہم انسے ہین ماہرین لاکلام
کیا ردّ اونکا خدا آشکار | کہ ماہر نہین انسے وہ زینہار
نہین جانتا اون اُمم کو دگر | سوا خالق مالکِ بحر و بر
مگر جسکو چاہے خدائے جہان | کرے علمِ انساب اُسپر عیان
یہی ابنِ مسعود سے ہے مبین | کہ نسّاب لاریب ہین کاذبین

کہ تا مصطفا از خلیلِ خدا — یہ اکتیس پشتین بلا اشترا
تو یہ جملہ پنجاہ پشتین تمام — صفی اللہ سے تا شفیعُ الانام
کیا پھر جو تحقیق اہلِ سیر — باسماے آبائے خیرُ البشر
تو اخبار و آثار سے وہ عیان — ہوئے چون قمر پیشِ اہلِ جنان
کیا جُست جو پھر بجملہ بُروج — تو اونین مِلا مجکو ماہِ عروج
وہ یٰس و طٰہٰ وہ جلوۂ خدا — کہ خلقِ خدا جسپہ جملہ فدا
ز سر تا قدم وہ قدم کی ادا — ادائے قدم تھی قدم پر فدا
وہ سُبّوح و قُدّوس کُحلُ البصر — وہ میمِ قدیمی نطاقِ کمر

خیوری خیوری ہوئی تب ندا
کہ از لامکان روبسوئے سما

یہی سرِّ اسرار و انوار ہے — یہی نورِ انوار و اسرار ہے
نہ ہجائے پر جائے گفتار ہے — نہ گفتار کی اسمین رفتار ہے
یہ گفتار و رفتار بیکار ہے — یہ بیکار بس کارِ دربار ہے
تو ہو مثلِ شمعِ مفیضِ کسان — بنہ مُہر پروانہ وش بردہان
بنوش از سبوئے محبت شراب — تو اِس بود کو دیکھ مثلِ سراب
جگر سوختہ ہو تو مثلِ کباب — تو ہو یارِ مونس بمثلِ کتاب
ز طنبورِ قامت سرودے سرا — یہی زیر و بم کی صدا ہو ادا
محمد محمد یہ سرِّ سرور — یہ نورِ خدا او خدا اِنکا نور

خیوری نسب نامہ مصطفا

کہ جب عالمِ علم ہر شان سے — تجاوز نکرتے وہ عدنان سے
تو کیونکر تجاوز کرین جو عوام — معدّ ابنِ عدنان سے ای فہام
کہ عدنان سے پیش ہی اختلاف — نہ ہی نزدِ نسّاب یہ امر صاف
تو ہر کس نہ اسکے سزاوار ہے — یہ خاصونکا مخصوص ہی کار ہی
اِسیواسطے مالکِ ارجمند — معدّ سے بالا نکرتے پسند
کہ لائق نہ ہر شخص کے وہ بیان — کہ اِسطور فرمانِ شاہِ شہان
کرے نسبتِ خویش کوئی پسر — بغیر پدر جو نہ اِسکا پدر
تو ہرگز نہ سونگھے وہ بوئے جنان — وہ ریحِ جنانسے نہ پاوے نشان
تو لازم نہو ہمین ہر کس دلیر — سزاوار شیرونکے ہی کارِ شیر
خصوصاً نسب نامۂ مصطفا — علیہ صلوٰۃ و سلامِ خدا
کہ ہر کس نہ اِسکے سزاوار ہے — ولے وہ جو مختارِ دلدار ہے

خیوری یہ جب فضلِ مختار ہے
تو لابد وہ اِسکے سزاوار ہے

کہ علمِ نبوت سے نسب رسول — ہوئے متفق سب اہلِ وصول
کیا جیسا تخریج ابنِ جریر — وہ ابنِ ابی حاتمِ بے نظیر
سوم ابنِ منذر بسے نیکدان — وہ بزار و حاکم جو ہین از مہان
یہ از ابنِ عباس ہین راویان — ہوا انسے راضی خدائے جہان
کہ آدم سے تا پاک ذاتِ خلیل — یہ ہین مبین ۳۰ پشتین بلا قال و قیل
کیا ابنِ حیان پھر یہ بیان — ہوئے متفق انکے دیگر مہان

نہو مردمک مین زفیض تو نور	زنور تو دلمین نہووے ظہور
تو بینا نہووے یہ جملہ جہان	جہان آفرین کو نہ دیکھے جہان

خیوری نہ کر تیرا سودا بیان
تو کچھ سودۂ آخرت کر یہان

نہ محروم ہو وصف اجداد سے	تو کچھ وصف کر اونکی امداد سے
تو کر جد خاتم کا وصف سرور	کہ تیرا بھی ہو خاتمہ باخیور
سنو اے عزیز و عزیز الکلام	کہ ہو تم سے راضی عزیز الانام
کہ در وصل چارم یہ ہے بے فتور	کہ ہین شیبۃ الحمد مومن ضرور
اسیطور دیگر کتب مین نگار	ہوئے متفق اسپہ جملہ کبار

قال فی مفاتیح الغیب والکشف عن قناع الریب ان عبد المطلب بن ھاشم جد نبینا صلی اللہ علیہ وسلم کان علی دین الاسلام یقر بالابداء والاعادۃ والثواب والعقاب یوحد اللہ تعالی ولا یعبد الاصنام والاوثان قال الشہرستانی ومما یدل علی اثباتہ المعاد والمبدأ انہ کان یضرب بالقداح ویقول شعر

یا ربّ انت الملک المحمود	وانت ربی اللہ المعبود

من عندک الطارف والتلید

مفاتیح تفسیر مین ہے نگار	یہ کشف القناع مین بھی آشکار
کہ وہ عبد جو مطلب کے مضاف	وہ لاریب مومن جو قرآن مین صاف
اعادہ ہوا ابدا کے وہ معتقد	وہ روز قیامت پہ تھے معتقد
وہ قائل کہ لابد ثواب و عذاب	یہ ثابت یقینا بروز حساب

ختم بر خدا وہ خدائے ورا

لُٹاتے لیئے صلوات پروردگار
بھی آل و صحابہ پہ لیل و نہار
حبیب خدا پر ہمیشہ نثار
فزون از ہمہ اہل دار القرار

وصل پانچوان حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ کے بیان مین یعنے اظہار براہین قاطعہ اور مضامین ساطعہ اونکے ایمان مین اصحاب فیل ور ابرۂ ذلیل کے شمۂ تبیان مین اور بیچ ذکر تولد رحمۃ للعالمین نبی الانبیاء والمرسلین صلے اللہ وسلم علیہ والہ اجمعین کے اونہین آوانین

کرون گر بیان وصف جملہ جدود
وے ایک طومار دیگر عیان
نہوتے اگر یہ عموم جنان
تو یہ باب ہوتا مفصل بیان
خدایا زمانے کے جملہ عموم
تو اون سے محفوظ ہو یہ جنان
شراب محبت سوا جو شراب
رکھے تجکو دل بر ہے مشغول جو
تو عابد وہ معبود تیرا صنم
حبیبی طبیبی و یا نور عین
توئی مردمک عین ہین انبیا
تولا ریب ہے یہ ضائے وجود
کرامات اونکی سے ہو بیگیان
نہوتے ہویدا ہموم زمان
بیان معانی وہ روح جنان
ز فکر تعلق وہ سائر ہموم
جنان ہو محب حبیبی جنان
وہ ہو دید مین آب لیکن سراب
وہ تیرا صنم ہے بلا گفت گو
صنم سے تو غافل رہین دمبدم
نہ ز نہار تنے سوا دلکو چین
وہ مژگان ہمہ زمرۂ اولیا

جو ہے عملِ مقبول مقبول ہے
بھی اُنکے موافق وہ قولِ رسول
ازانجملہ ہے یہ وفائے نذور
بھی ہے قطعِ یدِ دُزد کا بیگمان
نکاحِ محارم سے مانع مدام
نہ ہو قاتلِ دُختران اے فہام
شراب و زنا بھی یہ لابد حرام
نہ ہو تم برہنہ کبھی در طواف

یہی عملِ مقبول معمول ہے
کہ سُنّت یہ سُنّت یہ لابد قبول
کہ منّت جو مانے کرے بالضرور
کہ محفوظ ہو اُس سے خلقِ جہان
بھی از قتلِ موؤدہ اے نیکنام
کہ نقلاً یہ عقلاً اشدّ الحرام
کہ اُمّ الخبائث وہ نزدِ کرام
یہ محظور ہے نزدِ اہلِ حصاف

قال فی لدر الفریدہ عن بحر الحقائق وغیرہ من زبر اھل الدقائق ان سیدنا عبد المطلب جد شفیع الانام کان لا یقرب الاوثان ولا الاصنام تعظیماً لنورہ علیہ الصلوٰۃ والسلام فضلاً ان یعبد الجماد والاجسام کما ھو جلی من سیرۃ فی کتب الاعلام ولا عبرۃ بما یفوہ الناقصون فی ھذا المرام وکیف یرضی ربنا ان یسجد نور حبیبہ للاصنام واین شان العصمۃ والحفظ التام من ذلک الشین لنورہ مزیل الظلام واللہ انہ لمعصوم علی الدوام من جمیع النقائص عند الفہام

اللھم صل وسلم علیہ والہ الطاھرین العظام

یہ بحر الحقائق سے دُرِّ فرید
کہ وہ شیبۃ الحمد عالی مقام
وہ از قربِ اصنام لیل ونہار
کہ غوّاص در بحرِ تعظیمِ نور

سزاوارِ یکتا حبیبِ وحید
ہوا اُس سے راضی خدائے انام
بھی اوثان سے اُنکو دائم فرار
وہ تھے جملہ اوقات [illegible]

خدا وَحدَہٗ اونکا یہ اِعتقاد
نکرتے وہ سجدہ برائے جماد

وہ تھے اہلِ توحیدِ پروردگار
نہ عابد صَنَم کے کبھے زینہار

کہا صاحبُ النَّحل اے ذیشعور
کہ ثابت ہوا اونکا ایمان ضرور

اِسی قول سے نزدِ اہلِ سَداد
کہ ہے دال بر مَبدَءُ وَالمَعاد

کہ دائم وہ تھے ضارِبٌ بِالقِداح
مُناجی خدا سے بطرزِ فلاح

کہ یارب توئی شاہِ محمود ہے
مُعید و مَلِک ربِّ معبود ہے

جو ہین یہ حوادث بلیل و نہار
ز نو وُ کہن جو کہ ہے آشکار

یہ نیر ہیسے طارِقِ تلیدہ عیان
توئی خالقِ خَلقِ جملہ جہان

قال فی التحریر والجامع الکبیر وغیرھما من زبر النحاریران سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ کان لا یعبد الاصنام ویوحد اللہ الملک العلام وتوثر عنہ السنن الاسنی قد وردت بہا الاخبار الحسنیٰ وجاء القرآن العظیم باکثرہا من اللہ القدیم منہا الوفاء بالنذر والمنع من نکاح المحارم وقطع ید السارق والنھی عن قتل الموؤدۃ وتحریم الخمر والزنا وان لا یطوف بالبیت عریان

یہ تحریر و تحبیر مین ہے نگار
یہ تفسیر جامع مین ہے آشکار

کہ تھے شَیبَۃُ الحَمد عالی مقام
مُوَحِّد مُسلمان بسے نیک نام

یہی دین اونکا بلا اِستتر ا
کہ معبود میرا وہ یکتا خدا

بتونکی عبادت سے بیزار تھے
خدا کی عبادت مین سرشار تھے

وہ اون سُنّتون پہ ہمیشہ مُقیم
کہ جنکے مطابق کلامِ قدیم

کہ افعالِ محبوب مرغوب ہین
وہ مرغوب کیا بلکہ محبوب ہین

نسب مین اگر ایک از مشرکین
تو بد تر کوئی عیب اِسسے نہین
جو ہین انبیا پاک اِسسے مدام
تو کب اِسسے معیوب خیر الانام

قال فی الیواقیت والجواھر وغیرہ من زبر المواھر ومن طالع فیما نقلہ اھل السیر من کلام سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ لما اراد نحر سیدنا عبد اللہ والد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلی آلہ ذوی الحِکَم فی قصۃ حفر بئر زمزم شھد لہ بانہ موحد وصاحب التوحید سعید یدخل الجنۃ وان لم یکن مومنا بالکتاب والرسول انتہٰی

یواقیت و دیگر کُتب مین عیان
کہ وہ شَیبۃُ الحمد اہلِ جنان
پڑھے گر کوئی اُنکا روشن کلام
جو در نحرِ نجلِ شفیعُ الانام
تو لابد شہادت کرے یہ ادا
کہ وہ اہلِ توحید سب سے امترا
تو جو اہلِ توحید ہین بندگان
وہ اہلِ جنان ہین اہلِ جنان
مُوَحِّد جو تھے بندگانِ خدا
در آن وقت فترت بصدق و صفا
تو لازم نہ تھا اونپہ ایمان مدام
بکتبِ سماوی و رُسلِ کرام
فَقَط ایک توحید سے وہ قبول
چہ جائیکہ ہون وہ فدائے رسول
کتاب سیر کو پڑھو منکرین
جہالت خودی سے نہ ہو ملحدین
تو پھر خوفِ ایزد سے ہو منصفین
نہو تم اَنا سے رجیم لعین
کہ وہ شَیبۃُ الحمد عالی وقار
بھی وہ عم بو طالب نامدار
نَبُوّت کے باعث وہ تھے جان نثار
حبیب خدا پر بلبل و نہار
مُصَدِّق وہ لاریب تھے باجنان
کہ ہین یہ حبیبِ خدا بیگمان
یہ ہین خاتم الانبیا لا کلام
بروز قیامت شفیعُ الانام

وہ نورِ محمد پہ دائم نثار — یہ شمع قدیمی وہ پروانہ وار

وہ روح و روان انکا ساجد مدام — لنورِ حبیبی علیہ السلام

وہ نورِ خدا جو کہ بے عیب ہے
خیوری کا مسجود لاریب ہے

وہ لاریب مسجودِ املاک ہے — کہ یکتا وہی ذاتِ لولاک ہے

اوسی سے صفی اللہ مسجودِ تام — کہ وہ حاملِ نورِ خیر الانام

ہوا اسکا حامل جو دارین مین — وہ مسجود لاریب کونین مین

جو اصلاب اسکے ہوئے حاملین — وہ مسجود لاریب ہین ساجدین

اگرچہ وہ اولادِ آدم تمام — حقیقت مین آدم وہ ہین لاکلام

کہ لابد وہ مسجود جملہ کرام — کہ وہ حاملِ نورِ خیر الانام

جو تھے شیبۃ الحمد عالی ہمم — تو لابد وہ مسجودِ جملہ صنم

تو زنہار سر کو نہ کرتے وہ خم — بطورِ عبادات پیشِ صنم

صنم کے صنم تھے وہ لابد صنم — تو پیشِ صنم کب کرین سر کو خم

یہ ہے اونکے احوال سے آشکار — تو کب قولِ ناقص کا ہو اعتبار

نہ زنہار ہے یہ رضائے ودود — کرے نورِ احمد صنم کو سجود

نہ خوشنود ہو نورِ پروردگار — کہ ہو عابدانِ صنم مین شمار

کہان شانِ عصمت کہان حفظِ تام — کہ وہ نور مستور ہو در ظلام

خدا کی قسم نورِ خیر الانام — ہمہ عیب سے پاک ہے لاکلام

جو ہے نقص در عرف و شرع مبین — وہ ہے پاک وسے یہ حق الیقین

تو ہر دینگے وہ ذرا ہم عیان — بھی قبلہ و کعبہ وہ روئے زبان
جو دنیا مین ہین اہلِ مال و منال — اگرچہ وہ از فسق ہون پائمال
رکھو پیش اونکے زمین پر یہ خد — اوٹھو بہرِ تعظیم چون سرو قد
بہ ہو تو منظور اونکی رضا — وہ مفروض تمپر جو فرضِ خدا
نہ حبِ محمد نہ یادِ رسول — نہ حسنین کی یاد و ذکرِ بتول
تو کب ذکرِ صدیق و فاروق ہو — کہ در دل چو حبِ صنا روق ہو
جو حبِ دلی سے کہے یا رسول — توئی جدِ حسنین و پدرِ بتول
تو کر یک نظر مجھپہ بہرِ خدا — خدا کی نظر یہ بہر دوسرا
جو تیری نظر سے یہ منظور ہو — تو منظورِ ایزد یہ پُر نور ہو
تو اوسکو کہو تم یہ از مشرکین — کہ ہو دشمنانِ رسولِ امین
زر و سیم و زن کی پرستش مدام — کرو بہرِ دنیا ہمیشہ قیام
جو از بہرِ تعظیم خیر الانام — بذکرِ تولد معین قیام
کہو اوسکو اے منکرانِ لئام — کہ وہ شرک ہی با خدائے انام
اگر ہو بمسجد ادا وہ قیام — تو بت خانہ ہو اوسسے مسجد تمام
ہوئی تمپہ لعنت خدا کی نثار — زیادہ ز اعدادِ رملِ القفار
کہ ہو موذیئے سید المرسلین — حسد سے خباثت مین بد از لعین
نہوتے اگر رحمتِ عالمین — درین دارِ دنیا بامن بتین
تو کرتا غضب تم پہ نازل خدا — تو ہوتے خنازیر تم از جفا
جو ابلیس و کافر نہ بولے کلام — تمارا وہی وردِ دہر صبح و شام

شہنشہ محمّد وہ ہین نائبین
ہمہ اِنکے محتاج روزِ پسین

یہ وہ یکتا مظہر بلا اِبتدا
کہ جیسے ہوا ہے ظہورِ خدا

یہ پیدا نہوتے اگر در جہان
تو پیدا نہوتے زمین آسمان

نہین بلکہ پیدا نہوتا خدا
خدائی نہ کرتا خدائے سما

خدائی سے ہے یہ خدائی سدا
خدائی نہوے بجز مصطفا

خدائی کا ہے سِرّ اونسے ادا
ادائے خدائی سے ہین مصطفا

ظہوری کالاریب ہے یہ خدا
کہ جیسے خدا کی خدائی سدا

تو وہ شیبۃ الحمد ایسے شفیق
کہ حبِ محمدؐ مین تھے وہ غریق

جو پروانہ اوس شمع پر وہ فدا
فدائے خدا تھے فدائے خدا

یہی اونکی تصدیق و ایمان ہے
دل وجان محمّد پہ قربان ہے

اِسیطور وہ عمّ خیر الورا
محمدؐ پہ لاریب دائم فدا

محمدؐ کی مجکو قسم بالیقین
خدا کی قسم تمکو اے منکرین

کہ ویسے محمّد پہ ہو تم فدا
کہ جیسے وہ دونو بصدق و صفا

نہین بلکہ ہو عابدِ سیم و زر
زحبِ دنانیر ہو درؔ بدرؔ

کہ دِرہم سے درہم بسے خوار زار
کہ دِنیار سے تمکو آخر مین نار

وہ وِی نار سے تمکو ہر وزنار
کہ ناری یہ ناری بسے جان نثار

کوئی روئے زن پر جو پروانہ وار
زوصفِ بہائم وہ دیوانہ وار

کرے سوختہ اسپہ وہ جان و مال
کہ مال عنِ القلب عقل العقال

لاحدهما من انت قال انا نوح نبی رب العالمین وقلت للآخر من انت قال انا ابراهیم

خلیل رب العالمین ثم انتبهت قالوا ان صدقت رؤیاک لیخرجن من ظهرک نبی

یومن به اهل السموات واهل الارض ودلت السلسلة علی کثرة اتباعه وانصاره

وقوتهم لتداخل حلق السلسلة ورجوعها شجرة تدل علی ثبات امره وعلو ذکره

وسیهلک من لم یومن به کما هلک قوم نوح علیه السلام وستظهر به ملة

ابراهیم علیه السلام والی هذا اوقعت اشارة النبی صلی الله علیه وسلم یوم

حنین حیث قال انا النبی لا کذب انا ابن عبد المطلب کانه یقول انا ابن صاحب

تلک الرؤیا مفتخرا بها لما فیها من علو نبوته وعلو کلمته وفی روایة منهل الصفا

وغیره من زبراولی النهی وعلیها جمیع اشجار الاثمار الدنیویة ومعها نور انور

من الشمس ضعافا مضاعفا فسجد له العرب والعجم والنور والشجر فی التزائد

حینا فحینا فرأیت جماعة من القریش تشبثوا بالاغصان وجماعة منهم

اتفقوا علی قطعها فلما قربت هذه الشجرة رأیت شابا تفوح منه روائح الطیب

ما رأینا مثله اصلا ولا سمعنا نظیره مثلا یفرق تلک المنکرین غایة الافتراق

ویجرح عیونهم من الاحداق وتحت الشجرة شیخان قائمان قالوا یا عبد المطلب

هذه الشجرة اصل اصیل وصل لبلک قرنا فقرنا فجاء زمان ظهوره منک فانتبهت

<table>
<tr><td>جو وہ شیبۃ الحمد سردار تھے
تو حبِ محمد میں سرشار تھے
وہ تھے عارفِ حالِ خیر الانام
یہ لاریب ہیں نورِ ارض و سما</td><td>کہ وآلِ محمد پہ سردار تھے
وہ نورِ خدا سے خبردار تھے
کہ ہیں یہ شفیعِ خلائق مدام
یہ جانِ خدا انکو جانے خدا</td></tr>
</table>

	خیوری وہ ہیں بہ دب ابن پلید نکر ذکرا ونکا وہ نطفۂ ولید	

تو کر ذکرِ جدِّ شفیعُ الانام کہ وہ شیبۃ الحمد کہو نکر عریف		یہ مقصودِ اصلی یہ قلبی مرام زامر نبوّت بطرزِ لطیف

وممّا یدل علی معرفۃ سیّدنا عبد المطلبؓ بحال الرسالۃ وشرف النبوّۃ والجلالۃ لہٗ ما اشار الیہ نبینا یوم حنین صلی اللہ وسلم علیہ بلاء الخافقین بقولہ الشریف

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِب	اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِب

قال العلامۃ الخطابی رحمہ اللہ انما قال علیہ الصلوۃ والسلام وعلیٰ آلہ واصحابہ الکرام انا ابن عبد المطلب ھنالک لیذکر المشرکین بذلک رویا رئیھا سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ قبل تولد سیّدنا عبد اللہ والد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکانت القصۃ مشھورۃ عند الخواص والعوام فعرّفہم بھا وذکّرھم ایّاھا وھی احدی دلائل نبوّتہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیٰ آلہ واصحابہ ذوی الحکم انتہی والقصۃ المذکورۃ فی الاستیعاب ھی المسطورۃ وکذا فی منح الستی ل فی معجز الرسول بان سیّدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ جد النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم بینا ھو نائم فی الحجر فانتبہ مذعورًا فاتی کھنۃ قریش قال سیدنا عبّاس رضی اللہ عنہ فتبعتہ وانا یومئذ غلام اعقل ما یقال فقال رأیت کانّ سلسلۃ من فضّۃ خرجت من ظھری ولھا اربعۃ اطراف طرف قد بلغ مشارق الارض وطرف قد یلغ مغاربھا وطرف قد بلغ عنان السماء وطرف قد جاوز الثریٰ فبینا انظر عادت شجرۃً خضراء لھا نور فبینما انا کذالک قام علیّ شیخان فقلتُ

کہ وہ پشت میری سے ظاہر ہوا
بطرز عجیبی وہ باہر ہوا

کہ لاریب ہین اوسکے اطراف چار
یکے واصل شرق اونسے کنار

ہوا واصل غرب دیگر کنار
گیا آسمان پر سوم آشکار

چہارم گیا سوئے تحت الثریٰ
تو کیا دیکھتا ہون بلا اشترا

کہ وہ سلسلہ ہے درخت کبیر
ہوا سبز پہر با شگوفہ کثیر

تو دنیا مین جملہ جو اثمار ہین
تو اونکے ہمہ اوسپہ اشجار ہین

بھی ہے نور انور ز شمس و قمر
منور رہوا ہی اسی سے شجر

کیا سجدہ اوس نور کو باادب
عجم نے بھی دیگر جو ہین یہ عرب

تو دونو وہ ہر آن ہین در مزید
تو پھر دیکھتا ہون بفکر شدید

کہ ہین دو جماعت وہان بالیقین
قریشی قبیلے سے اے دوربین

کہ متشبثین ایک اغصان سے
دگر منکرین ہین وہ خسران سے

کہ ہے انکا مقصود قطع شجر
یہ ہین متفق اسپہ اہل ضرر

ہوا جب شجر کے مین نزدیک تر
تو دیکھا جوان ایک نیکو سیر

وہ انور ز با نوار پروردگار
معطر بطیبے ز ہے مشک بار

نہ دیکھا کسینے وہ نور خدا
نہ ویسا سنا ہے کوئی از ورا

وہ قوم قریشی جو تھے قاطعین
وہ مقہور ہین اوسنے متفرقین

کہ ہی اوسکے انوار مین یہ اثر
ز حدقہ کشیدہ کرے چشم سر

تو کیا دیکھتا ہون کہ تحت الشجر
دو شیخان استادہ عالی گہر

تو اوسنے کہا مینے اے نیکذات
کہو کون ہو آپ عالی صفات

کہ اسطورہ دیکھا اونہون نے منام ۔ کہ ہون مجھسے پیدا شفیع الانام
تو اسّے وہ عارف ہوئے بالیقین ۔ کہ لاریب یہ سیّد المرسلین
تو اوس خواب ونکی سے ماہر تمام ۔ قبائل عرب کے ہمہ خاص و عام
دلیلِ نبوت سے بے ارتیاب ۔ یہ ہی خواب اُنکی بسے پرصواب
ہوئے متفق اسپہ اہلِ خبر ۔ کہ یہ خواب ہی معجزے کا اثر
نبوت کا ارہاص یہ آشکار ۔ لہذا بخاری مین ہے یہ نگار

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِب ۔ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِب

کہ ہو مین نبی کذب مجھمین نہین ۔ کہ ہون پسر اس باپکا بالیقین
کہ لاریب دیکھی اُنہون نے وہ خواب ۔ وہ ہی خواب ارہاص لابد صواب
وہ میری نبوت سے تھے ماہرین ۔ کہ ہو مین حبیبِ خدا بالیقین
وہ تھے شرف میرسے ماہر مدام ۔ مبشر ہمیشہ ز ربّ الانام
وہ صادق وہ صدّیق پروردگا ۔ فدا مجھپہ دائم وہ پروانہ وار
ہوئے ماہرین خوابسے خاص و عام ۔ کہ ہون مین رسولِ خدا لاکلام
کرو یاد اوس خوابکو ہر زمان ۔ نہ غافل رہو اسّے اے مشرکان
وہ ہی معجزۃ الرسول ہین بیگمان ۔ بھی دیگر کتب مین وہ لابد عیان
کہ نائم وہ جدّ سے تھے نامدار ۔ ہوئے حجرِ کعبہ مین بے اختیار
تو دیکھا اونہون نے یہ خوابِ عجیب ۔ نہ دیدہ شنیدہ وہ امرِ غریب
اُٹھے خوابسے وہ ہوئے بیقرار ۔ گئے پیش ماہر کیا آشکار
کہ دیکھا مین سطورسے ایکخواب ۔ کہ یک سلسلہ سیم ہر بے حساب

زدیدِ خلیلِ خدا یہ بیان
کہ ہوا اُسے دینِ خلیلی عیان
وہ ذکرِ خلیلی رہے باقرار
طفیلِ محمد شہِ نامدار
وہ عمّ نبی جو کہ عبّاس تھے
وہ تعبیر کے وقت بھی پاس تھے
سُنا ہے اُنونے بگوشِ جنان
مُعبّر کی تعبیر کو بے بگمان
یہ رُویا کرامات سے بالیقین
ہوا اُسے راضی جہان آفرین
کہ ہے اوسمین علمِ نبوّت عیان
نبوّت کا رتبہ کرے وہ بیان
کہ یہ شانِ شاہِ شہانِ ورا
کہ وہ ہادیٔ اہلِ ارض و سما
وہ نورِ خدا ہے بلا اشترا
خدا کی خدائی اوسی پر فدا
ملائک بشر مین نہ ویسا ہوا
کہ وہ وحدہٗ ذات بین الورا

مُنزّہ وہ شرکت سے ہے بالیقین
یہی اعتقادِ خُیوری مبین

روی ابن سعد رضی اللہ عنہ فی طبقاتہ بالسند الجیّد ان سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ قال لام ایمن یا برکۃ لا تغفلی عن ابنی ھذا فانی وجدتہ مع غلمان قریبًا من السدرۃ المنتہی وایضًا ان اھل الکتاب یقولون ان ابنی ھذا نبی ھذہ الامۃ

روایت کیا ابنِ سعدِ صفی
یہ ہے اُنکے طبقات مین اک روشنی
کہ یہ شیبۃ الحمد کا ہے کلام
کہ یا برکتہ اُمّ ایمن مدام
تو غافل نہو میرے فرزند سے
سرورِ فوادی جگر بند سے
حفاظت کیا کر تو اُنکی ضرور
تو خدمات اُنکی سے ہو با سرور

دیا ایک نے مجکو ایسا جواب — کہ نوح نبی مین بلا ارتیاب

دیا شیخ دیگر نے پھر یہ جواب — کہ ہون ہین خلیل خدا باصواب

ہوا پھر یہ فرمان ہر دو کبار — کہ اے شیبۃ الحمد عالی وقار

شجر یہ بلا ریب اصل اجمل — یہ ہے اصل ثابت بفرع جمیل

یہ قرناً فقرناً الیٰ این زمان — ملا تجکو ہووے یہ تجسے عیان

یہی دیکھکر مین اٹھا بے قرار — کہو اسکی تعبیر اب آشکار

تو اوسنے کہا صدق ہر گز یہ خواب — تو ہو صلب تیری سے ظاہر شتاب

نبی الورا شافع المذنبین — حبیب خدا سید المرسلین

جو ارض و سما مین ہمہ کائنات — وہ سبکے نبی ہین بصد بینات

ز جن و بشر بھی ملائک تمام — وہ ایمان لاوین بخیر الانام

یہ ہر رویت سلسلہ سے عیان — کہ ہون تابعین اونکے جملہ جہان

بسے آنکے تابع وہ پروانہ وار — اوسی شمع پر وہ کرین جان نثار

وہ اتباع و انصار انکے مدام — قوی ہون بامداد رب الانام

ہوا سلسلہ جبکہ ظاہر شجر — تو ہے اسسے روشن چو شمس و قمر

کہ ہو رفعت ذکر اونکو نصیب — کہ یاد خدا ہے زیاد حبیب

وہ ہین اہل دین متین قویم — جو ہے انکا منکر وہ اہل جحیم

جو انپر نہ ایمان لاوے لئیم — تو نازل اسی پر عذاب الیم

ہوئی نوح کی قوم جیسی تباہ — اوسیطور مغضوب وہ روسیاہ

ہوئی رویت نوح سے یہ مثال — کہ جو انکے منکر وہ اہل وبال

مزکی ہوئے جدِّ خیر الورا
کہ تھے منتظر خاتم الانبیا
ہوئے ماہرین خواب سے خاص و عام
کہ ہون انسے پیدا شفیع الانام
ہوئے قائلین اس طرح سے عرب
کہ ہین شیبۃ الحمد محبوب رب
وہ صادق مصدق وہ صدیق ہین
وہی معدن حق و تحقیق ہین
وہی چاہِ زمزم کے مختار ہین
وہ شہر الٰہی کے سردار ہین
خدا کو نہ تھی جسکہ دیوے یہ چاہ
مگر اہل جسکو جو ہین اہل چاہ
کرامات اونکی سے وہ ماہرین
اگرچہ انہو نمین بسے مشرکین
لہذا رسول حبیب الٰہ
کیا صدق اپنے یہ انکو گواہ
کہ شاہد نبوت کے وہ بالیقین
وہ اہل فتوت ز قول مبین

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ	اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

سید الانبیا افتخار
کہ ہے جد میری صداقت شعار
مزکی وہ شاہد بلا ارتیاب
وہ صادق مصدق بخواب صواب
مبشر کیا اونکو پروردگار
کہ ہو انسے پیدا شہ نامدار
کہ ہو یہ کرامت اونہونکی مدام
مکرم معظم وہ ہون در انام
وہ جزو نبوت سے ہون کامیاب
دلیل نبوت سے انکی یہ خواب
نہوتے وہ مومن اگر اے فہام
تو ہوتا نہ اونکا یہ عالی مقام
یہ سے ہے رتبۂ اولیائے عظام
خصیصۂ ولایت سے ہے وہ منام
مشرف نہ تھے کبھی مشرکان
یہ نجم المبین مین مفصل بیان
بھی ہے رویتِ سدرۃ المنتہیٰ
وہ شانِ ولایت بلا اشتبا

که دیکھا ہین اونکو بلا اشتبرا
وہ غلمان کے ہمراہ تھے خوشخرام

قریبا من السدرۃ المنتہے
فدا اونپہ املاک ہین خاص و عام

جو ہے وقت ہین جملہ اہل کتاب
که اپنی یہ لابد نبی الورا

ہوئے متفق اسپہ سب بے ارتیاب
نبی ہذہ الامۃ سب بے امترا

سنو گوش ایمان سے اے منصفین
یہ فرمان خیر الورا بالیقین مر

قال شفیع الامم صلی اللہ علیہ وسلم ان الرویا الصالحۃ ای الحسنۃ الصادقۃ جزؤ من ستۃ واربعین جزء من النبوۃ رواہ الشیخان عن انس رضی اللہ عنہ وایضا قال شفیع الانام علیہ الصلوۃ والسلام ان الرویا الصالحۃ یراہا الرجل المسلم وہی من المبشرات رواہ الامام مالک عن عطاء بن یسار رضی اللہ عنہما

چھیالیسوان حصہ ہے بیگمان
یہ ہرگز نہو وے کسیکو نصیب

نبوت کے رتبے سی خواب مہان
مگر جو کہ ہو اہل حب حبیب

کہ وہ اہل توحید ایمان شعار
خصوصا جو مذکور ہی وہ منام

وہ مقبول درگاہ پروردگار
کہ دیکھا اسے جد خیر الانام

دلیل نبوت وہ ہے بالیقین
بشارت خدا سے وہ بہر کرام

وہ ہی شاہد سید المرسلین
نذارت الہ سے وہ بہر لئام

کہ ہون شیبۃ الحمد سے بیگمان
محرین انکی تصدیق جو مرد مان

حبیب خدا سید انس و جان
وہ محبوب ایزد وہ اہل جنان

جو ہوا اونکا منکر وہ مردود ہو
وہ نوح نبی و خلیل خدا

وہ شداد و نمرود مطرود ہو
یہ لاریب دو شاہد مدعا

واتی البیت واخذ بحلقتہ وھو یقول

یَا رَبِّ لَا اَرْجُو لَہُمْ سِوَاکَا	یَا رَبِّ فَامْنَعْ عَنْہُمْ حِمَاکَا
اِنَّ عَدُوَّ الْبَیْتِ مَنْ عَادَاکَا	فَامْنَعْہُمْ اَنْ یُخْرِبُوْا قُرَاکَا

ثُمَّ قَالَ

لَاھُمَّ اِنَّ الْمَرْءَ یَمْنَعُ	رَحْلَہٗ فَامْنَعْ رِحَالَکْ
وَانْصُرْ عَلٰی اٰلِ الصَّلِیْ	بِ وَعَابِدِیْہِ الْیَوْمَ اٰلَکْ

فجھز ابرھۃ جیشہ وقدم الفیل الاعظم المذکور فکانوا کلما وجھوہ الی الحرم براٴ ولم یبرحوان ضربوہ علی راسہ واذا وجھوہ الی الیمن اوالی غیرہ من سائر الجھات ھرول فامر ابرھۃ ان یسقی الفیل الخمر لیذھب تمییزہ فسقوہ فثبت علی امرہ ای ماوجہ الی الحرم وسیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ کان یدعوا اللہ التفت فاذا بطیر فقال واللہ انھا الطیر غریبۃ لانجدیۃ ولاتھامیۃ ولاحجازیۃ وان لھا شانا فطلع ھو وابو مسعود الثقفی جبلا کانا یشاھدان عسکر ابرھۃ فارسل اللہ علیھم طیرا اسود اصفر لمناقیر خضر الاعناق طوالھا وخضرا وبیضا وبلقا قال ابن جبیر رضی اللہ عنہ لم یر مثلھا لاقبلھا ولا بعدھا وقد جاء فی الخبر انھا طیر بین السماء والارض تعیش وتفرخ ومع کل طائر حجر فی منقارہ وحجرا فی رجلیہ اکبر من العدسۃ واصغر من الحمصۃ وعن ابن عباس رضی اللہ عنھما انہ رای منھا عند امہانی رضی اللہ عنھا نحو قفیز مخطط بحمرۃ فکان الحجر یقع علی کل واحد منھم فیخرج من اسفلہ وینفذ من الفیل ومن بیضھم فیخرق الارض وعلی کل حجر اسم من یقع علیہ فھلک اکثرھم وذھب بعضھم ھاربا ثم رکب

کرامات انکی پہ روشن دلیل	اسی طور سے قصۂ اہل فیل

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ تَرْمِيهِمْ بِحِجَارَةٍ مِنْ سِجِّيلٍ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَأْكُولٍ

هذه القصة العجيبة والافعال الغريبة دالة على شرف نبينا الكريم عليه اطيب الصلوٰة والتسليم لانها من الارهاصات وهي معدودة من المعجزات وعلى كرامة سيدنا عبد المطلب رضي الله عنه لانه مظهر الارهاصات صاحب خوارق العادات وفي دفع الشدائد مستجاب الدعوات كان امير اصحاب الفيل برهة الصباح الاشرم ومعنى برهة في لسان الحبشة الابيض الوجه فلما بلغ اطراف الحرم اخذ اموال الناس وفيها مائتا بعير لسيدنا عبد المطلب رضي الله عنه فخرج اليه فقيل لابرهة هذا سيد قريش وصاحب عير مكة المكرمة فعظمه وفخمه واسند عى انجاح مرامه فقال حاجتي ان تامر برد مائتي بعير قال سقطت من عيني جئت لاهدم البيت الذي هو شرف آبائك الكرام واساس دينكم على الدوام فالهاك عنه ذود فقال انا رب الابل لا رب البيت له رب سيمنعك عنه فقال ردوا عليه بعرانه لينظر من يحفظ البيت مني فامر باحضار الفيل الابيض الاعظم الذي اسمه محمود وكنيته ابو العباس وهو فيل النجاشي بعثه اليه بسوا له لم ير مثله عظماً وجسماً وقوةً فلما نظر الفيل الى وجه سيدنا عبد المطلب رضي الله عنه سجد له وما كان من عادته ان يسجد لاحد فانطقه الله سبحانه وتعالى فقال السلام على النور الذي من صلبك يا عبد المطلب فغضب برهة من مشاهدة هذه الخوارق للعادات فاخذ سيدنا عبد المطلب مائتي بعير

وہ تہا فیل ابیض قوی و عظیم — عدیم النظیر وہ یکتا جسیم
وہ رفتار مین مثل برق جہان — وہ انوار مین تہا براق جنان
کہ اوسکی سفیدی سے خیرہ بصر — بھی رفتار اوسکی سے عاجز نظر
تو جد حبیبی شفیع الامم — وہ اوسوقت لابد رئیس حرم
کیا اخذ ابرہ نے دو صد بعیر — زاموال جد بشیر و نذیر
گئے پیش ابرہ وہ عالی مقام — تو اسنے کیا اونکی تعظیم تام
کیا اونکی توقیر و اکرام زین — ہوئے چشم ابرہ مین چون نور عین
تو اسطور سے اسنے کی التجا — جو فرماؤ خدمت مین لاؤن بجا
تو اوسوقت بولے یہ روشن ضمیر — کہ دے مجکو واپس جو میرے بعیر
تو بولا کہ اے سید قوم خویش — بحشمت تو چون مرد یک ملکہ بیش
اگر مانگتے تجھسے میرا جو تخت — تصدق تہا وہ تیرکہ ہوا اہل بخت
جو میرا یہ ہی مال و ملک و سریر — وہ ہی پیش جاہ تو از بس حقیر
یہ فرمان ہوتا اگر برملا — نکر ہدم کعبہ یمن کو تو جا
تو اوسوقت فی الفور ہوتا روان — سوئے شہر صنعائے خلد جہان
بحشمت تو بودی جلیل الہمم — مکرم معظم جمیل الشیم
ولے اب ہوئے آپ بے اعتبار — نہ ہی میرے نزدیک ہرگز وقار
کہ معلوم یہ آپ کو بیگمان — کہ لاریب میرا یہ عزم جنان
کرون خانۂ دین تمارا خراب — تمارے بزرگونکا ہی جو مآب
تمارے جو اجداد عالی مرام — تو اونکا وہ لاریب دار السلام

سبین نا عبد المطلب رضی اللہ عنہ لینظر فوجدہم ہلکوا فاحتمل ما شاء اللہ من
صفراء و بیضاء ثم اعلم اہل مکۃ بہلاکہم فخرجوا فانہبوا واخذ ابرہۃ داء
اسقط انامله واعضاءہ ووصل الی الحبشۃ وطائر یحلق فوقہ حتی بلغ الی
النجاشی فقص علیہ القصۃ فتعجب منہا النجاشی وسئل منہ تعجبا کیف کانت
تلک الطیور اہلکت ہولاء المبارزین فوقع نظر ابرہۃ علی ذلک الطیر فقال
ایہا الملک ہذا منہا ففی ذلک الان اوقع الطیر الحجر علیہ فخر میتا بین یدیہ
فاری اللہ النجاشی کیف کان ہلاک اصحابہ وآیۃ العبرۃ صارت منقشۃ علی
صحیفۃ قلبہ ہذا ملخصا فی التحریر وروح البیان والجامع الکبیر ومفاتیح
الغیب والسراج المنیر وغیرہا من زبر النحاریر وتفصیل لقصۃ مع سبب
تجاسرہم علی ہدم بیت اللہ الامین مسطور فی کتابی نجم المبین اللہم اہد القوم
الملحدین وانصرنا علی الاعداء المنکرین بجاہ حبیبک سید المرسلین وصل وسلم
علیہ وعلی الہ اجمعین ؁

سنو ای محبانِ خیر البشر
کہ مکے مین آئے وہ اصحابِ فیل
جو سردار اونکا وہ ابرہ طغام
چہل صد بتعداد پیلِ دمان
وہ شتران تعبیر سے بر کنار
کہ ابرہ کا لا بد نجاشی ظہیر
وہ اوس فیل سے تہا بسے فیل مست

یہ لاریب سے ہے معجزے کا اثر
ہوئے قہر ایزد سے جملہ ذلیل
وہ صنعا سے آیا بصد احتشام
سہ لکھ عسکری تہا سوار حصان
و لے اونکی سہ لاکھ جملہ قطار
لیا او سنے محمود فیل شہیر
وہ فیلِ دمان اوسنے تہا خود پرست

نہین مجکو زنہار غم اے خدا | کہ ہر مرد کا ہے یہی اقتضا
کہ اپنے محل سے وہ مانع سدا | نہ دے غیر کو او نہین ہرگز وہ جا
تو تو بھی نہ دے اونکو زنہار جا | تو کر منع تا اپنی جا ہین وہ جا
مظفر تو کر مجکو بر اشقیا | کہ منصور رہو آل تیری سدا
وہ آل صلیبی وہ اہل جفا | نہین ہون آل تیری تو بچیا خدا
وہ عابد چلیپہ کے صبح و مسا | تو معبود میرا تو رب الورا
ہوئی اونکی مقبول فوراً دعا | بلا اونکو جو اونکا تھا مدعا
کہ دیکھا اونہون نے یہ بعد از دعا | کہ طیران افواج طیر از سما
تو فرمایا واللہ وہ طیر عجیب | کہ ہے شان اونکی بطرز غریب
نہ ہین وہ حجازی نہ بحری طیور | نہ ہین وہ تہامی نہ بری ظہور
نہ نجدی نہ مصری نہ شامی وہ طیر | عجیبہ غریبہ وہ در شکل و سیر
کوئی ہے سیہ مثل پرہائے زاغ | کوئی گردن سبز جون برگ باغ
بمنقار اشقر بپائے دراز | ملخ سے بڑے لشکر بے نیاز
کوئی فوج بیضا کوئی سبز رنگ | کوئی فوج بلقا روان بیدرنگ
وہ شان الہی وہ غیبی طیور | نہ دیکھا کبھی اونکو اہل شعور
وہ جدہ کی جانب سے تھے آشکار | خدا جانے لاریب اونکا شمار
بہر ایک سنگ کنکرہ اے فطین | وہ ظاہر ہین سنگریز لیکن نہ طین
کبیر از عدس وہ چنے سے صغیر | وہ خاصیت زہر ہین سب بے نظیر
خط سرخ اونپر وہ خونی نشان | وہ مخصوص ہر ایک بہر کہان

تو اوسکا نہ ہرگز کیا کچھ سوال ۔ وہ بُغران مانگے جو دنیا کا مال
دیا اوسکو تب آپنے یہ جواب ۔ جوابِ مصفا جو لبِّ لباب
کہ ربُّ الابل مین نہیین کلام ۔ نہون ربِّ کعبہ ربُّ الانام
کہ اِس بیت کا ربّ ربُّ الوریٰ ۔ کرے منع تجکو بلا امترا
سنا آپ سے اُسنے جب یہ جواب ۔ تو بولا کہ محمود لاؤ شتاب
حمیدہ صفت سے وہ محمود نام ۔ وہ محمودِ محمود تھا لا کلام
وہ محمود مجلس مین حاضر ہوا ۔ تو وہ منظرِ نورِ ناظر ہوا
پڑی شیبۃُ الحمد پر جب نظر ۔ تو اُسنے زمین پر رکھا اپنا سر
کیا شیبۃُ الحمد کو پھر سجود ۔ کہ محمود کا حمد سے ہے وجود
رکھے شاخِ پُر میوہ سر بر زمین ۔ کہ ہوتا بعِ اصل وہ بالیقین
ہوا جبکہ سجدے سے وہ سرفراز ۔ تو اِسطور ناطق ہوا با نیاز
کہ جو صلب تیری سے نورِ خدا ۔ سلامِ خدا اوسپہ دائم فدا
لئے شیبۃُ الحمد سا اپنے بعیر ۔ تو پھر آئے نزدیکِ بیتُ القدیر
پکڑ حلقۂ در کیا یہ دعا ۔ بقلبِ سلیم و بصد التجا
کہ اے ربِّ اہلِ زمین و سما ۔ نہ تیرے سوا ہی کسی سے رجا
کہ ہمسے کرے دور شرّ و بلا ۔ تو اصحابِ فیلان کو دے اب سزا
مجھے فضل تیرے سے ہی یہ رجا ۔ کہ اونکی حمایت نکرے خدا
کیا جسنے تجھسے عداوت ذرا ۔ نہوا اوسکا والی تو بہرِ حما
تو کر منع اُنکو ز عزمِ جفا ۔ کہ وہ عزمِ تخریبِ اُمُّ القریٰ

تو اونکو کیا عصفِ ماکول جب
زبان وجنان سے وہ شکرِ خدا
کہ نازل کیا اونپہ حق نے غضب
وہ سنگریزہ گرتا جہان فیل پر
وہ جس شخص کے سر پہ کرتا قرار
کہ وہ مار تھی مارِ پروردگار
جَبَل پر کھڑے دیکھتے اُنکا حال
کہ مُردار ہوتے وہ اصحابِ فیل
خدا نے کہا اونکو اصحابِ فیل
اَبابیل سے جب وہ خستہ ہوئے
کیا اوسنے لشکر سے فوراً فرار
لیا سر پہ چادر کو مثلِ زنان
وہ طیرِ غضب اُسپہ طیران سدا
گئے لشکری جبکہ سوئے سقر
تو اُسنے کیا سوئے حبشہ فرار
گیا جب وہ پیشِ نجاشی دوان
نجاشی نے سنکر کہا ئے نبیل
اَبابیل وسجّیل کیا تھی وہان
یہی لفظ ابرہ کہ این مثلِ او

تو اوس شیبۃ الحمد نے دیکھ سب
کیا حسبِ مقدور بشری ادا
وہ فاعل حقیقی یہ ظاہر سبب
تو وہ اسفلِ فیل کرتا گذر
تو دل اوسکا مسموم چون ہر بار
وہ ظاہر مین تھی مار باطن مین نار
بھی وہ شیبۃ الحمد نیکو خصال
وہ فیلون سے جیفہ بلا قال وقیل
کہ فیلون سے تھے سنگدل وہ ذلیل
تو ابرہ کے ابرہ شکستہ ہوئے
کہ فرعون سے فرعون ایکبار
زنان سے وہ بدتر ہوا در جہان
وہ در انتظار رہئے حکم خدا
تو خالی خیم تھے وہ مملوِّ زر
وہ طیرِ غضب اوسپہ طیران شعار
تو اُسنے کیا جملہ قصہ بیان
ضعیفون سے کیونکر قوی ہو ذلیل
کہا مثل ہیں طیر کے ہی نشان
تو پھینکا وہین اُسنے سجّیل کو

وہ منقار مین ایک پنجونمین دو — گرے جسپہ فی الفور مردہ وہ ہو

تو لاریب دائم نعیمِ مقیم ‏— تو ہے کنزِ مخفی سے فیضِ قدیم

تو انکار تیرا کرے جو لئیم ‏— وہ کافر وہ اہلِ عذابِ الیم

کہ وہ منکرِ نعمتِ کردگار ‏— وہ مغضوب ملعون لیل ونہار

جو تعظیم تیری سے ہی منحرف ‏— نہ تیری بزرگی کا وہ معترف

وہ مثلِ وہابی یہودی ذمیم ‏— تو بیشک وہ ہی اہلِ نارِ جحیم

نہ مسئول ہرگز تو پیشِ خدا ‏— نہ پوچھیگا تجکو وہ روزِ جزا

کہ منکر ہوئے کس لئے وہ لئام ‏— وہابی یہودی ہوئے کیون مدام

جو اُنسے ہوا کفر اے جانِ جان ‏— نہ زنہار تجکو کرے وہ زیان

کہ لا تزر وازرۃ مقالِ قدیم ‏— جو فاعل وہ مسئول نزدِ کریم

تو سائل نہو تجسے پروردگار ‏— کہ وہ کفر سے کیون ہوئے اہلِ نار

على الكفر وانهزم الا باطيل فقال انا ارسلناك يا محمد بالحق بشيرا ونذيرا لتكون
مبشرا لمن اتبعك واهتدى بدينك ومنذرا لمن كفر بك وجحد نعمة الله بعد معرفتها و
انك هاد الى الصراط المستقيم ومصيرهم الى الجحيم والعذاب الاليم فلا تضرك
معصيتهم ولست بمسئول عن ذلك ونظير الاية كقوله تعالى فانما عليك البلاغ و
علينا الحساب وكقوله عليه ما حمل وعليكم ما حملتم فلا اسألك ولا تغتم لكفرهم
ومصيرهم الى الجحيم ونظيره فلا تذهب نفسك عليهم حسرات وفي الاية دلالة
على ان احدا لا يسأل عن ذنب غيره ولا يواخذ بما اجترمه سواه كقوله تعالى ولا تزر
وازرة وزر اخرى ولا تسأل برفع التاء واللام على الخبر وعليه الجمهور كما مر واما
بفتح التاء وجزم اللام على النهي على ما روي انه عليه الصلوة والسلام قال ليت
شعري ما فعل ابواي فنهى الله عن السوال حبيبه صلى الله عليه وسلم عن حالهم
فهذه الرواية بعيدة عن العقول طريدة عند الفحول مخالفة للنقول لا تسبت
بها اصحاب الوصول ولا ارباب الاصول لانه عليه الصلوة والسلام [illegible]
بان الكافر يعاقب والمومن يثاب وكان عالما بكفر الجاحد [illegible] من اب المكذب
ثم هذا العلم كيف يمكن ان يقول ليت شعري ما فعل ابواي

ہوا اب ہویدا یہ نزدِ نبیل	چو اظہر من الشمس با صد دلیل
کہ وہ والدینِ شفیعُ العباد	نہ اوس قولِ ایزدی سے ہین وہ مُراد
نہ ہے ذکر اُنکا وہان آشکار	نہ ہی شان اونکی وہ نزدِ کبار
تو کیونکر کہین مُنکرانِ جہول	کہ در حقِّ اَبوین اوسکا نزول
ملے ہو یہان اعتراض دگر	کہ فرمانِ خلاق یہ سے پسر

الی القرآن فلا فرق بین النظر الیه و بین النظر الی رسول اللّٰه فان القرآن انتشاء صورته الجسدیة یقال لها محمد بن عبد اللّٰه بن عبد المطلب القرآن کلام اللّٰه وهو صفته وسیدنا محمد صفة الحق تعالی بجملته فمن یطع الرسول فقد اطاع اللّٰه لانه لا ینطق عن الهوی فهو لسان الحق تعالی وفی القرآن ما فی سائر الکتب وما لیس فیها کما کان فی نبینا ما کان فی کل شیئ وکان فیه ما لم یکن فی شیئ لان القرآن کان خلقه فاعطی هو وامته ما لم یعط نبی قبله صلی اللّٰه علیه وسلم[2]

اسیطور جو وارثانِ حبیب		وہ ہین اس وراثت سے اوفر نصیب
وہ ہادے خلقت بصدق و صفا		وہ قرآنِ ناطق بلا امترا
تو مضمون آیت بہ بے ارتیاب		علیک البلاغ علینا الحساب
نہ مسئول تو کفرِ کفار پر		تو غمگین نہو اُنکے اصرار پر
گناہِ دگر سے نہ اخذ خدا		کسیکو کبھی اے شفیعُ الوریٰ
وداد تو دائم رہے مستقیم		جو ہی منحرف آپ سے اہلِ جحیم
تو مسرور بنشین بقلبِ سلیم		جو مغرور منکر وہ اہلِ جحیم

خیوری جو نسبِ رسولِ کریم
وہ طاہر جو منکر وہ اہلِ جحیم

یہ معنی مفاتیح و تحبیر مین		بھی لاریب دیگر تفاسیر مین

قال فی التحبیر والتفسیر الکبیر وغیرهما ان اهل الکتب لما اصروا علی العناد واللجاج الباطل وان القوم اقترحوا المعجزات والآیات علی سبیل التعنت واستمروا علی التکذیب بین اللّٰه لرسوله انه لا مزید علی ما فعله اللّٰه فی مصالح دینهم من اظهار الادلة ولا مزید علی ما فعل الرسول فی باب الابلاغ بالموعظة الحسنة لکیلا یکثر غمه بسبب اصرارهم

[2] قال فی التحبیر و روح البیان و خزینة الاسرار وغیرها ان القرآن مظهر الاسم الهادی و هو کتاب اللّٰه الصامت و نبینا کتاب اللّٰه الناطق وکذا ورثته الکمل صلی اللّٰه علیه وآله وسلم

وہ شرح سنوسی جو ہے پُر صفا — بھی وہ تلمسانی جو شرح شفا
وہ شرح مواہب جو ازبس شہیر — بھی تحفہ جو لاریب شرحِ منیر
بھی روض سہیلی عیونِ گہر — بھی تفسیر تحبیرِ اہلِ بصر
وغیرہ کُتب سے جو مذکور ہے — کہ اُمِ نبی شرک سے دور ہے
وہ تھین شرک بھی کفر سے پاک صاف — وہ سب عیب سے پاک بے اختلاف
تو زنہار صادق نہوے اے فہیم — کہ ہین وہ معاذاللہ اہلِ جحیم
جو فترت مین لاریب تھے مشرکین — وہ مُردہ ہوئے شرک مین بالیقین
تو ہرگز نہین وہ ز اہلِ جحیم — اگرچہ وہ ماخوذ نزدِ فہیم
نہ جن پاس آیا رسولِ خدا — اگرچہ وہ تھے شرک مین مبتلا
تو ہرگز نہین وہ ز اہلِ جحیم — چہ جائیکہ اُمِ رسولِ کریم
خدا کا غضب تم پہ اے منکرین — ز انکارِ بسیار ہو تم لعین
نہین شرم سے تمکو ہرگز نصیب — کہ ہو منکرِ ذاتِ یکتا حبیب
نہ ابلیس ویسا کہے زینہار — تمارا جو ہے وِردِ لیل و نہار
کہو مشرکہ اُمِ خیر الورا — تو مُرتد ہو تم بلا امترا
وہابی یہودی کا ہے جو مقام — ابو جہل کا ہے جو دارُ المرام
وہ ابنِ مُغیرہ کا مسکن مدام — بھی اولاد اوسکی وہان لاکلام
کہو اُمِ خیر الورا کی وہ جا — تو ہے تم پہ لعنت خدا کی سدا
کیا جسنے انکارِ خیر الانام — و یا اونکی تحقیر کی از کلام
و یا کچھ کیا از کتابِ خدا — تغیر تبدل بحرص و ہوا

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ

نہ ہرگز نبی کو سزاوار ہے
نہ بھی اہلِ ایمان کا یہ کار ہے

کہ حق سے کرین مغفرت کی دعا
کبھی بہرِ مشرک بصد التجا

اگرچہ قرابت سے ہون مشرکین
تو اونکے لئے بھی نہون سائلین

ہوا جبکہ اون سب پہ یہ آشکار
کہ تحقیق ہین وہ ز اصحابِ نار

تو اونکے لئے مغفرت کی دعا
نہ ہرگز کرین پھر ز ربّ السما

جو لاریب ہین منکرانِ رسول
کہین اوسکا اسطور شانِ نزول

کہ جب مصطفا نے کیا التجا
جنابِ خدا سے علیہ الثنا

کہ از بہرِ اُمّی کرون مین دعا
تو نازل ہوا پھر یہ قولِ خدا

کہ لائق نہین تجکو اے مصطفا
کرین بہرِ مشرک خدا سے دعا

ہوا جبکہ ظاہر وہ ہین مشرکین
تو پھر مغفرت کے وہ لائق نہین

تو لاریب اسکا جوابِ صواب
بطرزِ ملخص جو لبِّ لباب

سنو گوشِ دل سے نہو منکرین
کہ منکر پہ دائم عذابِ مہین

کہ اوّل تو اُمِّ شفیع الورا
وہ ہین شرک سے پاک بے اِمترا

نہ زنہار گاہے کیا سر کو خم
بطرزِ عبادات پیشِ صنم

نہ قائل کوئی اسکا ہے زینہار
ز علمائے خاصانِ پروردگار

کہ ہین وہ معاذ اللہ از مشرکات
نہین بل وہ باللہ از مومنات

فوائد جو ہے بارزہ اے امین
وہ اسرارِ تنزیل از فخرِ دین

چہارم روایت مین یہ بے فتور
کہ درشانِ دیگر وہ ہے بالضرور

بھی ہے قولِ دیگر مین یہ باسداد
کہ اوس سے صلوۃِ جنازہ مُراد

جو یہ جملہ ہے اختلافِ مہان
مفصّل یہ آئندہ ہے دربیان

وسلے ہے بخاری مین یہ آشکار
مدارک وغیرہ مین ہے یہ نگار

مفاتیح وروحُ البیان مین عیان
کہ درعمّ خیرُ الورا وہ بیان

یہ تعبیر لاریب تحبیر مین
مطابق یہ ہے جملہ تحریر مین

اعلم واللہ اعلم انہا نزلت فی حق ابی طالب عم نبینا الکریم لا فی شان اُمّہ علیہ الصلوۃ والتسلیم کما روی عن سعید بن المسیب عن ابیہ انہ قال لما حضرت اباطالب الوفاۃ قال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا عمی قل کلمۃ لا الہ الا اللہ احاج لک بہا عند اللہ فقال واللہ یا ابن اخی لولا مخافۃ العار علیک وعلی بنی ابیک من بعدی لقلتہا فقال علیہ الصلوۃ والسلام لاستغفرنّ لک ما لم اُنہ عنہ فمن ذلک الوقت لا یزال النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یستغفر لہ حتی نزلت ہذہ الایۃ الکریمۃ ہذا ملخص ما فی التحبیر والتفسیر الکبیر ومدارک التنزیل ودرۃ التاویل وصحیح البخاری والارشاد الساری وروح البیان وغیرہا من زبر اہل الایقان وقول لقائل بانور العین لعل نزولہ مرتین مردود فی روح البیان والتحبیر وغیرہما من زبر النحاریر واللہ یہدی بہ المنصف المصیر وماوی منکرہ نار السعیر

کہ جب وقتِ عمّ شہِ مُرسلان
ابوطالبِ مُشفقِ بیکران

ہوا بسکہ نزدیکِ مرگے چشی
ہوئی دل سے تب دور جملہ خوشی

تو سطور اونسے شفیعُ الانام
کہا بہرِ اظہارِ اسلام تام

وبا جسکو معلوم ہووے فہیم — کہ ہے پاک نسب رسول کریم
تو پھر بھی کرے اسمین چون و چرا — کہ ہو جس سے تحقیر خیر الوریٰ
تو لاریب ہے وہ ز اہل جحیم — کہ ہے کفر اوسکا نہایت فخیم

خیوری بیان کر تو شان نزول
کہ مردود ہو اس سے شبہ جہول

سنو اے عزیزو بگوش جنان — کہ ہو تمسے راضی خدائے جہان
کہ در شان انزال قول کریم — تشبث کیا جس سے اہل جحیم
بسے اختلاف ائمۂ کرام — نہ وہ متفق نزد جملہ عظام
کسی نے کہا وہ بعم رسول — دگر نے کہا وہ بجدۂ بتول
علی ولی سے یہ بیشک عیان — جو علم لدنی سے وہ نیک دان

اخرج ابن سعد فی طبقاته عن سیدنا علی کرم الله وجهه انه قال والله ما نزلت اية الا وقد علمت فیما نزلت واین نزلت وعلی من نزلت ان ربی وهب لی قلبا عقولا ولسانا ناطقا وكفاه شرفا

یہ فرمان مولا علی آشکار — موکد وہ با قسم پروردگار
کہ نازل نہ آیات قرآن مین — مگر اوسسے ماہر مین ہر آن مین
وہ جسطور جس جائے جس شان مین — وہ ہین نازلہ جملہ فرقان مین
تو ماہر مین ہر ایک سے بالیقین — بفضل خدائے جہان آفرین
کہ بخشا مجھے خالق دو جہان — دل صاف و روشن بسے نیکدان
زبان مجکو ایسی دیا کردگار — کہ ہے ناطق الحق وہ لیل و نہار
تو اوسسے روایت یہ ہے بیگمان — کہ نازل وہ ما کان در یک جوان

که اسطور اہلِ اَحادیث نیز — وہ لاریب راوی بفکر و تمیز
کہ عبّاس عمِّ شفیعُ الانام — عَلَیہِ صَلوٰۃِ خدا و سلام
وہ نزدیکِ بوطالبِ مہربان — بھی اُسوقت حاضر بسوزِ جنان
کیا سرکو نزدیک اونکے ضرور — تو اونسے سُنا کلمہ باصد سرور
وہ کلمۂ شہادت پہ جاری زبان — زبان پر وہ کلمۂ شہادت عیان
تو اس امر سے وہ بسے شادمان — گئے پیشِ حضرت وہ شادی کُنان
سُنایا یہ مژدہ بخیرُ الوریٰ — کہ اے شافعِ خلق روزِ جزا
وہ عمّک ابوطالبِ نامدار — کیا اوسنے اسلام اب آشکار
ہوئے اِسسے شادان شہِ دوجہان — تو شادی ہوئی در زمین آسمان

حضوری مُسلمان وہ ہین بالیقین
بہ پیشِ خدائے جہان آفرین

کہ ہے اونکے اِقرار مین اختلاف — ولے اونکی تصدیق ہے صاف صاف
مُصدّق جو دلسے وہ مومن ضرور — یہ نزدِ خدائے جہان بے فتور
شریعت مین اقرار پہ ہے مدار — کہ اجرائے اَحکام ہو آشکار
تو اقرار مین اختلافِ کبار — کہ ہے اسمین بس حکمتِ کردگار
ولے اونکا دائم یہی اعتقاد — کہ اے میرے محبوبِ خیرُ العباد
جنان اور جان مین تو مسطور ہے — بیان مین لسانپر تو مذکور ہے
مری مردمک مین توئی نور ہے — ترے نور سے خلق مسرور ہے
تری یاد سے قلب معمور ہے — نہ جان سے تو زنہار مہجور ہے

کہ اے عم پڑھ کلمہ تو از لسان — کہ ہو تیرا اِسلام از بس عیان

تو ہو تجکو حجت بہ پیشِ خدا — کروں تیرے حق مین شہادت ادا

کیا مجکو شاہد خدا لا کلام — ہمہ اولین آخرین کا مدام

مین شاہد تو مشہود اے باصفا — تو اہلِ محبت تو اہلِ وفا

یہ تیری محبت کا ہے اقتضا — کہ شاہد مین تیرا بہر دوسرا

تو کی عرض اِسطور عم کریم — کہ اے صاحبِ جاہ و خلقِ عظیم

تو ابنِ اخی ہین تو ابنی ضرور — تو نورِ فوادی تو سرِّ سرور

کرون تجکو خوشنود اے جانِ جان — تو جانِ جنان ہی تو جانِ جنان

نہ مجبر اگر خوف یہ آشکار — کہ دشمن کرین تجپہ اِظہار عار

تو فرزند میرا تو نورُ البصر — تو دلبند میرا تو لختِ جگر

کرین تیرے اخوان پر سب و عار — بہر مجلسے دشمنانِ شرار

جو ہشیار تیرے وہ عالی تبار — وہ لاریب خاصانِ پروردگار

تو دشنام دین اونکو وہ کل و کور — مذمت کرین وہ بصد شور و زور

نہوتا اگر خوف یہ از کہان — تو کرتا مین جاری اُسے برلسان

شیخ عبدالحق دہلوی قدس اللہ سرہ القوی در مدارج النبوۃ فرمودہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وقت وفات حضرت ابوطالب سر وی رفتہ دعوت کردند واقع نشد از وی اجابت و نیز علمائے احادیث آوردند کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ سر خود را نزد او بردند و شنیدند از وی کلمہ شہادت بحضرت رسول کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم چنین رسانیدند کہ اسلم عمک یا رسول اللہ پس خوشحال شدند آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

مدارج مین اسطور سے آشکار — بہی دیگر کتب مین وہ لابد نگار

یہ شرحِ تعرّف مین ہے آشکار
یہ بحرِ دُرر مین ہوا ہی نگار
ریاضِ مُذکّر جو مشہور ہے
تو اوسمین یہ لا ریب مذکور ہے
وہ نجم المبین مین جو مسطور ہے
تو یہ مختصر اُسّے پُر نور ہے

نار الدنیا ابرد من نار جهنم سبعون جزءً وهي ابرد من نار قلوب المحبين سبعمائة جزء فلهذا جاء في الحديث تقول النار في حضرة الجبار ان تعذبني بنار قلوب المحبين فاني لا اطيقها وايضا جاء في الحديث ان الله تعالى يقول للنار استقصي على اعدائي والا فبعزتي وجلالي لا عذبنك غدا بالا اعذب احداً من خلقي وذلك بان يرسل فيها ثلاثة انفار من المحبين فتغور النار في فمها وتنقطع السلاسل من بينها وتذوب الاغلال فالنار تبكي معتذرة في حضرة الجبار فيامر الله باخراج المحبين فتصير النار على حالها ولكن لا تقف دموعها مدة الاف من السنين من ذلك العذاب الشديد المتين ولله

در القائل ذي المجد والفضائل

أَسْتَغْفِرُ اللهَ اِنَّ اللهَ غَفَّارُ
وَلِلْعَاشِقِ الْمِسْكِيْنِ مَا اِثْمٌ وَلَا عَارُ
بِالنَّارِ خَوَّفَنِيْ قَوْمِيْ فَقُلْتُ لَهُمْ
اَلنَّارُ تَرْحَمُ مَنْ فِيْ قَلْبِهٖ نَارُ

هذا ملخص ما في رياض المذكرين وشرح التعرف وبحر الدرر وكنز الغرر

کہ دنیا مین جو نار ہے آشکار
حرارت شرارت مین وہ بیشمار
تو نارِ جہنم ازان بیش حار
حرارت مین زائد بہ ہفتاد بار
ولے در حرارت جو نارِ جنان
یہ ہی سات سو بار زائد ازان
کہ اَلْعِشْقُ نَارٌ وہ ہی شعلہ زن
وہ قلبِ محبین جسکا وطن

حبیب خدا تو رسول انام	تو مشغول یاد خدا ہین مدام
نہ ہے اُسّے غافل تو لیل و نہار	ہمہ وقت اوسپر کرین جان نثار
مدد گار تیرا خدائے جہان	وہ ناصر تو منصور در ہر زمان
کیا دین حق تو نے لابد عیان	یہ دین خدا ہے نہ اسمین گمان
یہ ہی اوس قصیدے مین ای ارجمند	جو ہین اوسکے اشعار ہشتاد و چند
وہ در مدح خیر الوریٰ لا کلام	ز بو طالب عم خیر الانام
بھی یہ شعر در مدح خیر الورا	ازان عمّ ثابت بلا امترا
وَشَقَّ لَهٗ مِنْ اِسْمِهٖ لِيُجِلَّهٗ	فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَهٰذَا مُحَمَّدٌ

اخرجه البخاری فی تاریخه الصغیر وضمنه حسان علیهما الرضوان کما جزم به فی الخمیس قال المحقق الزرقانی فی شرح المواهب من کتبه بالکسر وعلقه علی من تعسرت ولادتها وضعت فی الحال وقد جربه اهل الکمال

کیا ہمنے تسلیم قول کرام	کہ اقرار ثابت نہین اے فہام
وے اونکی تصدیق پر ہین عظام	تو ضایع نہ وہ نزد رب الانام
تو در مذہب عشق نزد فحول	کیا عرض اسطور عم رسول
کہ ہرگز نہ غم مجکو اے نور عین	کہ تیرا مجے غم نہو تجبہ شین
تو اوس عار تیرے پہ ہی جان نثار	نہو تجبہ وہ گرچہ مجبہ پہ عار
یہ ایمان و جان جملہ تجبہ پر نثار	کہ اوس عار تیرے لیے گرچہ یہ نار
گوارا نہین مجکو ہو تجبہ عار	کہ یہ عار مجبہ ز بونستہ زنار

غیوری جو ہے عشق خیر البشر
وہ ہے جملۂ نار سے پُر شرر

اے عزیز و فرزند یہ شعر حضرت ابوطالب وشق لہ جو متن مین مسطور ہے: تاریخ صغیر حافظ محمد اسماعیل بخاری رحمہ اللہ الباری مین مذکور ہے: اور زرقانی شرح مواہب لدنیہ مین مسطور مرقوم ہے: اور حضرت عارف باللہ شمس تتائی اور علامہ بونی اور شیخ احمد دیربی وغیرہم رضی اللہ تعالی عنہم سے یہ امر مجرّب و معلوم ہے: کہ جس عورت پر زائیدن فرزند دشوار ہو: تو اوسپر اگر تعلیق شعر مذکور جو اسطور سے نگارہ ہو

وشق له من اسمه ليجله
محمد

تو اوس عورت پر حق سبحانہ تعالیٰ شانہ: عنایت بے غایت مبذول فرماوے: کہ تولد فرزند دلبند بصد سہولت ظہور مین آوے: اور معنی اوس شعر کا یہ ہے: کہ اللہ جل جلالہ و عم نوالہ نے نام جناب رسول کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کو مشتق کیا ہی اپنے نام نامی سے: تا کہ تابان و درخشان کرے اونکو خلائق مین نام رفیع و سامی سے. پس رب العرش العظیم ذات محمود ہے. اور صاحب خلق عظیم حضرت محمد و دود ہے: انپر دائم صلوۃ و سلام نا محدود ہے: اور انکی آل اطہار پر نامعدود ہے:

تو پھر نار افروختہ ہو ضرور
ولے گریہ اوسکا رہی برقرار
کرے نالہ و آہ چندین ہزار
تو حاصل ہوا اِسّے ایدوستان
تو جب عمِ خیرُ الوراٰ بیگمان
تو العشقُ نارٌ سے تھی دلمین نار
کہ جبن دلمین ہی عشقِ احمد سے نار
نہ وہ نارِ دوزخسے ہو بیقرار

وہ ہو مثلِ اوّل بسوز و حرور
زخونِ جگر وہ رہی اشکبار
زتعذیبِ نار بر دلِ اہلِ نار
کہ اوس نار سے فوق نارِ جنان
وہ عشقِ محمد سے تھی پر جنان
تو وہ نار اِس نار سے خاکسار
تو ہی اُسیہ وہ نار گلزار وار
کہ اُسّے کرے نارِ دوزخ فرار

خیوری جو ہی عشق مین باقرار
کرے کفر و ایمان وہ ہر دو نثار

اوسے ذرّہ عشق درکار ہی
نہ جب جان و ایمانسے تجرید ہو
نہ جب تجکو تحصیلِ تفرید ہو
لہذا یہ فرمانِ خیرُ الانام

کہ در کارِ این کار آن کار ہی
تو کب جانِ جانا نکی توحید ہو
تو کب شرکِ مشرک سے تبعید ہو
عَلَیہِ صَلوٰۃِ خدا و سلام

لَاَستَغفِرَنَّ لَکَ حَتّیٰ اُنہَ عَنہُ

تو جب عشق میرمین سرشار ہی
کہ دائم کرون نزدِ پروردگار
کہ ایسی کرے تجکو غفران عطا
یہان تک کہ مجکو یہ فرمان ہو
کہ بس اب نہ کہہ تو کہ غفران ہو

تو مجکو یہ بیشک سزاوار ہی
طلب اِسطرح سے بلیل و نہار
کہ جسّے تو مغفور در ہر سرا
کہ جسّے بمجے دلمین اتقان ہو
اُسیکے لئے جو وہ قربان ہو

جلے اوس سے جملہ جو ہے در وجود / مگر ایک دل جسمین ہے اوسکی بود

جلے اوس سے جو بوستانِ سرور / مگر شاخِ دل جسمین ہے اُسکا نور

ز تابش وزد چونکہ بادِ سموم / بسوزد ہمہ جز دُرِج غموم

یہ وہ نار گلزار ہے در شغاف / کہ ہے جسکا نارِ جہنم غلاف

کرے سوئے دوزخ اگر یہ گذر / تو نارِ جہنم نپاوے مفر

جلے اِس سے لاریب مثلِ رماد / وہ ہو محو از نامِ بئس المہاد

لہٰذا حدیثون مین ہے یہ بیان / کہ نارِ جہنم کہے بیگمان

کہ یارب نہ بھیجو تو مجکو عذاب / بنارِ جنانِ محبت مآب

محبّون کے دلمین جو ہے سوزِ نار / تو اوسکی نہ طاقت مجھے زینہار

جہنم پہ ایزد کرے جب عتاب / کہ ایسا کرونگا مین تجکو عذاب

کسی پر نہ دیسا کیا زینہار / کہ تیرے لئے ہے وہ مخصوص نار

وہ نارِ دلِ عاشقانِ کرام / کہ ہو نار گلزار جسسے مدام

خیوری نعم جسکے دلمین وہ نار
تو نارِ جہنم کو اُسسے فرار

محبانِ سہ تن کو پروردگار / کرے جبکہ مرسول در دارِ نار

تو نارِ جہنم کرے خود فرار / وہ در قعرِ دوزخ رہی بیقرار

سلاسل گسستہ وہ ذوبانِ غل / باطباقِ دوزخ بسے شورِ غل

کرے نار گریہ بسے آشکار / وہ خونِ جگر سے بسے اشکبار

تو ہو تب یہ فرمانِ پروردگار / کہ احباب نکلین ازان دارِ نار

اگر تجکو تفصیل منظور ہے	تو نجم المبین مین وہ مسطور ہیں
وہ لے مختصر جو ہوا ہے بیان	تو اوسکی یہ اِسناد ہے بیگمان
احادیث و قرآن سے ہی آشکار	مفاتیح و تحبیر مین ہے نگار
زروحُ البیان و سراج مُنیر	عرائس وہ تمہید از بس شہیر
زشرح مقاصد بسے معتبر	زاِحیائے عَلّامۂ نامور
زبحرُ العلوم بھی دیگر زُبر	یہ لُبِّ لُباب ہمہ رانگر
ہوئے مُتّفِق اسپہ جملہ امام	ہوا اوسنسے راضی خدائے انام

قال في شرح المقاصد ذهب جمهور المحققين الى ان الايمان هو التصديق بالقلب وانما الاقرار شرط لاجراء الاحكام في الدنيا لان تصديق القلب امر باطن لابد له من علامة فمن صدق بقلبه ولم يقر بلسانه فهو مومن عند الله تعالى وان لم يكن مومنا في احكام الدنيا ومن اقر بلسانه ولم يصدق بقلبه كالمنافق فبالعكس والنصوص معاضدة لذلك انتهى وقال في الاحياء ومفاتيح الغيب والشيخ عز الدين بن عبد السلام رحمهما الله العلام ان النطق بكلمتي الشهادة واجب فمن تمكن من النطق بهما ولم ينطق فيجعل امتناعه من النطق بهما كامتناعه من الصلوة فيكون مومنا غير مخلد في النار لان الايمان هو التصديق المحض بالقلب واللسان ترجمانه فلابد ان يكون الايمان موجودا بتمامه قبل نطق اللسان حتى يترجمه اللسان وهذا هو الاظهر اذ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يخرج من النار من كان في قلبه مثقال ذرة من الايمان فلا ينعدم الايمان من القلب بالسكوت

تو نازل کیا حق نے قولِ قدیم
کہ ای صاحبِ خُلقِ و خُلقِ عظیم

نہ کر تو ازین بعد ہرگز دُعا
اوسیکے لئے جو وہ دلسے فدا

کہ ہی مجکو معلوم ای جانِ جان
جو ہی تیرے دلمین وہ سرِ نہان

اوسیطور ہے وہ بعلمِ خدا
کہ تیری رضا جو وہ میری رضا

ولیکن جو ہی اَمرِ شرعِ مُبین
تو اوسکا یہی حکم ہے بالیقین

کہ جو تیرے نزدیک ہین مشرکین
اگرچہ قرابت مین ہون اقربین

تو اونکے لئے تو نکر آشکار
طَلَبِ مغفرت کی نہ پروردگار

جَنان سے مُصَدِّق وہ نزدِ خدا
بلا ریب مومن مُوحِّد سدا

ولے حکمِ شرعی نہ اوسپر روان
کہ حکمِ شریعت کا مظہر لسان

زبان سے جو اقرار مشہود ہو
جَنانسے نہ تصدیق موجود ہو

تو مومن وہ ظاہر مین بے امترا
ولے ہے زکفّار نزدِ خدا

مُنافق شریعت مین وہ لاکلام
جہنم مین جاوے فَبِئسَ المُقام

ولے جو مُصَدِّق جَنانسے ضرور
اگرچہ نہ اِقرار کا ہو ظہور

تو ہی اوسکا مسکن وہ دارِ جنان
کہ مومن وہ تصدیق سے بیگمان

کہ اِقرار مسقوط ہے چند جا
نہ وہ رکنِ ایمان بہ پیشِ نُہے

وہ ہی ترجمانِ جَنان بالیقین
ہوئے مُتفق اسپہ علمائے دین

وہ لا ریب مثلِ صلوٰۃ و صیام
نہ ایمان کا زنہار اوسپر قیام

کرے ترک اوسکو بقدرت اگر
تو عاصی وہ لا ریب ای ذی ہنر

کہین اوسکو مومن ہمہ مومنان
ولے نزدِ ایزد نہ درین جہان

نگہبان انکا خدائے قدیم		وہ حامد یہ محمود خُلقِ عظیم

قال فی الهدی النبوی والامتاع ومنهل الصفا ونسیم الریاض و التحاریر لاقوال ائمة التفاسیر وغیرها من نحاریر واعلم ان ابا طالب کانت محبته لرسول الله صلی الله علیه وسلم ومعرفته بانه رسول الله وتصدیقه فی قلبه محققةً ولکن الله تعالٰی لم یظهر اسلامه وفی ذلک حکمٌ عظیمة وعبرة فخیمة منها انه صلی الله علیه وسلم کان فی جواره وحمایته ظاهراً حتی ما کان احد یجتری علیه فلو اظهر الاسلام لم یقبلوا جوارہ اذ لاجوار للمسلمین عندهم فلهذا احبس الله لسانه عن الاقرار فینبغی لکل مومن ان یتادّب فی هذا المرام ولا یوذی حبیب الله الملك العلام علیه اطیب الصلوة وازکی السلام ومما قاله ابو طالب فی القصیدة الطویله فی نصرته علیه الصلوة والتحیات الجمیله هذه الابیات المعوّذات الجلیلة فتفکر فیها من عقیدته الاصیله

وَلَمَّا رَاَیْتُ الْقَوْمَ لَا وُدَّ فِیْهِمُ		وَقَدْ قَطَعُوْا کُلَّ الْعُرٰی وَالْوَسَائِلِ
فَاَحْضَرْتُ عِنْدَ الْبَیْتِ رَهْطِیْ وَاِخْوَتِیْ		وَاَمْسَکْتُ مِنْ اَثْوَابِهٖ بِالْوَصَائِلِ
اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مِنْ کُلِّ طَاعِنٍ		عَلَیْنَا بِسُوْءٍ اَوْ مُلِحٍّ بِبَاطِلِ
وَبِالْبَیْتِ حَقِّ الْبَیْتِ مِنْ بَطْنِ مَکَّةَ		وَبِاللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ لَیْسَ بِغَافِلِ
وَمَنْ حَجَّ بَیْتَ اللّٰهِ مِنْ کُلِّ رَاکِبٍ		وَمِنْ کُلِّ ذِیْ نَذْرٍ وَمِنْ کُلِّ رَاجِلِ
وَتَوْقَافِهِمْ فَوْقَ الْجِبَالِ عَشِیَّةً		یُقِیْمُوْنَ بِالْاَیْدِیْ صُدُوْرَ الرَّوَاحِلِ
وَلَیْلَةِ جَمْعٍ وَالْمَنَازِلِ مِنْ مِنًی		وَهَلْ فَوْقَهَا مِنْ حُرْمَةٍ وَمَنَازِلِ

عن النطق الواجب کما لا ینعدم بترك الفعل الواجب انتہی و فی التمہید عن الامام الاعظم والہمام الاقدم ابی حنیفۃ النعمان بلّغہ اللہ اعلیٰ غرف الجنان والناس فی الایمان علی ثلاث مراتب احدہم مومن عند اللہ تعالیٰ وکافر عند الناس وہو من یعرف اللہ تعالیٰ و یعتقد التوحید ولکن لم یظہر الاقرار ویظہر الکفر تقیّۃً والثانی کافر عند اللہ تعالیٰ ومومن عند النّاس وہو من اقر بلسانہ ولم یعتقد بجنانہ والثالث مومن عند اللہ وعند الملائکۃ والناس اجمعین وہو من اقر بلسانہ وصدّق بجنانہ انتہی قال اللہ الملك المنان اُولٰئِكَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ وقال اللہ عظیم الشان اِلَّا مَنْ اُکْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِیْمَانِ وقال اللہ الغافر لذنوبکم وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ قال فی السّراج المنیر وغیرہ من التفاسیر کروح البیان والتحبیر واسرار التنزیل ودرۃ التاویل وبحر العلوم وعرائس البیان وغیرہا من زبر اہل العرفان وانّ تلك الآیات السّاطعۃ من الحجج القاطعۃ علی انّ الایمان ہو التصدیق بالجنان واما اقرار للّسان فلیس بداخل الایمان ہذہ لمعۃ من نجم المبین واللہ یہدی بہا المتّقین ۞

ابوطالبِ عمّ خیرُ العباد	یہی اونکا لاریب ہے اعتقاد
جو ہی در قصیدۂ تعوّذ عیاں	معوّذ ہوئے جسمین وہ جانِ جان
وہ تعویذ ہی بہرِ خیر الوریٰ	زخلّاقِ ارضین و ربّ السما
کیا اوسکو انشائے عمّ رسول	برائے حبیبئے پدرِ بتول
کہ یہ چشمِ اعدا سے محفوظ ہون	یہ عینِ عنایت سے ملحوظ ہون

کہ ہی کفر اِفشائے سرِّ نہان | کہ لائق نہ اُسکے مگر سرّ دان
نہوتا اگر کفر اِفشائے آن | کَشَفتُ لَہٗ عِندَکُم بِالبَیان

اِفشاءُ سِرِّ الربوبیۃ کفرٌ اَورَدہ العلامۃ الخادمی فی البریقۃ المحمودیّۃ والعلامۃ البونی فی شمس المعارف الالھیۃ وغیرھما فی الزبر الدینیّۃ قدس اللہ اسرارھم السنیّۃ

تو اَب تم سنو یہ بگوشِ جَنان | کہ اہلِ ظواہر یہ ہی جو عیان
کہ لاریب جو اہلِ تصدیق ہی | نہ اِقرار سے اُسکو توفیق ہے
تو دائم نہ دوزخ مین اُسکا مقام | کہ ہی دار اوسکا وہ دار السّلام
کہ مومن وہ لاریب نزدِ خدا | یہی اَمرِ شرعی نہ اِسمین خطا
ہوئے متّفق اسپہ جملہ عظام | یہ مذکور بالا ز کُتُبِ فخام
تو وہ عمِّ خیر الوریٰ انکا نام | ابو طالبِ ذی محبّت مدام
جَنان سے مُصَدِّق بلا امترا | بلاریب مومن وہ نزدِ خدا
تو اِسّے نہ منکر کو جائے فرار | و اِلّا اُسے نار مین ہو قرار
ولے عَدَمِ اِقرار مین ہی کلام | کلامِ مصفّیٰ جو نزدِ فہام
تو اِس عَدَمِ اِقرار مین آشکار | سببسے سرّ لاریب نزدِ کبار
یکے اُنسے یہ ہی بصدق و یقین | یہ مذکور بالا ز علمائے دین
کہ ظاہر مین تھے وہ شفیع الانام | عَلَیہِ صَلوٰۃِ خدا و سلام
اُنو کی حمایت مین لیل و نہار | جوارِ نبی پر وہ تھے جان نثار
تو سب دشمنانِ شفیع الوریٰ | وہ مقہور تھے اُسّے بے امترا
نہ کرتا کوئی اوسمین چون و چرا | کہ عہدِ حمایت پہ تھے وہ سدا

فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا مِنْ مَعَاذٍ لِعَائِذٍ / وَهَلْ مِنْ مُعِيذٍ يَتَّقِي اللهَ عَاذِلِ

كَذَبْتُمْ وَبَيْتِ اللهِ نَتْرُكُ مَكَّةَ / وَنَظْعَنُ اِلَّا اَمْرُكُمْ فِي بَلَابِلِ

كَذَبْتُمْ وَبَيْتِ اللهِ نُبْزِي مُحَمَّدًا / وَلَمَّا نُطَاعِنْ دُوْنَهُ وَنُنَاضِلِ

بِكَفِّي فَتًى مِثْلِ الشِّهَابِ سَمَيْدَعٍ / اَخِي ثِقَةٍ حَامِي الْحَقِيقَةِ بَاسِلِ

شُهُوْرًا وَاَيَّامًا وَحَوْلًا مُحَرَّمًا / عَلَيْنَا وَتَاتِي حِجَّةٌ بَعْدَ قَابِلِ

وَاَبْيَضَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ / ثِمَالُ الْيَتَامٰى عِصْمَةٌ لِلْاَرَامِلِ

يَلُوْذُ بِهِ الْهُلَّاكُ مِنْ اٰلِ هَاشِمٍ / فَهُمْ عِنْدَهٗ فِي رَحْمَةٍ وَفَوَاضِلِ

فَلَا زَالَ فِي الدُّنْيَا جَمَالًا لِاَهْلِهَا / وَزَيْنًا لِمَنْ وَالَاهُ رَبُّ الْمَشَاكِلِ

فَمَنْ مِثْلُهٗ فِي النَّاسِ اَيُّ مُؤَمَّلٍ / اِذَا قَاسَهُ الْحُكَّامُ عِنْدَ التَّفَاضُلِ

حَلِيْمٌ رَشِيْدٌ عَادِلٌ غَيْرُ طَائِشٍ / يُوَالِي اِلٰهًا لَيْسَ عَنْهُ بِغَافِلِ

فَاَصْبَحَ فِيْنَا اَحْمَدُ فِي اَرُوْمَةٍ / تُقَصِّرُ عَنْهَا سَوْرَةُ الْمُتَطَاوِلِ

فَاَيَّدَهٗ رَبُّ الْعِبَادِ بِنَصْرَةٍ / وَاَظْهَرَ دِيْنًا حَقُّهٗ غَيْرُ بَاطِلِ

سنو اے محبو بحب حبیب / کہ ہوا ہے ایمانکو او فر نصیب

کہ تصدیق عم نبی لا کلام / بلا ریب ثابت وہ نزد عظام

و لے اوسکا اقرار معدوم ہی / کہ یہ سر اسرار مکتوم ہے

جو ہی سر وان آسکو معلوم ہی / کہ وہ سر سری سے مفہوم ہی

و لے امر شرعی جو ملزوم ہے / اوسیکا بیان ہمیہ محتوم ہے

کہ سر حقیقت جو مختوم ہے / تو اظہار آن بسکہ مذموم ہی

إنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ لا دلالۃ فی ھذہ الایۃ علی کفر ابی طالب ذلك لانہ قال عند موتہ یا معشر بنی عبد مناف اطیعوا محمدا وصدقوہ تفلحوا وترشدوا فقال علیہ الصلوۃ والسلام وعلی آلہ واصحابہ الکرام یا عمی تامرھم بالنصح لانفسہم ولا تقول لا الہ الا اللہ اشھد لك بھا عند اللہ تعالی قال یا ابن اخی قد علمت انك صادق ولولا ان یکون علیك وعلی بنی ابیك مسبۃ بعدی لقلتھا ولا قررت بھا عینك ھذا ملخص ما فی نجم المبین

واللہ یھدی بہ المو فقنین

سنو ای عزیز و عزیز الکلام	کہ جسّے عزیز وں کا ہوا حترام
کہ یہ قولِ ایزد جو مذکور ہے	کلامِ خدا مین جو مسطور ہے

إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَن يَشَاءُ

تو کفرِ ابی طالب مہربان	نہ ہی اُسّے زنہار ہرگز عیان
کنایت اِشارت سے معدوم ہی	تو کب وہ صراحت سی مفہوم ہی
ولے منکرون کا یہان اِتّہام	کہ ہادی نہ زنہار خیرُ الانام
کہ اِسطور فرمانِ پروردگار	کہ جو تیرا محبوب لیل و نہار
تو اوسکا تو ہادی نہین نہار	ابو طالبِ عمِّ وہ آشکار
ولے جسکو چاہی خدائے کریم	تو وہ مہتدی بر رہِ مُستقیم
تو ہادی نہین جبکہ خیرُ الورا	تو کیونکر وہ شافع بروزِ جزا
کہ لابد ہدایت وہ اصلِ اصیل	شفاعت ہوئی اُسّے فرعِ ظلیل

خیوری سے اِسکا سُنو اَب جواب

تو اقرار ہوتا اگر آشکار / زعمّ نبی مشفقِ جان نثار
بدینِ محمدؐ علیہ السلام / تو ہوتا وہ باطل جو عہدِ لئام
جوار و حمایت نہوتے مدام / نہ ظاہر مین حامی کا زنہار نام
کہ نزدیکِ آن جملۂ مشرکین / جوار سے نہ معہود للمسلمین
حمایت نہ زنہار تھی معتبر / برائے مسلمان اگرچہ یسیر
تو اس واسطے خالقِ دو جہان / کہ غالب نہ زنہار ہون مشرکان
زبان کو کیا منع اقرار سے / اگرچہ زیادہ وہ صد بار سے
کرے دل کی تصدیق ظاہر مدام / کہ لاریب ہی تو رسولِ انام
تو بیشک نبی سیّد المرسلین / حبیبِ خدا رحمتِ عالمین
جو ہے دین تیرا وہ دینِ خدا / وہ حقّ الیقین ہے بلا افترا
نہ بطلان کا اوسمین ہرگز گذر / وہ حقِّ حقیقت ہے سب سے معتبر
جو اس دین پر ہے وہ از مفلحین / بلا ریب دائم وہ از راشدین
کہ یا ایّ اولادِ عبدِ مناف / اطیعوا محمدؐ بلا اختلاف
بجا لاؤ تصدیق اُسکی بجان / وہ صادق وہ مصدوق ہی بیگمان
تو لاریب ہو تم ز اہلِ فلاح / یہی امرِ معروف امرِ صلاح
یہی نزدِ مرگِ جیشی تھا بیان / اِسی پر وہ دنیا سی لابد روان
یہ اِقرار با عدمِ اقرار تھا / یقین اِسمین بھی سرِّ اسرار تھا
کہ ہون اُنپہ دو حکم لابد روان / کہ ہین وہ فدا بر شہِ دو جہان

قال فی مفاتیح الغیب والتحبیر وغیرہما من نہ بر المشاہیر ان قولہ تعالے

رضائے تو ہر طور منظور ہے — نہ اسمین کسیطور محظور ہے
ولے وہ جو اقرارِ عمّ فہیم — بوقتِ سوالِ رسولِ کریم
تو روزِ اَزَل مین وہ لابد عدیم — کہ یہ حکمتِ رب یہ سرِّ عظیم
نہ تیرا ارادہ بھی مقرون ہی — ارادے اَزَل سے جو مکنون ہے
قرابت کے رو سے یہ تیری نوال — کہ اِقرار ہو اُنسے وقتِ سوال
تو اجرائے احکامِ ایمان تمام — ابو طالب عَمّ پر ہون مدام
تو یہ اُنکے حق مین نہ مکتوب ہی — نہو اِسّسے غمگین تو محبوب ہی
جو مقرون ہوتا ارادۂ رسول — ارادے اَزَل سی جو اصلِ اصول
تو لاریب اِقرار پاتا ظہور — ابو طالب عَمّ سے بالضّرور
نہ خواہش ہوئی یہ زنورِ حبیب — کہ لاریب ہی اِسمین سرِّ عجیب
تو کیونکر وہ اِظہارِ اقرار ہو — اگرچہ وہ اِقرار صد بار ہو
تأمّل ذرا کر بفکرِ جنان — تو اِنصاف سے ہو زاہلِ دلان
کہ جسوقت جاری کیا بر زبان — حبیب خدا شافع دو جہان

اَللّٰھُمَّ اَعِزَّ الاِسلامَ بِعُمَرَ کَیفَ اَجابَہٗ

کہ اَی میرے معبود پروردگار — تو مقصود و مطلوب در جملہ کار
تو کر دینِ اِسلام کو اب عزیز — عُمَر سے جو فاروق اہلِ تمیز
تو کسطور فی الفور یہ مُستجاب — ہوا بارِ ایزد مین بے اِرتیاب
کہ نورِ نبی جب ہوا در وجود — وہ کنزِ خفی سے ہوا در شہود
تو اُسوقت جسطور اونکی رضا — کہ در اصل ہی وہ رضائے خدا

بجلے جسّے منکر کا دل چون کباب

رسولِ خدا کے جو ہین منکرین
سزاوارِ لعنت وہ ہین بالیقین

کہ تحریفِ معنی کرین وہ لئیم
وہ مثلِ یہودی زاہلِ جحیم

وہ اولادِ ابنِ مغیرہ ولید
پلیدی مین اُسسے زیادہ پلید

کہ فرمانِ رَبّ در کتابِ قدیم
جو احمد کا موذی وہ لابد زنیم

کہ معنی ہدایت کا اِسجا ضرور
وہ اِعطائے توفیق ہی بے فتور

کہ پیدا کرے ہے خدا اِہتدا
کہ ہو جسّے تصدیقِ ایمان ادا

جو اعطائے توفیق ہو درجنان
تو اقرار اُسّے کرے یہ لِسان

نہ یہ خلق و توفیق ہو گر عطا
تو دل بھی زبانسے وہ ہو کب ادا

یہ اِعطائے توفیق فعلِ خدا
کرے خلق وہ درجنان اِہتدا

وہ خالق وہ خلّاق بے اِفترا
اُسی ربّ کے مخلوق ارض و سما

نہوگر یہ معنی یہان پر مُراد
تو قولین ایزد مین ہووے تضاد

کہ ہادی نہین تو یہ قولِ قدیم
ہوا جیسا آیت مین بالا رقیم

تو ہادی بلاریب ای مصطفےٰ
نہ تیری ہدایت مین کچھ اِمترا

اِسیطور فرمانِ پروردگار
کلامِ خدا مین یہ ہی آشکار

وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

تو ہی عدمِ ہادی سے لابد مراد
کہ خالق نہین تو براے عباد

نہ میرا تو زنہار گا ہے شریک
تو فیضِ قدیمی حبیبِ ملیک

تو نی ہادیئے خلق لیل و نہار
شفیعِ خلائق تو ہے آشکار

وبالجملة يفهم من له الدراية بان هذه الاية قد دلت على ان ذا الجلال والاكرام يرضى حبيبه عليه الصلوة والسلام وارضاه فيما مضى فے جميع المرام فسبحان من اعزه بهذه الفضيلة العظيمة وشرفه بتلك الخصيصة الفخيمة

مواہب مین ایسا جو مسطور ہے
کہ ہی بعض جاہل کا ایسا مرام
اگرچہ رہے ایک در دارِ نار
تولا بد یہ ہے از غرورِ رحیم
حقوقِ خدا سے وہ اعرف مدام

وہابی کا دل جس سے مغرور ہے
کہ راضی نہون ربسے خیر الانام
زمرحومہ اُمّت بروزِ شمار
نہ کیون رب سے راضی رسول کریم
تولا ارضی کیونکر کرین وہ کلام

خیوری سے اسکا سنو اب جواب
نہ زنہار ہی اُوسمین کچھ ارتیاب

کہ وہ شبہ بالا جو مذکور ہے
گیا اوسکو مردود حفاظِ دین

وہ سہو و خطا اور پُر زور ہے
کہ ہی وہ خلافِ حدیثِ مبین

قال فى انوار الحقائق وعن على رضى الله عنه لما نزلت هذه الاية وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى قال عليه الصلوة والسلام وعلى اله واصحابه الكرام اذًا لا ارضى وواحدٌ من امتى فى النار وكذا رواه البزار والطبرانى وابو نعيم والزرقانى في شرح المواهب للقسطلانى شاه عبد العزيز قدس الله سره الحريز در تفسير فتح العزيز فرموده كه در حديث شريف ست كه چون آيت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى نازل شد آنحضرت صلى الله عليه وآله وسلم يارانِ خود فرمودند كه من هرگز راضى نشوم تا آنكه يك يك كس از امت خود بهشت داخل

تو اوسطور سب کار کا ہو ظہور	کہ منظور ایجاد سے یہ ضرور
کہ اونکی رضا کے نہو کچھ خلاف	یہی عہد و پیمان ہوا صاف صاف
جو مذکور بالا ہوا ہے بیان	وہ نجم المبین میں مفصّل عیان
دلے ہے یہ قطرہ زبحر عمیق	نہ قطرے سے زنہار ہو تو غریق

قال فی روح البیان و تفسیر العلامۃ السمان و غیرھما من تفاسیر ارباب الاتقان تحت قولہ تعالیٰ اِنَّکَ لَا تَھْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ کانہ قال انت شفیع فی الجنایات لا شریکی فی الھدایات ای فی خلق الاھتداء واعطاء التوفیق لمن یشاء کما ھو مصرح فی الشیخ زادہ والسراج المنیر ومدارک التنزیل ومفاتیح الغیب والتحبیر وشرح الشفا لعلی القاری رحمہ اللہ الباری وغیرھا من زبر الکملاء قال فی عرائس البیان ان الھدایۃ مقرونۃ بارادۃ الازل فلو کانت ارادۃ نبینا صلی اللہ علیہ وسلم وعلی الہ واصحابہ ذوی الحکم فی حق ابی طالب مقرونۃ بارادۃ الازل لکان مھتدیا ولکن کان محبّتہ وارادتہ فی حقہ من جھۃ القرابۃ الاتری انہ علیہ الصلوۃ والسلام وعلی الہ واصحابہ الکرام اذا قال اللّٰھم اعزّ الاسلام بعمر کیف اجابہ انتھی وقد قال اللہ سبحانہ وتعالیٰ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی قال فی مفاتیح الغیب وکشف القناع من الریب دلّت ھذہ الایۃ علی انہ تعالیٰ یفعل کل ما یرضاہ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم وبعد ما ھذہ الایۃ مناسبۃ لذلک کانہ تعالیٰ یقول لا اودعک ولا ابغضک علی احد من اصحابک واتباعک واشیاعک طلبا لمرضاتک وتطییبا لقلبک انتھے

یحب اللہ والحبیب یحبہ اللہ والکلیم یاتی الی طور سینا کالسائلین والحبیب
ینام علی فراشہ فیاتی الیہ جبرئیل فاسراہ اللہ الی مکان فی طرفۃ عین
لم یبلغہ احد من المخلوقین وقال ابن الجوزی رحمہ اللہ الولی ان اللہ تعالیٰ
اوحی الی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم یاحبیبی کل احد یطلب رضائی
وانا اطلب رضاك انتہی وروی مسلم عن عبد اللہ بن عمرو بن العاص ان اللہ
تعالیٰ قال لجبرئیل اذہب الی محمد فقل انا سنرضیك فی امتك ولا نسوك
قال الامام النووی رحمہ اللہ القوی ہذا الحدیث موافق لقولہ عز وجل
وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى واما قولہ ولا نسوك فقال صاحب التحریر
ہو تاکید للمعنی ای لا نحزنك لان الارضاء قد یحصل فی حق البعض
بالعفو عنہم ویدخل الباقی فی النار فقال تعالی نرضیك ولا ندخل علیك
حزنا بل ننجی الجمیع تم کلامہ قدس مقامہ

شعر

وحاشاك ان ترضی وفینا معذب	الم یرضك الرحمٰن فی سورۃ الضحیٰ
جو عہدِ رضا ہے بخیرُ الوریٰ	جو ولسوف یعطیک نازل ہوا
حبیبِ خدا سیدِ انس و جان	تو اسطور فرمانِ شاہِ شہان
کہ رب سے نہ راضی ہیں ہوں تنہا	ہوا پیش یاران بسے آشکار
رہی ایک عاصی بروزِ شمار	اگر میری اُمّت سے ور دارِ نار
کہ دوزخ میں از اُمّتی عاصیان	نہ زنہار رہی یہ رضائے جنان
تو کیونکر نہ جنّت انوں کا مکان	جو مرحومہ اُمّت یہ ہی بیگمان

نکنم انتہی و عارف باللہ یعقوب بن عثمان قدس اللہ سرہٗ باللطف
والاحسان در تفسیر خویش تحت آیتِ مسطورہ فرمودہ کہ جناب رسول
کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم فرمود تا یکے از امّتِ من بدوزخ باشد
من راضی نشوم انتہی واخرج ابونعیم فی الحلیۃ عن سیدنا علی رضی اللہ
عنہ انہ علیہ الصلوۃ والسلام وعلی الہ واصحابہ الکرام لا یرضی ان یدخل
احد من امتہ النار فقولہ لا یرضی موقوف لفظًا ومرفوع حکمًا اذ لا
مدخل للرای فیہ قال القاضی عیاض قدس اللہ سرّہ الفیاض فی کتابہ الشفاء
روی عن بعض آل النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو سیدنا علی بن ابی طالب
کرم اللہ وجھہ علی ما ذکرہ الثعلبی فی تفسیرہ انہ قال لیس اٰیۃ فی القرآن
ارجی منھا ای من اٰیۃ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی ثم بیّن وجھہ ولا یرضی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یدخل احد من امتہ النار رواہ
ایضا ابونعیم فی الحلیۃ موقوفا والدیلمی فی الفردوس مرفوعًا وروی
انہ لما نزلت قال اذن لا ارضی وان یکون واحد من امتی فی النار
ھکذا فی شرح الشفا لعلی القاری رحمہ اللہ الباری وروی البیہقی
عن ابن عباس علیہم رضوان اللہ ملک الناس فی تفسیر وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ
ربک فترضی قال رضاہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یدخل امتہ کلھم الجنۃ
قال فی تفسیر بحر الدرر والتحبیر وغیرھما من زبر النحاریر قال موسٰی
علیہ السلام یا رب انا کلیمک ومحمد حبیبک فما الفرق بین الکلیم والحبیب
فقال ان الکلیم یعمل برضاء مولاہ والحبیب یعمل مولاہ برضائہ والکلیم

نہ ہے اونکو دوزخ کا غم زینہار
کہ دوزخ کرے اُسسے لابد فرار

یہی شرطِ اُمّت یہ لابد ضرور
کہ ہو دلمین حُبِّ حبیبی سے نور

خدا بعد اونکا تو سمجھے مقام
سمجھے دل سے یکتا وہ خیرُ الانام

مُنزّہ وہ شرکت سے بین الورا
تو ادراکِ خلقت سے وہ ماورا

نہین اونکا واللہِ ممکن نظیر
کہ ہے وہ علیٰ کُلِّ شیئٍ قدیر

کہ چاہا نہ ایزد نے اونکا نظیر
تو کسطور ممکن نظیرِ بشیر

جمالِ خدا وہ خدائے جمال
وہ نورِ خدا ہی نہ ہے ذوالجلال

وہ نورِ بقا ہے نہ اونکو زوال
سرورِ لقا وہ نہ ہے بے مثال

وہ مشکاتِ ازلی وہ ابدُالآباد
وہ مصباحِ قدوس، ربّ العباد

وہ قندیلِ سُبحان سبحان ہے
کہ جسکی صفائی وہ قرآن ہی

چو کوکب وہ ہی بر سمائے قدم
وہ دُرّی سرمد بآفاق ہمسم

منوّر وہ از زیت شجرِ عظیم
نہ شرقی نہ غربی ز کنزِ قدیم

وہ نورٌ علیٰ نورِ بے مثل نور
وہ ظاہر وہ باطن وہ یکتا غفور

نہ اُن دو مین حائل مگر یک زجاج
اسی پردہ دُوئی کا ہوا ہے نجاج

صفت ذاتمین ہی زجاج لطیف
بچشم لطافت نگر اے کثیف

نہ وہ عین ہی بھی نہ وہ غین ہے
بغیرِ زجاجہ وہی عین ہے

خیوری ز نورِ سراجِ منیر
منوّر ہوا جو وہ بیشک بصیر

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْہَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ

جو میری رضا اُسکو منظور ہے
کہ جسطور وہ عہدِ مسطور ہے

تو راضی نہونگا مین رب سے کبھی
مگر جاوے جنت مین اُمّت سبھی

نہ زنہار عہدِ خدا کا خلاف
کہ یہ از محالات ہی صاف صاف

توکیونکر نہ غنچۂ مرامِ جنان
شگفتہ گلے ہوز بادِ جنان

نہ غمناک ہون اب دلِ خستگان
وہ جنت مین جاوین سبھی شادمان

کلیمِ خدا نے کیا یہ سوال
بوقتِ مُناجات باذوالجلال

کہ یارب تو فرما بلطفِ عمیم
کہ کیا فرق ہی درحبیب وکلیم

دیا مجکو تو نے خطابِ کلیم
حبیبِ خدا وہ رسولِ کریم

ہوا تب یہ فرمانِ پروردگار
کہ دونوین یہ فرق ہی آشکار

کہ ہر کار مین تجکو میری رضا
مُقدّم شب و روز بے امترا

یہی ہے کلیمِ خدا کا مقام
رضائے خدا کا وہ طالب مدام

کرے کار جو کچھ خدائے مُجیب
تو منظور اوسین رضائے حبیب

خلافِ رضائے حبیبِ خدا
نہ ہرگز کرے کچھ خدائے سما

مقامِ حبیبی یہ پُرنور ہے
کہ اونکی رضا رب کو منظور ہے

کلیمِ خدا و خدا کا خلیل
یہ ہین طالبانِ رضائے جلیل

خدا کی طلب ہی رضائے حبیب
حبیبِ خیوری زہے یہ نصیب

رضائے حبیبی کا طالب خدا
خدا کی قسم اب نہین غم سدا

جو تیری رضا اُسکو منظور ہے
تو اُمّت یہ جنت مین مسرور ہے

۲

ہوا تجکو معراج بر کوہِ طور
ہوا اونکو معراج بر عرشِ نور
قدم تیرا ہی طور پر بیگمان
قدم آنکا لاریب در لامکان
کہ نعلین کف پائے خیرالورا
وہ عظمت مین برتر ز عرشِ علا

لما جاء موسیٰ لمیقاتنا الایۃ

کہ اوس طور پر جبکہ آئے کلیم
یہ آنے سے موصوف نزد فہیم

کیا فعل منسوب سوئے کلیم
کہ ہستی مین تھے وہ بوصف سلیم

جو آوے وہ ہستی سی ہشیار ہے
لیجاوین اُسے جو وہ سرشار ہی

جو آنا صفت ہی برائے عوام
لیجانا ز نعت خواص کرام

جو آوے نہ فانی ز وصف وجود
جو فانی لیجاوین تسے باسعود

جو آوے تو شاید نہ پاوے وہ بار
بلاوین جسے اوسے جا نہا نشا

کرین یاد اوسکو ہمہ بار بار
کہین کب مشرف کرے وہ نگا

وہ لاریب مطلوب ومذکور ہے
وہ محبوب در عین چون نور ہی

وہ مخصوص بیشک مراد مرید
وہ منصوص باصد وداد وحید

لہذا ہوئی لن ترانی ندا
کلیم خدا کو جو موصوف جا

نظر کر بسوئے جبل آئے کلیم
کہ ہرگز نہ دیکھے تو ذات قدیم

صفاتی تجلی سے توبے قرار
کہ خیمۂ صفتہا ہوا آشکار

یہانتک تو بیتاب ہی بیگمان
کہ طوطئے جان ہو جانسے روان

تو دیکھے نہ زنہار ذات قدیم
یہ دیکھئے جو ہے اہل خلق عظیم

نہ مازاغ ہرگز نہوئے طغیٰ
وہ چشم حبیبی بوقت لقا

کہ سبوح قدوس کحل البصر
قدم کی ادا اوسمین ہی سربسر

حیائے ازل سے وہ سرشار ہی
ابد جسکے مژگانیہ جان بار ہی

وہ ہی شرمگین کنز مخفی سدا
نگاہ خدا جسے ہووے ادا

فِی زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ کَاَنَّهَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَکَةٍ زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَرْبِیَّةٍ یَّکَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ اَلْآیَة

دُوم فرق یہ ہے بقولِ خدا
کہ لابد مُحبِّ خدا ہے کلیم
خدا سبکا مقصود و محبوب ہے
خدا کا جو مطلوب و مقصود ہے
خدا اوسکا حامد مُحبِّ قدیم

کلیم و حبیبی مین سا اے باصفا
خدا ہے مُحبِّ حبیبِ قدیم
ہمہ اوسکے طالب وہ مطلوب ہے
وہ محبوبِ محمودِ محمود ہے
کہان یہ حبیبی کہان وہ کلیم

جو محبوبِ محبوب محبوب ہے
غیوری کا بیشک وہ مطلوب ہے

سوم یہ کہ لابد کلیم مبین
وہ در روز آئے برائے سوال
کہ در روز دربارِ شاہِ انام
تو لاریب معراجِ موسٰے کلیم
کہ مقصود و معہود اوسکے سوال
وہ معراجِ خیر الوریٰ ئے حبیب
کہ آئے نہ خود یہ برائے سوال
کہ وقتِ وصالِ ہمہ دوستان
خدا نیم شب پر یہی جسم و جان

گئے طورِ سینان پہ چون سائلین
گدائی کیا از خدائے نوال
وہ مفتوح لابد برائے عوام
وہ در روزِ روشن ہوا اے فہیم
ولے اُسکے فائز نہ وہ ذی کمال
ہوا اونکو لاریب در شب نصیب
کہ اِنکو بُلایا برائے وصال
بلاریب در نیم شب بیگمان
کہ جسمین ہوا وصلِ جانِ جنان

یہانتک ہوا قاب قوسین مین — کہ باقی نہ تھی قید اثنین مین
نہ مین اور تو کا وہان کچھ نشان — وہی وصل اَو اَدنیٰ بیشک عیان
نہ تعبیر مین ہو یہ وصفِ نہان — کہ یہ سرِّ جانان عیان پیشِ جان
وہ میمِ مکان پر ہوا جبکہ لا — تو کانَ اللہ باقی نہ تھا دوسرا

کَانَ اللہُ وَلَمْ یَکُنْ مَعَہٗ ثَانٍ

یہ لام و اَلِف میم سے ہے متّصل — وہی ایک ہی لام ہے منفصل
وہی لام کانَ و ہی لامکان — مکان مین نہو لام کانَ عیان
اَلِفْ لام ہی میم تاجِ کتاب — اوسی تاج سے ہے یہ جملہ نتاج
یہ ترتیب لازم برائے مکان — کہ بیشک رہی کچھ دوئی کا نشان
یہ دارِ اَلَم ہے یہ دارِ فراق — کہ ہجرانسے دل پر رہی احتراق
و لے لامکان ہی مکانِ وصال — تو لابد ہوا لام کا اتّصال
بلاریب لام و اَلَمْ دو نگار — و لے در حقیقت ہے یکے آشکار

خیوری زبان بند دیگر مگو
وہی ایک رَبّی وہی ایک ہو

ہوا اوس بیانسے یہ بیشک نصیب — کہ منظور ایزد رضائے حبیب
تو از عدم اقرارِ عمّ رسول — نہ زنہار لازم یہ نزدِ فحول
کہ ایزد کو ارضائے خیر الوریٰ — نہ منظور و مطلوب در ہر سرا
نہین بلکہ مقصودِ ربّ الانام — رضائے حبیبی علیہ السّلام
لہذا کیا ردّ علمائے دین — محدّث مفسّر جو ہین بالیقین

لہذا یہ قرآن مین فرمان ہی — کہ لاریب تیری یہی شان ہی

سُبحانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا اَلآیۃ

کہ اِسرائے تیرے یہ سبحان ہی — کہ سُبحانَ رَبّی یہ کیا شان ہی
یہ وہ شانِ غُفرانِ عصیان ہی — کہ شانِ خدا کی وہ بُرہان ہی
یہ وہ شان ہے نورِ ایمان ہی — کہ شانِ خدا جسّے با شان ہی
یہ وہ شان ہی رب کا تبیان ہی — کہ شانِ الٰہی وہی شان ہی

خیوری یہی شانِ سبحان ہی
کہ سُبحانَ رَبّی خدا شان ہے

تو ہی اونکا اِسرائے تالامکان — مکان اور مکان جہان بے نشان
تو اسرٰی حقیقت ہی خدا کی ضرور — ہوا جسکا بہرِ حبیبی ظہور
کہ رب نے بلایا اوسے جو حبیب — وہان جو نہ ہرگز کسیکو نصیب
کہ فانی یہ از جملہ ذات و صفات — نہ ہی دو دِ نفسی درین نورِ ذات
مِنَ اللہ یہ فِی اللہ مَعَ اللہ مدام — یہ باللہِ باقی نہ اِسمین کلام
تو حق نے کیا وصف اپنا بیان — کہ مجھین وہ فانی دوئی بی نشان
کرون وصف اُسکا مین کیونکر بیان — وجودِ بیا نین نہو وہ عیان
کہ وہ سیر جبروت و لاہوت مین — نہ در مُلکِ ناسوت و ملکوت مین
گئے طرفۃ العین مین با سرور — کہ عینک سے چون دید کا ہو عبور
حبیبِ خدا کو ہوئی یہ ندا — کہ نزدیک آ جلد اے مُصطفا
کہ تجکو بلایا برائے وصال — نہو وصل ہرگز بجز اِتصال

مراد اللہ فلا اشکال وکم طلب صلی اللہ علیہ والہ وسلم لامتہ امورا وھو فی مقام الرضاء دائما واذا وعد بالارضاء فلا بد من ادخالہم الجنۃ فلا ینبغی ان یجترأ احد علی ابطال الروایات باوھام الشبہات وظاھر ان لکفر نسبۃ الی اللہ باعتبار فاعلیتہ لہ وایجادہ ونسبتہ الی العبد باعتبار محلیتہ واتصافہ بہ وانکارہ باعتبار النسبۃ الثانیۃ والرضاء باعتبار النسبۃ الاولی وقال فی شامل امام الحرمین علیہ الرضوان فی الکونین لم یثبت عندنا وجوب الرضاء بالقضاء فان الانسان اذا اعترتہ الآلام واکتنفتہ الاسقام لا یجب علیہ فی الدین ان یطمئن الیہا ویرضی بہا ولا علیہ ان یکرھہا ویبدی قلقا منہا وما ورد من الخبر ان اللہ تعالی یقول من لم یرض بقضائی فلیطلب ربا سوائی فھو من الاحاد لا تقوم بہ الحجۃ فی القطعیات ثم یعارضہ استعاذۃ النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم من قضاء السوء

سنو اوسکا اب تم ملخص بیان
کہ دو نسبت فعل ہین بیگمان

یکے نسبت فعل سوئے خدا
کہ پیدا کیا اوسکو رب السما

دگر نسبت فعل سوئے عباد
کہ ہو انسے ظاہر فساد و سداد

یہ موصوف افعال ہین لا کلام
کہ ظاہر مین فاعل یہ نزدیک عام

تو عدم رضائے رسول و خدا
بعصیان و نسیان جملہ ورا

وہ عدم رضائے شفیع الانام
کہ آتش کا دوزخ نہووے مقام

تو یہ نسبت بندگان سے ضرور
کہ ظاہر ہوئے اِنسے جملہ شرور

تو ہرگز نہین اِسمین چون وچرا
کہ لا ارض فرماوین خیر الوریٰ

اوسے جو مواہب سے مذکور ہے		تمسّک وہابی کا پُرزور ہے

قال فی نجم المبین لرجم الشیاطین واما تمسك الفرقة النجدیّة هی المعروفة فی الهند بالوهابیّة وفی الحقیقة هی اللهابیّة فی نفی الشفاعة المحمدیّة ٭ وفی ان الحضرة الالهیة لاتطلب المرضات الاحمدیّه علی اهلها الصلوٰة والتحیّة ٭ بهذه عبارة المواهب اللدنیّه ٭ وما یغتر بعض الجهال من انه صلی الله علیه واله وسلم لایرضی وواحد من امته فی النار اوان یدخلها احد من امته من غرور الشیطان فانه صلی الله علیه واله وسلم یرضی بما یرضی به ربه وهو اعرف بحقه من ان یقول لاارضی فقد رده الجهابذة المحققون الکملاء والاساتذة المدققون النبلاء جزاهم الله فی الدارین خیر الجزاء کالعلامة الشریف الصفوی فی شرح الشفاء والفهامة شهاب الدین الخفاجی فی نسیم الریاض قدس الله تعالیٰ سرهما الفیاض والامام الهمام الزرقانی فی شرح المواهب المذکور للقسطلانی علیهما الرضوان الصمدانی حیث قال بانه جرءة وسوء ادب ولایبعد ان یکون عذاب العصاة بغیر مرضی لله تعالی فلا یرضی به رسوله صلی الله علیه واله وسلم ایضا لان رضاءه علی وفق رضاء ربه والرضاء بالمقضی قد یکون مذموما فاذا لم یرض بعصیانهم ودخولهم النار لعدم رضاءه به فیدخلهم الله الجنة ولو بالاخرة للوعد به والرّضاء بفعل الله انّما یجب من حیث انه فعل المولی الحکیم لا من حیث هو فی ذاته والمنفی فی الحدیث الثانی وهو لایرضی بدخول احد من امته النار من حیث هو فی ذاته لا من حیث انه

اُولِی قُرْبٰی مِنْ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحَابُ الْجَحِیْمِ

کہ لائق نہ یہ بہرِ خیر الوریٰ — نہ بہر ہمہ مومنان اے فتا
کہ غفران مانگین زپروردگار — طلب مغفرت کی کرین آشکار
برائے ہمہ کافران ای فہیم — ہوا جبکہ ظاہر وہ اہلِ جحیم
اگرچہ اقارب وہ ہون کافران — چو پدر و پسر جو کہ لختِ جنان
سنو اے عزیز و بفکرِ سلیم — کہ دائم رہو بر رہِ مستقیم
کہ اس قول مین نزدِ علمائے دین — بدو امر ہے اختلافِ مبین
یکے امر لاریب شانِ نزول — تو اطوارِ اربعہ ہین وہ ای فحول
کسینے کہا وہ باُمِّ حبیب — تو لابد یہ مردود نزدِ لبیب
علیِّ ولی سے جو اصلِ اصول — ہوا شخصِ داعی کے حق مین نزول
کہ مومن وہ لاریب تھا بیگمان — ولے مانگتا از خدائے جہان
برائے پدر مادرِ مشرکان — کہ مغفور کر اونکو ای مہربان
تو اوسکو کیا منع مشیرِ خدا — کہ اونکے لئے تو نکر یہ دعا
کہ بیشک وہ تھے از ہمہ مشرکین — تو مشرک نہ مغفور ہو بالیقین
تو اوسنے کیا اسطرح التجا — خلیلِ خدا نے کیا کیون دعا
کہ آزر بلاریب از مشرکین — تو کیونکر وہ مغفور ہوئی امین
تو پھر آپنے پیشِ خیر الانام — کیا عرض داعی کا جملہ کلام
تو نازل ہوا تب یہ قولِ قدیم — کہ داعی نہو بہرِ اہلِ جحیم
کہ مشرک جو ابدی ہوا آشکا — تو مغفور ہووے نہ وہ زینہار

خدا نے کیا جبکہ عہد رضا — تو کیونکر نہ اُمت کو بخشے خدا
جو مانگا خدا سے شفیعُ الورا — تو لا بد خدا نے کیا وہ عطا
بہر طور چاہے وہ انکی رضا — رضائے محمدؐ رضائے خدا
تو زنہار لائق نہ یہ اے امین — کہ جرأت کرین بے ادب منکرین
باوہامِ شبہات اِبطال پر — کہ باطل کہین قولِ خیرُ البشر
نہ ہر جا رضا با قضا ہی ضرور — بسے جائے پر یہ رضا پُر فتور
رضا با قضا جو کہ مذکور ہے — حدیثِ خدا مین جو مشہور ہے

مَن لم یرض بقضائی فلیطلب ربًا سوائی

تو حجت کا اِسسے نہووے قیام — امورِ یقین مین کبھی ای فہام
کہ لا بد یہ ہے از حدیثِ احاد — تو حاصل نہو اِسسے قطعی مراد
نہین دیکھتے منکرانِ لئام — پناہ مانگتے رب سے خیرُ الانام
ہمیشہ یقینًا ز سوءِ القضا — تو ہر جا قضا پر نہ لازم رضا
یہ مضمونِ بالا جو مذکور ہی — یہ شرحِ مواہب مین پُر نور ہے
بھی شامل وہ صفوی جو شرحِ شفا — بھی ہے در نسیم ریاضِ صفا
مفصّل یہ نجم المبین مین نگار — یہان مختصر وہ ہوا آشکار
نہ منکر کا باقی یہان قیل و قال — مگر ایک اِسطور جائے سوال
کہ تصدیق سے عمِ شاہِ شہان — ابو طالبِ مشفق و مہربان
ہوئے جبکہ مومن وہ نزدِ خدا — تو کیونکر یہ فرمانِ ربُّ الورا

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوٓا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوٓا

قال فی مفاتیح الغیب والکشف عن قناع الریب والتحبیر والتحریر لاقوال
ائمۃ التفاسیر وغیرھا من زبر المھرۃ النحاریران فی سبب نزول قولہ تعالیٰ
ما کان للنبی والذین امنوا الی ان ابراھیم لاواہ حلیم وجوہ اولھا ما
روی عن سعید بن المسیب عن ابیہ ان ھذہ الایۃ نزلت فی حق ابی طالب
عمّ النبی صلی اللہ علیہ وسلم والثانی ماروی عن سیدنا علی بن ابی طالب
کرم اللہ وجہہ انہ سمع رجلا یستغفر لابویہ المشرکین قال فقلت لہ اتستغفر
لابویک وھما مشرکان فقال الیس قد استغفر ابراھیم علیہ السلام لابیہ
فذکرت ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنزلت ھذہ الایۃ اخرج ابن سعد
عن سیدنا علی رضی اللہ عنہ انہ قال واللہ ما نزلت ایۃ الا وقد علمت
فیما نزلت واین نزلت وعلی من نزلت ان ربی وھب لی قلبا عقولا
ولسانا ناطقا وکفاہ شرفا والثالث ماروی عن عبد اللہ بن مسعود
رضی اللہ عنہ انھا نزلت فی اُمّ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال فی الفوائد
البارزۃ وسبل النجاۃ والاکمال والعیون والتحریران ھذا الحدیث
والحدیث الاخر امی مع امکما مع ضعف الاسناد من الاحاد لا تقوم بھا
حجۃ فی معارضۃ النصوص القاطعۃ والاخبار الصحیحۃ الساطعۃ وھی التی
بلغت مبلغ التواتر وقد تقرر فی علوم الحدیث ان سبب النزول حکمہ
حکم الحدیث المرفوع لا یقبل منہ الا الصحیح المتصل الاسناد لا ضعیف
ولا مقطوع فاین ذلک فان احتج المنکر فی التعذیب والنیران بالضعیف
والمقطوع فھلا نتشبث بالنجاۃ والجنان بالموصول المرفوع وعلی المنکر

ولو فرض اُسکے لئے ہو دعا — شفیع الورا سے بصد التجا

لہذا یہ فرمانِ پروردگار — پس قولِ مذکور ہے آشکار

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَنْ مَوْعِدَةٍ وَعَدَهَا إِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِلَّهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ

اِسیطور بھی قصۂ یک جوان — وہ مذکور و مسطور ہے بیگمان

یہ قولِ چہارم بشانِ نزول — کہ نازل یہ آیت بعمِّ رسول

دگر امر جسمین ہوا اختلاف — طلب مغفرت کی وہ ای فیحصاف

کہا بعض نے جو ہوا وہ فہیم — کہا بعضنے اسطرح اے فہیم

کہ اُسسے صلوٰۃِ جنازہ مراد — برائے منافق جو اہلِ عناد

منافق جو ظاہر مین ہین مومنین — حقیقت مین بیشک وہ ہین کافرین

توجب ہووے ظاہر کہ وہ کافرین — اگرچہ وہ ظاہر مین تھے مومنین

تو اونپر صلوٰۃِ جنازہ ادا — نہ ہرگز کرو تم یہ امرِ خدا

کہ مغفور اُسسے نہ وہ زینہار — کہ لاریب وہ اہلِ دار البوار

جو ہے منع اوّل برائے لئام — صلوٰۃِ جنازہ سے ای نیکنام

وَلَا تُصَلِّ عَلَىٰ أَحَدٍ مِّنْهُم مَّاتَ أَبَدًا

تو لاریب وہ امرِ مخصوص ہی — عموماً یہان امرِ منصوص ہی

کہا جسنے ہر دو برابر درین — منافق وہ مظہر جواز مشرکین

تو یہ قول اوسکا بسے ہی غریب — مخالف یہ آیت کے نزدِ لبیب

مفصّل یہ نجم المبین مین بیان — ولے مختصر ہی وہانسے یہان

کہ قطعی تہ وہ قول پروردگار — یکے چار و دو امر پر آشکار
ولے تین و دو پر ہوا احتمال — نہ اُم نبی کا کرو تم خیال
تو برطبق تسلیم نزد فحول — اگر اوسکا عم نبی پر ہے نزول
کہ جسطور بالا ہوا ہے رقیم — کہ ہوا اسنے قطع نزاع رحیم
تو اسطور سے اُسکا ہی یہ جواب — لبیبونکے نزدیک بے ارتیاب
کہ ہر جائے کا حکم لازم ضرور — کرین ضبط اسکو جو اہل شعور
کہ در لیل معراج خیر الورا — درود خدا اونپہ صبح و مسا
براق جنان پر ہوئے وہ سوار — جو تھا بغل سے دون و فوق حمار
زمکہ باقصیٰ کیا جب نزول — کہ ہون وہ امام رسل ای فحول
تو فی الفور باندھا براق جنان — بحلقہ کہ مخصوص ہی بہر آن

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتيت بالبراق وهو دابة ابيض طويل فوق الحمار ودون البغل فركبته حتى اتيت بيت المقدس فربطته بالحلقة رواه مسلم عن انس بن مالك رضي الله عنه

یہ لاریب ظاہر کہ ای ہوشیار — براق جنان سے نہوزینہار
کہ مامور جاسے کرے وہ فرار — کہ طاعت پہ اہل جنان جان نثار
مطیع خدا و مطیع رسول — ہمہ جنتی اسپہ جملہ فحول
ولے اس لئے ربط خیر الانام — کہ ہر جائے کا حکم لازم مدام
کہ اس دار دنیامین جو ہین دواب — تو یہ داب اُنکی بلا ارتیاب
کہ مربوط اُنکو کرین خاص و عام — کہ ہی لفظ دابہ پہ حکم انام

الخاسر اللئیم ان ینظر الی ما قال اللہ القدیم من بعد ما تبین لہم انہم اصحاب الجحیم والحال انہا رضی اللہ عنہا کانت من اہل الفترۃ منقہ ومعہذا احیاہا اللہ فآمنت ایضا کما فی الزبر المتاً نقہ فکیف تبیّن لذلک المنکر الموذی الرجیم معاذ اللہ انہا من اصحاب الجحیم فہو من الذین یوذون اللہ ورسولہ فعلیہ لعنۃ اللہ والعذاب الالیم انتہی ملخصاً والرابع ما روی عن عبد اللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما ان رجلا اتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقال کان ابی یصل الرحم ویقری الضیف ویمنح من مالہ فاستغفر لہ یا رسول اللہ فقال مات مشرکا قال نعم فقال فی ضحضاح من النار لانہ ما قال یوما اعوذ باللہ من النار فانزل اللہ تصدیقا للرسول ما کان للنبی والذین امنوا الی اخر الآیۃ وقد حملوا قولہ تعالی ما کان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین علی صلوۃ الجنازۃ والدلیل علیہ انہ تعالی منع من الصلوۃ علی المنافقین وہو قولہ ولا تصل علی احد منہم مات ابداً وفی ہذہ الآیۃ عمّ ذلک الحکم ومنع من صلوۃ الجنازۃ علی المنافق الذی تبیّن انہ من المشرکین وانکان فی الظاہر مومناً ومن قال سواء کان منافقاً اوکان مظہراً لذلک الشرک فہذا قول غریب مخالف للآیۃ الکریمۃ

سنو ای عزیز وبسمع قبول		کہ ہو تمسے راضی خدا ؤرسول
کہ لابد ہوا جبکہ یہ اختلاف		تو ظاہر ہوا اسّے یہ صاف صاف

سزاوار ہے وہ بحکمِ جنان | وہ سرِّ نہان وہ نہ امرِ عیان
وہ غفرانِ تصدیق ہی بیگمان | وہ مطلوبِ محبوبِ جانِ جنان
کہ جسمین رضائے شہِ لامکان | کیا عہد اوسکا خدائے جہان
تو اوسکو نہ زنہار کر تو عیان | وہ حفظِ جنان ہو جنانسے بیان
شریعت طریقت حقیقت ہو گر | چہارم جو ہی معرفت اے پسر
یہ دودہ و دہی مسکہ گھی کے مثال | یہی امرِ قرآن بلا قیل و قال
ہوا حکم ان چار کا آشکار | شریعت پہ ہر شہ کا لابد مدار
خلافِ شریعت جو دنیا مین کا | نہ زنہار منظورِ پروردگار
خصوصاً جو اہلِ شریعت مدام | تو اونکا شریعت پہ حیلہ کلام
طریقت حقیقت نہ اونپہ عیان | ظواہر پہ لاریب اونکا بیان
نہ دیکھین وہ مسکہ جو در شیر ہے | نہ اس وید سے اونکو تبصیر ہے
نہ بیندہ کی اونکو توقیر ہے | کہ ظاہر مین بی مسکہ وہ شیر ہے
نہ ظاہر مین ہی اوسپہ مسکہ روان | جو بیندہ بولے وہ امرِ نہان
نہان کے نہ قائل وہ اہلِ عیان | جو اوسپر عیان انپہ لابد نہان
کہ ہی علم اونکا نہایت قصیر | نہ اوس علم زخار سے یہ بصیر
کہ ہی علم انکا ز تعلیم اب | نہ ہے علم انکا ز تعلیم رب
یہ ترکیب حرفی اسی مین وہ صوت | اسیکے لئے سہو ہی اور فوت
بلا حرف وہ علم بے صوت ہے | نہ کچھ سہو اوسمین نہ کچھ فوت ہے
وہ علمِ لدنی نہ اوسکو زوال | جو ہی علمِ امی ابی قیل و قال

اگرچہ وہ از حکمِ پروردگار — نہ ماموُر جا سے کرے کچھ فرار

اِسیطور حکمِ جنان و لسان — وہ جاری بہر دو نہ اسمین گمان

جو تصدیقِ دل ہی براقِ جنان — مطیعِ خدا و نشۂ مُرسلان

تو ماموُر جا سے نہ اُسکو فرار — وہ اَقصٰے سُویدائے دل نامدار

ولے جو زبان شلِ حلقہ ضرور — تو مربوط اُسّے کرین ذیشعور

بجلے جو اقرار ہی اے فہیم — بہ بیتِ مقدّس جو صدرِ سلیم

کہ حکمِ لسان اُسپہ ہو آشکار — کہ ہی اَمرِ شرعی کا اُسپہ مدار

اِسیطور غفرانِ تصدیق جو — نہ زنہار محتاجِ اقرار وو

